ii. عبد الستار ................................................ (    )

iii. عظیم الشان ................................................ (    )

iv. عظیم المرتبت ................................................ (    )

v. مسلم الثبوت ................................................ (    )

vi. قیصر التواریخ ................................................ (    )

### 5.2.3 واو عطف:

عطف کے معنی ہیں جوڑنا۔ واو عطف یعنی وہ "و" جو دو لفظوں کو جوڑنے کا کام کرتا ہے۔ اور اس "و" کے معنی "اور" کے ہوتے ہیں۔ جیسے:

صبح و شام : صبح اور شام

روز و شب : روز اور شب

- واو عطف جن الفاظ کے درمیان لایا جاتا ہے ان دونوں کا واحد یا دونوں کا جمع ہونا ضروری ہے۔ ایک لفظ واحد ہو اور دوسرا جمع تو واو عطف نہیں لائیں گے۔ جیسے "ادب ورسوم" لکھنا درست نہیں ہے۔ "آداب ورسوم" لکھنا صحیح ہے۔
- یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ واو عطف دو عربی الفاظ یا دو فارسی الفاظ یا ایک فارسی اور ایک عربی لفظ کے درمیان ہی لگا سکتے ہیں۔

واو عطف کی مثالیں:

| | | |
|---|---|---|
| آب وہوا | Aab-o-Hawa | آب اور ہوا |
| صبح وشام | Subh-o-Sham | صبح اور شام |
| رنج وغم | Ranj-o-Gham | رنج اور غم |
| غم والم | Gham-o-Alam | غم اور الم |
| امید ویاس | Ummid-o-Yas | امید اور یاس |
| عیش وعشرت | Aish-o-Ishrat | عیش اور عشرت |
| سوز وگداز | Soz-o-Gudaz | سوز اور گداز |
| دل وجان | Dil-o-Jan | دل اور جان |
| مال ودولت | Mal-o-Daulat | مال اور دولت |
| تزک واحتشام | Tuzk-o-Ehtesham | تزک اور احتشام |
| جاہ وحشم | Jah-o-Hasham | جاہ اور حشم |
| ارض وسما | Arz-o-Sama | آسمان اور زمین |
| امید وبیم | Ummid-o-Beem | خوف اور امید |
| فکر وعمل | Fikr-o-Amal | فکر اور عمل |
| امن وامان | Aman-o-Amaan | امن اور امان |
| امیر وغریب | Ameer-o-Ghareeb | امیر اور غریب |
| مشرق ومغرب | Mashriq-o-Maghrib | مشرق اور مغرب |
| علم وفن | Ilm-o-Fun | علم اور فن |
| خاص وعام | Khas-o-Aam | خاص اور عام |
| تر وتازہ | Tar-o-Taza | تر اور تازہ |
| صاف وشفّاف | Saf-o-Shaffaf | صاف اور شفاف |

| | | |
|---|---|---|
| باغ و بہار | Bagh-o-Bahar | باغ اور بہار |
| ظلم و ستم | Zulm-o-Sitam | ظلم اور ستم |
| حلال و حرام | Halal-o-Haram | حلال اور حرام |
| عجیب و غریب | Ajeebo-Ghareeb | عجیب اور غریب |
| نام و نمود | Naamo-Namood | نام اور نمود |
| عرش و فرش | Arsh-o-Farsh | عرش اور فرش |
| تخت و تاج | Takht-o-Taaj | تخت اور تاج |
| ادب و احترام | Adab-o-Ehteram | ادب اور احترام |
| رحم و کرم | Rahm-o-Karam | رحم اور کرم |
| آہ و فغاں | Aaho-Fughan | آہ اور فغاں |
| آب و گِل | Aabo-Gil | پانی اور مٹی |
| آمد و رفت | Aamd-o-Raft | آنا اور جانا |
| خرید و فروخت | Khareed-o-Farokht | خریدنا اور بیچنا |
| کم و بیش | Kam-o-Besh | کم اور زیادہ |
| خط و کتابت | Khat-o-Kitabat | خط اور کتابت |

مشقیں:

مشق 1: واو عطف کی تعریف بیان کرتے ہوئے چند مثالیں پیش کیجیے۔

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

مشق 2: ذیل کے جملوں میں سے واو عطف والے الفاظ کو تلاش کر کے لکھیے۔

i. کشمیر کی آب و ہوا بہت صحت بخش ہوتی ہے۔ (   )

ii. ہر انسان کو صحیح فکر و عمل کی دعوت دینا چاہیے۔ (   )

iii. کاروبار کے لیے خرید و فروخت کرنا ضروری ہے۔ (   )

iv. پہاڑی علاقوں میں آمد و رفت بہت دشوار ہوتی ہے۔ (   )

v. ظالم سے رحم و کرم کی امید کرنا بیکار ہے۔ (   )

vi. ملک ہندوستان میں بہت امن وامان ہے۔ (   )

vii. مال ودولت فنا ہونے والی چیز ہے۔ (   )

viii. جاوید رحم وانصاف کا مستحق ہے۔ (   )

ix. ہر کسی کو حلال و حرام کی سمجھ ہونی چاہیے۔ (   )

### 5.2.4 ۃ:

عربی میں "ت" لکھنے کی دو صورتیں ہیں۔ (1) ت (2) ۃ

عربی میں بعض الفاظ کے آخر میں گول "ۃ" لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ جیسے زکوٰۃ، صلوٰۃ، مشکوٰۃ۔ اردو میں عام طور "ت" پر ختم ہونے والے الفاظ کو "ت" ہی سے لکھتے ہیں لیکن چند الفاظ ایسے ہیں جنہیں "ۃ" سے لکھا جاتا ہے۔ لیکن ایسے الفاظ چند ہی ہیں۔ اردو پڑھتے وقت اگر کوئی لفظ "ۃ" پر ختم ہو رہا ہو تو الجھن میں نہ پڑیں بلکہ اس "ۃ" کو "ت" ہی کی طرح پڑھیں۔ "ۃ" پر ختم ہونے والے الفاظ یہ ہیں۔

| املا | | تلفظ |
|---|---|---|
| زکوٰۃ | Zakaat | زکات |
| صلوٰۃ | Salaat | صلات |
| مشکوٰۃ | Mishkaat | مشکات |

مشق 1: اردو میں کن الفاظ کو "ت" سے لکھا جاتا ہے اور کن الفاظ کو "ۃ" سے

i. نجاۃ .............................

ii. زکات .............................

iii. حیاۃ .............................

iv. بابۃ .............................

v. صلات .............................

## 5.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- اردو میں اضافت کے معنی "کا، کے، کی" کے ہوتے ہیں۔
- جس لفظ سے نسبت دی جائے اسے مضاف اور جس کی طرف نسبت دی جائے اسے مضاف الیہ کہتے ہیں۔

- دو الفاظ کے درمیان کسرہ کی جو علامت لگائی جاتی ہے اسے "اضافتِ زیر" کہتے ہیں۔
- اردو میں زیرِ اضافت کی بہت مثالیں موجود ہیں۔ جیسے "خاکِ مدینہ، آبِ حیات، راہِ حق، ہلالِ عید" وغیرہ
- اردو میں دو لفظوں میں اضافت کے لیے ال لگایا جاتا ہے۔اور اس کے معنی "کا۔کی۔کے" کے ہوتے ہیں۔ جیسے عبد الغفار، عظیم الشان، عظیم المرتبت، شمس العلما، حکیم الامت، وغیرہ۔
- حروف دو قسم کے ہوتے ہیں۔(1) حروف قمری (2) حروف شمسی
- وہ حروف جن سے پہلے "ال" آتا ہے اور پڑھا بھی جاتا ہے۔ ایسے حروف حروف قمری کہلاتے ہیں۔ جیسے قرۃ العین، نور الاسلام وغیرہ۔
- وہ حروف جن سے پہلے "ال" آتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا اسے حروف شمسی کہتے ہیں۔ جیسے عظیم الشان، امام الدین، مسلم الثبوت وغیرہ۔
- عربی میں "ت، ۃ" دونوں استعمال کیے جاتے ہیں۔ لیکن اردو میں صرف چند الفاظ ایسے ہیں۔ جن میں "ۃ" لگائی جاتی ہے۔ جیسے صلوٰۃ، زکوٰۃ، مشکوٰۃ۔ ان سب میں "ۃ" کو "ت" کی طرح پڑھا جاتا ہے۔

## 5.4 مشکل الفاظ

| Meaning (English) | معنی | الفاظ |
|---|---|---|
| Water | پانی | آب |
| Clay / Mud | مٹّی | گِل |
| Lamp | چراغ | مشکوٰۃ |
| Prayer | نماز | صلوٰۃ |
| Writing | لکھنا | کتابت |
| Throne / Heaven | آسمان | عرش |
| Earth / Ground | زمین | فرش |
| Fear | ڈر، خوف | بیم |
| Sun | سورج | شمس |
| Moon | چاند | قمر |
| Dust / Soil | مٹّی | خاک |
| More / Much | زیادہ | بیش |

| Difficult | مشکل | دشوار |
|---|---|---|

## 5.5 نمونۂ امتحانی سوالات

### 5.5.1 معروضی سوالات :

1۔ اردو میں اضافت کے کیا معنی ہیں؟

(a) عدد کے (b) عطف کے (c) مضاف الیہ (d) کا، کے، کی

2۔ اضافت کتنے لفظوں سے مل کے بنتی ہے؟

(a) پانچ (b) دو (c) دس (d) بارہ

3۔ "زاہد کا گھر" میں کون سا قاعدہ پایا جاتا ہے؟

(a) واو عطف (b) حرف شمسی (c) ال (d) اضافت

4۔ دو مرکب لفظوں میں پہلے لفظ کے نیچے جو علامت لگائی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) زبر (b) زیر اضافت (c) پیش (d) جزم

5۔ ذیل کی مثالوں میں کون سا لفظ اضافتِ زیر کا حامل ہے؟

(a) گھر دار (b) عظیم الشان (c) قرۃ العین (d) چراغِ محفل

6۔ نیچے دیے گئے حروف میں سے کون سا حرف قمری ہے؟

(a) ت (b) ب (c) ر (d) ش

7۔ "ملک الشعرا" کس کی مثال ہے؟

(a) حروف عطف (b) حروف قمری (c) حروف شمسی (d) کسی کی نہیں

8۔ حروف قمری کی تعداد کتنی ہے؟

(a) چودہ (b) پندرہ (c) بیس (d) پچیس

9۔ جس اسم یا لفظ کی نسبت کسی چیز کی طرف دی جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) واو عطف (b) اضافت (c) مضاف الیہ (d) مرکب لفظ

10۔ قمر کے کیا معنی ہیں؟

(a) آسمان (b) چاند (c) دریا (d) زمین

### 5.5.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات :

1۔ اضافت کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

2۔ مضاف اور مضاف الیہ کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

3۔ حروف تہجی میں حروف قمری کی نشاندہی کیجیے۔ اور ان کی تعداد بھی لکھیے۔

4۔ گول "ۃ" کا استعمال اردو میں کن الفاظ میں کیا جاتا ہے؟ دو مثالیں دیجیے۔

5۔ چند ایسے جملے لکھیے جن میں زیر اضافت پائی جاتی ہو۔

### 5.5.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ زیر اضافت کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی کم از کم دس مثالیں تحریر کیجیے۔

2۔ ایسے دس الفاظ لکھیے جن میں "ال" کے ذریعے کا، کے، کی، کے معنیٰ پیدا ہوتے ہوں۔

3۔ واو عطف کی تعریف اور خصوصیات مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

5.5.1 کے جوابات:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 5.5.1 کے جوابات: | 1۔d | 2۔b | 3۔d | 4۔b | 5۔a |
| | 6۔b | 7۔c | 8۔a | 9۔c | 10۔b |

# بلاک II

## اکائی6: دو حرفی اور تین حرفی الفاظ (مفرد اور مرکب)

Two and Three-Letter Worde (Separate & Joined)

اکائی کے اجزا


6.0 تمہید

6.1 مقاصد

6.2 دو حرفی اور تین حرفی الفاظ (مفرد اور مرکب)

6.2.1 دو حرفی الفاظ (مفرد) Two -Letter Worde (Separate)

6.2.2 دو حرفی الفاظ (مرکب) Two -Letter Worde (Joined)

6.2.3 تین حرفی الفاظ (مفرد) Three -Letter Worde (Separate)

6.2.4 تین حرفی الفاظ (مرکب) Three -Letter Worde (Joined)

6.3 اکتسابی نتائج

6.4 مشکل الفاظ

6.5 مشقیں

6.6 نمونۂ امتحانی سوالات


---

### 6.0 تمہید

پچھلے بلاک کی اکائیوں میں آپ نے اردو حروف، اعراب اور علامت کے بارے میں پڑھا۔ حروف، کسی زبان کی سب سے چھوٹی اکائی ہوتے ہیں، جو مل کر ایک "لفظ" بناتے ہیں۔ لفظ کی جمع "الفاظ" ہے۔ جب دو یا دو سے زیادہ حروف آپس میں ملتے ہیں تو ایک لفظ بنتا ہے۔ اس اکائی میں ہم دو حرفی اور تین حرفی الفاظ کے بارے میں پڑھیں گے، جس میں مفرد (Separate) اور مرکب (Joined) دونوں طرح کے الفاظ شامل ہوں گے۔

In this unit we will find two and three-letter words. We will also find the pronunciation and the meaning of the words.

## 6.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دو حرفی (مفرد اور مرکب) الفاظ سے واقف ہو سکیں۔
- تین حرفی (مفرد اور مرکب) الفاظ کو سمجھ سکیں۔
- دو اور تین حرفی الفاظ کے تلفظ کی صحیح ادائیگی کر سکیں۔

## 6.2 دو حرفی اور تین حرفی الفاظ (مفرد اور مرکب)

### 6.2.1 دو حرفی الفاظ (مفرد):

ایسے الفاظ جو صرف دو حروف پر مشتمل ہوں اور یہ حروف آپس میں جڑے نہ ہوں، بلکہ الگ الگ لکھے ہوں، انہیں دو حرفی مفرد الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے:

| | | |
|---|---|---|
| آم | Aam | (Mango) |
| آج | Aaj | (Today) |
| آگ | Aag | (Fire) |
| آپ | Aap | (You) |
| آہ | Aah | (Alas) |
| آن | Aan | (Pride) |
| آب | Aab | (Water) |
| اَب | Ab | (Now) |
| اَز | Az | (From) |
| زَن | Zan | (Women) |
| رَس | Ras | (Juice) |
| رَد | Rad | (Rejection) |
| رَب | Rab | (God) |
| ڈَر | Dar | (Fear) |
| دَر | Dar | (Door) |

| | | |
|---|---|---|
| دَس | Das | (Ten) |
| دَم | Dam | (Strength) |
| دَف | Daf | (Tambourine) |
| دِن | Din | (Day) |
| اِس | Is | (This) |
| رُخ | Rukh | (Face) |
| دِل | Dil | (Heart) |
| دے | Dey | (Give) |
| اُس | Us | (That) |
| اُف | Uf | (Oops) |
| اُڑ | Ud | (Fly) |
| رُک | Ruk | (Stop) |
| رُت | Rut | (Season) |
| وُہ | Woh | (He, That) |
| دُو | Do | (Two) |
| دُم | Dum | (Tail) |

### 6.2.2 دو حرفی الفاظ (مرکب):

مرکب الفاظ وہ ہوتے ہیں جو دو یا دو سے زیادہ الفاظ کو جوڑ کر بنائے جاتے ہیں۔ ایسے الفاظ جو صرف دو حروف پر مشتمل ہوں اور آپس میں جڑے ہوئے ہوں، انہیں دو حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے:

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَ | + | ن | = | فَن | Fun | (Art) |
| پَ | + | ر | = | پَر | Par | (Wing) |
| خَ | + | ط | = | خَط | Khat | (Letter) |
| سَ | + | ر | = | سَر | Sar | (Head) |
| قَ | + | د | = | قَد | Qad | (Height) |
| کَ | + | ب | = | کَب | Kab | (When) |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (Yesterday or Tomorrow) | Kal | کَل | = | ل | + | کَ |
| (Less) | Kam | کَم | = | م | + | کَ |
| (Sorrow) | Gham | غَم | = | م | + | غَ |
| (Lip) | Lab | لَب | = | ب | + | لَ |
| (Addiction) | Lat | لَت | = | ت | + | لَ |
| (Tap) | Nal | نَل | = | ل | + | نَ |
| (Nine) | Nau | نَو | = | و | + | نَ |
| (Flame) | Lau | لَو | = | و | + | لَ |
| (Barley) | Jau | جَو | = | و | + | جَ |
| (Take) | Lo | لو | = | و | + | ل |
| (Do not) | Mat | مَت | = | ت | + | مَ |
| (Heart) | Man | مَن | = | ن | + | مَ |
| (All) | Sab | سَب | = | ب | + | سَ |
| (Night) | Shab | شَب | = | ب | + | شَ |
| (Doubt) | Shak | شک | = | ک | + | شَ |
| (Truth) | Sach | سَچ | = | چ | + | سَ |
| (Root) | Jar | جَڑ | = | ڑ | + | جَ |
| (Enough) | Bas | بَس | = | س | + | بَ |
| (Moment) | Pal | پَل | = | ل | + | پَ |
| (Then) | Jab | جَب | = | ب | + | جَ |
| (Solution) | Hal | حَل | = | ل | + | حَ |
| (Limit) | Had | حَد | = | د | + | حَ |
| (Reality/Truth/Right) | Haq | حَق | = | ق | + | حَ |
| (Bad) | Bad | بَد | = | د | + | بَ |
| (Then) | Tab | تَب | = | ب | + | تَ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (Coast) | Tat | تَٹ | = | ٹ | + | تَ |
| (Move) | Chal | چَل | = | ل | + | چَ |
| (Hundred) | Sau | سَو | = | و | + | سَ |
| (Wet) | Tar | تَر | = | ر | + | تَ |
| (World) | Jug | جَگ | = | گ | + | جَ |
| (Hajj Pilgrimage) | Haj | حَج | = | ج | + | حَ |
| (Is) | Hai | ہَے | = | ے | + | ہَ |
| (Lock of Hair) | Lat | لَٹ | = | ٹ | + | لَ |
| (This) | Yeh | یِہ | = | ہ | + | یِ |
| (Hole) | Bil | بِل | = | ل | + | بِ |
| (Mole) | Til | تِل | = | ل | + | تِ |
| (Which) | Jis | جِس | = | س | + | جِ |
| (Age) | Sin | سِن | = | ن | + | سِ |
| (You) | Tum | تُم | = | م | + | تُ |
| (Smell) | Boo | بُو | = | و | + | بُ |
| (Idol) | But | بُت | = | ت | + | بُ |
| (Part) | Juz | جُز | = | ز | + | جُ |
| (Pitch) | Sur | سُر | = | ر | + | سُ |
| (Listen) | Sun | سُن | = | ن | + | سُ |
| (Noise) | Ghul | غُل | = | ل | + | غُ |
| (Was) | Tha | تھا | = | ا | + | تھَ |
| (Was) | Thi | تھی | = | ی | + | تھِ |
| (Was) | They | تھے | = | ے | + | تھِ |
| (Welth) | Dhan | دَھن | = | ھن | + | دَ |
| (Roof) | Chhat | چھَت | = | ت | + | چھَ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (House) | Ghar | گھر | = | ر | + | گھَ |
| (Fruit) | Phal | پھَل | = | ل | + | پھَ |
| (Again) | Phir | پھِر | = | ر | + | پھِ |
| (Happiness) | Sukh | سُکھ | = | کھ | + | سُ |
| (Suffering) | Dukh | دُکھ | = | کھ | + | دُ |
| (Tune) | Dhun | دُھن | = | ھن | + | دُ |
| (Some) | Kuchh | کُچھ | = | چھ | + | کُ |
| (Manner) | Dhab | ڈَھب | = | ب | + | ڈَھ |

### 6.2.3 تین حرفی الفاظ (مفرد):

ایسے الفاظ جو صرف تین حروف پر مشتمل ہوں اور آپس میں جڑے نہ ہوں، انہیں تین حرفی مفرد یعنی غیر مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر ذیل کے الفاظ دیکھیں:

| | | |
|---|---|---|
| (Shri Raam) | Raam | رام |
| (Melody) | Raag | راگ |
| (Rule) | Raaj | راج |
| (Price) | Daam | دام |
| (Lentils) | Daal | دال |
| (Praise ) | Daad | داد |
| (Waste) | Raddi | ردی |
| (Slave) | Daas | داس |
| (Stain) | Daagh | داغ |
| (Donation) | Daan | دان |
| (Way) | Raah | راہ |
| (Secret) | Raaz | راز |
| (Night) | Raat | رات |
| (Saliva) | Raal | رال |

| | | |
|---|---|---|
| (Thigh) | Raan | ران |
| (Post) | Daak | ڈاک |
| (Branch) | Daal | ڈال |
| (Attack) | Waar | وار |
| (Respect) | Aadar | آدر |
| (First) | Awwal | اول |
| (And/More) | Aur | اور |
| (Pain) | Dard | درد |
| (Weight) | Wazn | وزن |
| (Swelling) | Waram | ورم |
| (Yellow) | Zard | زرد |
| (Medicine) | Dawa | دوا |
| (Semolina) | Rava | رَوا |
| (Lesson) | Dars | درس |
| (Literature / Respect) | Adab | اَدَب |

### 6.2.4 تین حرفی الفاظ (مرکب):

ایسے الفاظ جو صرف تین حروف پر مشتمل ہوتے اور کبھی دو اور کبھی تینوں حروف آپس میں جڑے ہوئے ہوتے ہیں، انہیں تین حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر ذیل میں دیے گئے الفاظ ملاحظہ ہوں:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (One) | Aik | ایک | = | ک | + | ی | + | ا |
| (Three) | Teen | تین | = | ن | + | ی | + | ت |
| (Four) | Chaar | چار | = | ر | + | ا | + | چ |
| (Seven) | Saat | سات | = | ت | + | ا | + | س |
| (Last) | Aakhir | آخر | = | ر | + | خ | + | آ |
| (Rope) | Rassi | رسّی | = | ی | + | س | + | ر |
| (Curd) | Dahi | دہی | = | ی | + | ہ | + | د |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (Colour) | Rang | رنگ | = | گ | + | ن | + | ر |
| (Sand) | Rēt | ریت | = | ت | + | ی | + | ر |
| (Tradition) | Reet | ریت | = | ت | + | ی | + | ر |
| (Wound) | Zakhm | زخم | = | م | + | خ | + | ز |
| (Hot) | Garm | گرم | = | م | + | ر | + | گ |
| (Soft) | Narm | نرم | = | م | + | ر | + | ن |
| (Shame) | Sharm | شرم | = | م | + | ر | + | ش |
| (Member) | (Rukn) | رکن | = | ن | + | ک | + | ر |
| (Man) | Mard | مرد | = | د | + | ر | + | م |
| (God) | Khuda | خدا | = | ا | + | د | + | خ |
| (Fairy) | Pari | پری | = | ی | + | ر | + | پ |
| (Thief) | Chor | چور | = | ر | + | و | + | چ |
| (Army) | Fauj | فوج | = | ج | + | و | + | ف |
| (Eyelash) | Palak | پلک | = | ک | + | ل | + | پ |
| (Green) | Sabz | سبز | = | ز | + | ب | + | س |
| (Apple) | Sēb | سیب | = | ب | + | ی | + | س |
| (Morning) | Subh | صبح | = | ح | + | ب | + | ص |
| (Couplet/verse) | Sher | شعر | = | ر | + | ع | + | ش |
| (Tiger) | Sher | شیر | = | ر | + | ی | + | ش |
| (Arrow) | Teer | تیر | = | ر | + | ی | + | ت |
| (Pen) | Qalam | قلم | = | م | + | ل | + | ق |
| (Swear) | Qasam | قَسم | = | + | م | س | + | ق |
| (Mercy) | Rahm | رَحم | = | م | + | ح | + | رَ |
| (Country) | Mulk | ملک | = | ک | + | ل | + | مُ |
| (City) | Shahr | شہر | = | ر | + | ہ | + | ش |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (Profit) | Nafa | نفع | = | ع | + | ف | + | ن |
| (Cloud) | Abr | اَبر | = | ر | + | ب | + | اَ |
| (If) | Agar | اَگر | = | ر | + | گَ | + | اَ |
| (Separate) | Alag | اَلگ | = | گ | + | لَ | + | اَ |
| (Original) | Asl | اَصل | = | ل | + | ص | + | اَ |
| (Peace) | Amn | اَمن | = | ن | + | م | + | اَ |
| (Important) | Aham | اَہم | = | م | + | ہ | + | اَ |
| (Impact) | Asar | اَثَر | = | ر | + | ثَ | + | اَ |
| (Father) | Baap | باپ | = | پ | + | ا | + | ب |
| (Saying/Matter) | Baat | بات | = | ت | + | ا | + | ب |
| (Eagle) | Baaz | باز | = | ز | + | ا | + | ب |
| (Garden) | Baagh | باغ | = | غ | + | ا | + | ب |
| (Hair) | Baal | بال | = | ل | + | ا | + | ب |
| (Sin) | Paap | پاپ | = | پ | + | ا | + | پ |
| (The bed of River) | Paat | پاٹ | = | ٹ | + | ا | + | پ |
| (Cross) | Paar | پار | = | ر | + | ا | + | پ |
| (Near) | Paas | پاس | = | س | + | ا | + | پ |
| (Pure) | Paak | پاک | = | ک | + | ا | + | پ |
| (Betel Leave) | Paan | پان | = | ن | + | ا | + | پ |
| (Crown) | Taaj | تاج | = | ج | + | ا | + | ت |
| (Wire) | Taar | تار | = | ر | + | ا | + | ت |
| (Toad Tree) | Taad | تاڑ | = | ڑ | + | ا | + | ت |
| (Playing Cards) | Taash | تاش | = | ش | + | ا | + | ت |
| (Rhythm) | Taal | تال | = | ل | + | ا | + | ت |
| (Tune) | Taan | تان | = | ن | + | ا | + | ت |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (Jute) | Taat | ٹاٹ | = | ٹ | + | ا | + | ٹ |
| (Measurement) | Naap | ناپ | = | پ | + | ا | + | ن |
| (Dance) | Naach | ناچ | = | چ | + | ا | + | ن |
| (Navel) | Naaf | ناف | = | ف | + | ا | + | ن |
| (Name) | Naam | نام | = | م | + | ا | + | ن |
| (Bread) | Naan | نان | = | ن | + | ا | + | ن |
| (Market) | Haat | ہاٹ | = | ٹ | + | ا | + | ہ |
| (Garland) | Haar | ہار | = | ر | + | ا | + | ہ |
| (Rememberance) | Yaad | یاد | = | د | + | ا | + | ی |
| (Friend) | Yaar | یار | = | ر | + | ا | + | ی |
| (Net) | Jaal | جال | = | ل | + | ا | + | ج |
| (Life) | Jaan | جان | = | ن | + | ا | + | جا |
| (Potter's Wheel) | Chaak | چاک | = | ک | + | ا | + | چ |
| (Move) | Chaal | چال | = | ل | + | ا | + | چ |
| (Wish) | Chaah | چاہ | = | ہ | + | ا | + | چ |
| (Situation) | Haal | حال | = | ل | + | ا | + | ح |
| (Special) | Khaas | خاص | = | ص | + | ا | + | خ |
| (Dust) | Khaak | خاک | = | ک | + | ا | + | خ |
| (Raw) | Khaam | خام | = | م | + | ا | + | خ |
| (Musical Instrument) | Saaz | ساز | = | ز | + | ا | + | س |
| (Mother in law) | Saas | ساس | = | س | + | ا | + | س |
| (Green Leaf) | Saag | ساگ | = | گ | + | ا | + | س |
| (Red) | Laal | لال | = | ل | + | ا | + | ل |
| (Year) | Saal | سال | = | ل | + | ا | + | س |
| (Shawl) | Shaal | شال | = | ل | + | ا | + | ش |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (Evening) | Shaam | شام | = | م | + | ا | + | ش |
| (Glory) | Shaan | شان | = | ن | + | ا | + | ش |
| (King) | Shaah | شاہ | = | ہ | + | ا | + | ش |
| (Clean) | Saaf | صاف | = | ف | + | ا | + | ص |
| (Niche) | Taaq | طاق | = | ق | + | ا | + | ط |
| (Shawe) | Aar | عار | = | ر | + | ا | + | ع |
| (Common) | Aam | عام | = | م | + | ا | + | ع |
| (Cave) | Ghaar | غار | = | ر | + | ا | + | غ |
| (Plate) | Qaab | قاب | = | ب | + | ا | + | ق |
| (Slice) | Qaash | قاش | = | ش | + | ا | + | ق |
| (Cut) | Kaat | کاٹ | = | ٹ | + | ا | + | ک |
| (Would that) | Kaash | کاش | = | ش | + | ا | + | ک |
| (Work) | Kaam | کام | = | م | + | ا | + | ک |
| (Ear) | Kaan | کان | = | ن | + | ا | + | ک |
| (Cheek) | Gaal | گال | = | ل | + | ا | + | گ |
| (Pillar) | Laat | لاٹ | = | ٹ | + | ا | + | ل |
| (Shame) | Laaj | لاج | = | ج | + | ا | + | ل |
| (Dead Body) | Laash | لاش | = | ش | + | ا | + | ل |
| (Defeat) | Maat | مات | = | ت | + | ا | + | م |
| (Kill) | Maar | مار | = | ر | + | ا | + | م |
| (Money) | Maal | مال | = | ل | + | ا | + | م |
| (Agree) | Maan | مان | = | ن | + | ا | + | م |
| (Mother) | Maan | ماں | = | ں | + | ا | + | م |
| (Month) | Maah | ماہ | = | ہ | + | ا | + | م |
| (Egypt) | Misr | مِصر | = | ر | + | ص | + | م |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ی | + | م | + | ن | = | یَمَن | Yaman | (Yemen) |
| غ | + | ل | + | ط | = | غَلَط | Ghalat | (Wrong) |
| ت | + | ح | + | ت | = | تحت | Tahat | (Under) |
| ت | + | خ | + | ت | = | تَخت | Taklht | (Throne) |
| ف | + | ق | + | ط | = | فقط | Faqat | (Only) |
| ق | + | ح | + | ط | = | قَحط | Qahat | (Drought) |

## 6.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- حرف، کسی زبان کی سب سے چھوٹی اکائی ہوتی ہے، جو مل کر ایک "لفظ" بناتے ہیں اور لفظ کی جمع "الفاظ" ہے۔ جب دو یا دو سے زیادہ حروف آپس میں ملتے ہیں ایک لفظ بنتا ہے۔
- لفظ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک مفرد (Separate) اور دوسرا مرکب (Joined) ۔
- ایسے الفاظ جو صرف دو حروف پر مشتمل ہوں اور آپس میں جڑے نہ ہوں، انہیں دو حرفی مفرد الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے آم، اب، رس، ڈر، دس، دن، دل، دم، رُت وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو صرف دو حروف پر مشتمل ہوں اور آپس میں جڑے ہوئے ہوں، انہیں دو حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے: فن، پر، خط، لت، نل، لو، غم، قد، کب، مت، جگ، جج، بت وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو صرف تین حروف پر مشتمل ہوں اور آپس میں جڑے نہ ہوں، انہیں تین حرفی مفرد یعنی غیر مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے رام، راگ، وزن، درس، ادب، رات، داغ، دان، راہ، اور، اول، وار وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو صرف تین حروف پر مشتمل ہوتے اور کبھی دو اور کبھی تینوں حروف آپس میں جڑے ہوئے ہوتے ہیں، انہیں تین حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے ایک، تین، چار، سات، آخر، دہی، رنگ، ریت، زخم، گرم، نرم، پلک، خاک، حال، جان، تال، تاش، نان، ناف وغیرہ۔

## 6.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | : | معنی | : | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| مفرد | : | الگ الگ | : | Separate |
| مرکب | : | جڑا ہوا | : | Joined |
| زَن | : | عورت | : | Women |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| راگ | : | آواز، گانے کی قسم | : | Melody |
| دام | : | قیمت | : | Price |
| رکن | : | ممبر | : | Member |
| نان | : | روٹی | : | Bread |
| شاہ | : | بادشاہ | : | King |
| راہ | : | راستہ | : | Way |

## 6.5 مشقیں

مشق 1: دو حروف پر مشتمل پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔

i. ...............

ii. ...............

iii. ...............

iv. ...............

v. ...............

مشق 2: تین حروف پر مشتمل پانچ مفرد الفاظ لکھیے۔

i. ...............

ii. ...............

iii. ...............

iv. ...............

v. ...............

مشق 3: ذیل کے الفاظ کے حروف کو الگ الگ لکھیے۔ جیسے: کام = ک + ا + م

i. تین ....................................

ii. آم ....................................

iii. حال ....................................

iv. نام ....................................

.v یمن ....................................

مشق4: ذیل کے الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

.i زَن ................

.ii مال ................

.iii لاش ................

.iv قاب ................

.v نان ................

مشق5: Write the following words in Urdu.

.i Maah ................

.ii Shaah ................

.iii Alag ................

.iv Aham ................

.v Shair ................

## 6.6 نمونۂ امتحانی سوالات

### 6.6.1 معروضی سوالات:

1۔ الگ الگ حروف والے لفظ کو کیا کہتے ہیں؟

(a)مرکب (b)مفرد (c)دونوں (d)ان میں سے کوئی نہیں

2۔ آپس میں ملے ہوئے حروف والے لفظ کو کیا کہتے ہیں؟

(a)مرکب (b)مفرد (c)دونوں (d)ان میں سے کوئی نہیں

3۔ separate کی اردو کیا ہے؟

(a)مرکب (b)مفرد (c)پاس (d)دور

4۔ joined کا مطلب کیا ہے؟

(a)مفرد (b)الگ (c)مرکب (d)ان میں سے کوئی نہیں

5۔ Shaahکی صحیح اردو کیا ہے؟

(a)شاہ (b)ساہ (c)شاح (d)ساح

### 6.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ مفرد اور مرکب الفاظ کے فرق کو بتائیے۔

2۔ دو حروف والے پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔

3۔ دو حروف والے پانچ مفرد الفاظ لکھیے۔

4۔ تین دو حروف والے پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔

5۔ تین دو حروف والے پانچ مفرد الفاظ لکھیے۔

### 6.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1. Write down in Urdu ten two-letter words in which all the letters are separate.
2. Write down in Urdu ten two-letter words in which all the letters are joined.
3. Write the following words in Urdu.

Qaash Ghaar Saaf Taaq Qaab Aam Shaah Shaal Shaam Shaan

6.6.1کے جوابات: b۔1 a۔2 b۔3 c۔4 a۔5

# اکائی 7: چار اور پانچ حرفی الفاظ

Four and Five-Letter Words

اکائی کے اجزا


7.0 تمہید
7.1 مقاصد
7.2 چار اور پانچ حرفی الفاظ (Four and Five-Letter Words)
7.2.1 چار حرفی الفاظ (مفرد)
7.2.2 چار حرفی الفاظ (مرکب)
7.2.3 پانچ حرفی الفاظ (مفرد)
7.2.4 پانچ حرفی الفاظ (مرکب)
7.3 اکتسابی نتائج
7.4 مشکل الفاظ
7.5 مشقیں
7.6 نمونۂ امتحانی سوالات


## 7.0 تمہید

پچھلی اکائی میں آپ نے دو حرفی اور تین حرفی الفاظ کا مطالعہ کیا۔ اس اکائی میں ہم چار حرفی اور پانچ حرفی الفاظ کا مطالعہ کریں گے۔ الفاظ کے تلفظ کے ساتھ اس کے معنی بھی دیے جائیں گے۔

In this unit we will find four and five-letter words. We will also find the pronunciation and the meaning of the words.

## 7.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- چار حرفی (مفرد اور مرکب) الفاظ سے واقف ہو سکیں۔
- پانچ حرفی (مرکب) الفاظ کو سمجھ سکیں۔

▪ چار اور پانچ حرفی الفاظ کے تلفظ کی صحیح ادائیگی کر سکیں۔

## 7.2 چار اور پانچ حرفی الفاظ (Four and Five-Letter Words)

### 7.2.1 چار حرفی الفاظ (مفرد) (Separate) Four-letter words:

| | | |
|---|---|---|
| دادا | Dada | (Grandfather Paternal) |
| دادی | Dadi | (Grandmother Paternal) |
| دوات | Dawaat | (Ink Pot) |
| دودھ | Doodh | (Milk) |
| وادی | Wadi | (Valley) |
| دوزَخ | Dozakh | (Hell) |
| دَرزی | Darzi | (Tailor) |
| دَراز | Daraaz | (Tall/Lengthy/Drawer) |
| دَراڑ | Daraar | (Crack) |
| دوری | Doori | (Distance) |
| وَرزِش | Warzish | (Exercise) |
| راوی | Raavi | (Narrator) |
| رازِق | Raaziq | (God) |
| اَذان | Azaan | (Call for Namaaz) |
| اودا | Uda | (Blue) |
| روزہ | Roza | (Fasting) |
| زم زم | Zamzam | (Holi water of Mecca) |
| دَرود | Darood | (Pray for prophet Muhammad) |
| داؤد | Daawood | (Prophet David) |
| رواں | Rawaan | (Current) |
| رِواج | Riwaaj | (Custom) |

| | | |
|---|---|---|
| اَدرَک | Adrak | (Ginger) |
| اَروی | Arvi | (A kind of Tuberous Root) |
| اُداس | Udaas | (Sad) |
| اُردُن | Urdun | (Jordan) |
| دورہ | Dauraa | (Visit) |
| ڈوری | Dori | (String) |
| زَردہ | Zardaa | (Yellow sweet dish) |
| زَردی | Zardee | (Yolk) |
| وَردی | Wardee | (Uniform) |
| وارِث | Waaris | (Heir) |
| اُڑان | Udaan | (Act of Flying) |
| اُردو | Urdu | (Urdu) |

7.2.2 چار حرفی الفاظ (مرکب) Joined: Four-letter words:

| | | |
|---|---|---|
| زبان | Zabaan | (Tongue/Language) |
| اصول | Usool | (Principle) |
| سارس | Saras | (Crane) |
| شربت | Sharbat | (Syrup) |
| دوست | Dost | (Friend) |
| اِدھر | Idhar | (This side/Here) |
| اُدھر | Udhar | (That side/There) |
| والد | Waalid | (Father) |
| روٹی | Roti | (Bread) |
| آدمی | Aadmi | (Man) |
| اُمید | Ummid | (Hope) |
| دفتر | Daftar | (Office) |

| | | |
|---|---|---|
| (Intelligent) | Zaheen | ذہین |
| (Cloud) | Baadal | بادل |
| (Cold) | Sardi | سردی |
| (Bad) | Kharab | خراب |
| (Neck) | Gardan | گردن |
| (Uncle) | Khalu | خالو |
| (Husband) | Shauhar | شوہر |
| (Lock) | Taala | تالا |
| (Boy) | Ladka | لڑکا |
| (Girl) | Ladki | لڑکی |
| (Grandfather Maternal) | Nana | نانا |
| (Grandmother Maternal) | Nani | نانی |
| (Water) | Pani | پانی |
| (Moon) | Chaand | چاند |
| (Servant) | Naukar | نوکر |
| (Monkey) | Bandar | بندر |
| (Goldsmith) | Sunaar | سنار |
| (Garment) | Libaas | لباس |
| (Price) | Qeemat | قیمت |
| (Kite) | Patang | پتنگ |
| (Butterfly) | Titli | تتلی |
| (Peasant) | Kisaan | کسان |
| (Settlement) | Basti | بستی |
| (Hate) | Nafrat | نفرت |
| (Baled) | Ganja | گنجا |

| | | |
|---|---|---|
| (Belief) | Yaqeen | یقین |
| (Stars) | Taare | تارے |
| (Tea) | Chai | چائے |
| (Cow) | Gaai | گائے |
| (Fever) | Bukhaar | بخار |
| (End) | Anjaam | انجام |
| (Dew) | Shabnam | شبنم |
| (Cheap) | Sasta | سستا |
| (Shirt) | Qamees | قمیص |
| (Practice) | Riyaaz | ریاض |
| (Rising of Sun/Starsect) | Tulu | طلوع |
| (Relation) | Talluq | تعلق |
| (Messenger) | Qaasid | قاصد |
| (Aim) | Maqsad | مقصد |
| (Difficult) | Mushkil | مشکل |
| (Mother's love) | Mamta | ممتا |
| (Centre) | Markaz | مرکز |
| (Sometime) | Kabhi | کبھی |
| (Curiosity) | Tajassus | تجسس |
| (Five) | Paanch | پانچ |
| (Twelve) | Baarah | بارہ |
| (Thirteen) | Teraah | تیرہ |
| (Fourteen) | Chaudah | چودہ |
| (Sixteen) | Solah | سولہ |
| (Seventeen) | Satrah | سترہ |

| | | |
|---|---|---|
| (Nineteen) | Unnees | انیس |
| (Fifty) | Pachaas | پچاس |
| (Thousand) | Hazaar | ہزار |
| (Lac) | Laakh | لاکھ |
| (Hundred Lacs) | Karod | کروڑ |

7.2.3 پانچ حرفی الفاظ (مفرد) ( Separate) Five -letter words:

| | | |
|---|---|---|
| Freedom | Azaadi | آزادی |
| Vagabond | Aawarah | آوارہ |
| Perception | Idraak | اِدراک |
| Intention | Iradah | ارادہ |
| Tool | Awzaar | اوزار |
| Institution | Idarah | ادارہ |
| Indication | Izaarah | اِزارہ |
| Pain of heart | Dard-e-Dill | دردِدل |
| Duration | Dauraan | دوران |
| Editorship | Idaarat | ادارت |
| Others | Auron | اوروں |
| Powers | Zoron | زوروں |
| Report | Rudaad | روداد |
| Length | Draazi | درازی |

7.2.4 پانچ حرفی الفاظ (مرکب) Five -letter words : Joined

| | | |
|---|---|---|
| (Importance) | Ahmiyat | اہمیت |
| (Continuous) | Musalsal | مسلسل |
| (Strong) | Mazboot | مضبوط |
| (Advice) | Mashwera | مشورہ |

| | | |
|---|---|---|
| (Problem) | Musibat | مصیبت |
| (Generosity) | Sakhawat | سخاوت |
| (Popular) | Mqbool | مقبول |
| (Coincidence) | Ittefaaqat | اتفاق |
| (Pigeon) | Kabootar | کبوتر |
| (Rubbish) | Bakwaas | بکواس |
| (Letter) | Maktoob | مکتوب |
| (Patient) | Bimaar | بیمار |
| (Mirror) | Aaina | آئینہ |
| (Problem) | Masalaa | مسئلہ |
| (Praise) | Sataaish | ستائش |
| (Law) | Qaanoon | قانون |
| (Fifteen) | Pandrah | پندرہ |
| (Field) | Maidaan | میدان |
| (Hole) | Suraakh | سوراخ |
| (Lantern) | Qandeel | قندیل |
| (Coconut) | Naariyal | ناریل |
| (Sky) | Aasmaan | آسمان |
| (Silent) | Khaamosh | خاموش |
| (Symbol) | Alaamat | علامت |
| (Human) | Insaan | انسان |
| (Guest) | Mehmaan | مہمان |
| (Dishes) | Pakwaan | پکوان |
| (Loss) | Nuqsaan | نقصان |
| (Method) | Tariqaa | طریقہ |

| | | |
|---|---|---|
| سلیقہ | Saleeqaa | (Decency) |
| اشارہ | Ishara | (Signal/Gesture) |
| کنارا | Kinaraa | (Edge) |
| کیاری | Kiyaari | (Series of plants) |
| چاندی | Chaandi | (Silver) |
| پیارا | Pyara | (Beloved) |
| ترکیب | Tarkeeb | (Wayout/Tactic) |
| شاباش | Shaabaash | (Well done) |
| زیارت | Ziyarat | (Pilgrimage) |
| مزدور | Mazdoor | (Labour) |
| انعام | Inaam | (Reward) |
| بادام | Baadaam | (Almond) |
| دیگچی | Degchi | (Small Cooking Pot) |
| فانوس | Faanoos | (Chandelier) |
| بندوق | Bandooq | (Gun) |
| صندوق | Sandooq | (Box) |
| آفتاب | Aftaab | (Sun) |
| مہتاب | Mahtaab | (Moon) |
| عبادت | Ibaadat | (Prayer) |
| نصیحت | Nasihat | (Advice) |
| زنجیر | Zanjeer | (Chain) |

## 7.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- اس اکائی میں آپ نے چار حرفی اور پانچ حرفی مفرد اور مرکب الفاظ کا مطالعہ کیا۔

- ایسے الفاظ جو چار الفاظ پر مشتمل ہوں اور الگ الگ ہوں انہیں چار حرفی مفرد الفاظ کہتے ہیں جیسے: دادا، دادی،اذان ،روزہ، اداس،درزی، دوات،زم زم،رواج وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو چار حروف پر مشتمل ہوں، لیکن ان میں کچھ حروف آپس میں جڑے ہوئے ہوں، انہیں چار حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے: زبان، اصول، نماز، لکیر، ضمیر، سمیر، حیات، زندگی، شریف، تمیز وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو پانچ حروف پر مشتمل ہوں اور جو آپس میں جڑے نہ ہوں، انہیں پانچ حرفی مفردالفاظ کہتے ہیں۔ جیسے: ادارہ، ادراک، اوزار، آزادی، آوارہ، دردِدل، دوران وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جو پانچ حروف پر مشتمل ہوں اور جن میں دو یادو سے زاید حروف آپس میں جڑے ہوئے ہوں، انہیں پانچ حرفی مرکب الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے:مشورہ، مصیبت سخاوت، رکاوٹ، بناوٹ،فانوس، بندوق،صندوق،زیارت، شاباش،نصیحت، عبادت، مہتاب، آفتاب وغیرہ۔

## 7.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | : | معنی | : | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| اِدراک | : | شعور، سمجھ | : | Perception, Understanding |
| اوزار | : | ہتھیار، آلہ،Tool | : | Tools |
| قندیل | : | ایک قسم کا لیمپ | : | Lantern, Lamp |
| فانوس | : | بلور یا شیشے کا بنا ہوا روشندان | : | Chandelier |
| طلوع | : | سورج یا ستاروں کا نکلنا | : | Rise |
| شبنم | : | اُوس | : | Dew |

## 7.5 مشقیں

مشق 1: What is the pronunciation of the following words.

i. پندرہ .................................
ii. مقبول .................................
iii. بندوق .................................
iv. فانوس .................................
v. زیارت .................................

مشق2: Write the following words in Urdu.

i. Shabaash .................................
ii. Tarkeeb .................................
iii. Pyaraa .................................
iv. Dulaaraa .................................
v. Chandi .................................
vi. Kinaaraa .................................

مشق3: Write down the words joining the following letters.

i. اَ+ہ+م+ی+ت .................................
ii. م+س+ل+س+ل .................................
iii. د+ا+م+ا+د .................................
iv. م+ش+ہ+و+ر .................................
v. م+ض+ب+و+ط .................................
vi. م+ص+ی+ب+ت .................................
vii. س+خ+ا+و+ت .................................
viii. م+ق+ب+و+ل .................................

## 7.6 نمونۂ امتحانی سوالات

### 7.6.1 معروضی سوالات:

1۔ ذیل کا کون سا لفظ چار حروف پر مشتمل ہے؟

(a) انجان (b) نماز (c) ایمان (d) رات

2۔ ذیل کا کون سا حروف پانچ حروف پر مشتمل نہیں ہے؟

(a) قادر (b) شاباش (c) اتحاد (d) امکان

3۔ ذیل میں سے کون چار حروف پر مشتمل مفرد الفاظ ہے؟

(a) نماز (b) اذان (c) زکاۃ (d) صلاۃ

4۔ ذیل کا کون سا لفظ پانچ حرفی مفرد الفاظ ہے؟

(a) اجازت (b)ساجت (c)آزادی (d)انتقام

5۔ ذیل میں سے مرکب الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔

(a)ضمیر (b)ذات (c)ارادہ (d)اداس

### 7.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ What is the pronunciation of the following words?

اتفاق، کبوتر، بکواس، مکتوب، بیمار، آئینہ، مسئلہ، پندرہ ، آغاز، قانون

2۔ چار حروف والے پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔

3۔ چار حروف والے پانچ مفرد الفاظ لکھیے۔

4۔ پانچ حروف والے پانچ مرکب الفاظ لکھیے۔

5۔ پانچ حروف والے پانچ مفرد الفاظ لکھیے۔

### 7.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1. Write down in Urdu ten four-letter words in which all the letters are in detached form.
2. Write down in Urdu ten four-letter words in which some of the letters are joined.
3. Write down in Urdu ten five-letter words in which some of the letters are joined.

7.6.1 کے جوابات: 1-b 2-a 3-b 4-c 5-a

# اکائی 8: چھوٹے اور مفرد جملے

## (دو لفظی جملے، تین لفظی جملے، چار لفظی جملے)

## Small and Simple Sentences

## (Two-Word, Three-Word and Four-Word Sentences)

اکائی کے اجزا


8.0 تمہید

8.1 مقاصد

8.2 چھوٹے اور مفرد جملے (دو لفظی جملے، تین لفظی جملے، چار لفظی جملے)

8.2.1 دو لفظی جملے (Two-Word Sentences)

8.2.2 تین لفظی جملے (Three-Word Sentences)

8.2.3 چار لفظی جملے (Four-Word Sentences)

8.3 اکتسابی نتائج

8.4 مشکل الفاظ

8.5 مشقیں

8.6 نمونۂ امتحانی سوالات


---

## 8.0 تمہید ( Introduction )

چھوٹے اور مفرد جملے ایسے جملوں کو کہا جاتا ہے جو کم الفاظ پر مشتمل ہوں اور آسانی سے سمجھے جا سکیں۔ اس طرح کے جملے سادہ بات کو بیان کرتے ہیں اور ان میں عموماً دو الفاظ سے لے کر چار اور پانچ الفاظ تک ہوتے ہیں۔ اس اکائی میں ہم چھوٹے اور مفرد جملے کے بارے میں پڑھیں گے، جو دو لفظی، تین لفظی اور چار لفظی ہوں گے۔

This unit deals with two, three and four-word sentences. In this unit you are shown

how to make sentences that have only two, three and four- words. These are very simple sentences. You can also make such sentences.

## 8.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- چھوٹے اور مفرد جملے سے واقف ہو سکیں۔
- چھوٹے اور مفرد جملوں کو پڑھ سکیں۔
- چھوٹے اور مفرد جملے کی خصوصیت کو سمجھ سکیں۔
- چھوٹے اور مفرد جملے خود سے بنا سکیں۔

## 8.2 چھوٹے اور مفرد جملے (دو لفظی جملے، تین لفظی جملے، چار لفظی جملے)

### 8.2.1 دو لفظی جملے (Two-Word Sentences):

| | | |
|---|---|---|
| I came. | Main aaya. | میں آیا۔ |
| You came. | Tu aaya. | تو آیا۔ |
| He came. | Wo aaya. | وہ آیا۔ |
| You came. | Tum aaye. | تم آئے۔ |
| We came. | Ham aaye. | ہم آئے۔ |
| They came. | Wo aaye. | وہ آئے۔ |
| I came. | Main aayi. | میں آئی۔ |
| She came. | Wo aayi. | وہ آئی۔ |
| Come here. | Idhar aao. | اِدھر آؤ۔ |
| Go there. | Udhar jaao. | اُدھر جاؤ۔ |
| Come today. | Aaj aao. | آج آؤ۔ |
| Go tomorrow. | Kal jaao. | کل جاؤ۔ |
| Take the medicine. | Dawa khao. | دوا کھاؤ۔ |
| Take food. | Khana khao. | کھانا کھاؤ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| Take fruits. | Phal khao. | پھل کھاؤ۔ |
| Bring the book. | Kitab lao. | کتاب لاؤ۔ |
| Bring medicine. | Dawa lao. | دوالاؤ۔ |
| Bring meal. | Khana lao. | کھانالاؤ۔ |
| Give mango. | Aam do. | آم دو۔ |
| Give pen. | Qalam do. | قلم دو۔ |
| Give flower. | Phool do. | پھول دو۔ |
| Friend went. | Dost gaya. | دوست گیا۔ |
| Teacher went. | Ustaad gaye. | استاد گئے۔ |
| It rained. | Baarish hui. | بارش ہوئی۔ |
| The bus came. | Bas aayi. | بس آئی۔ |
| Who said. | Kaun bola. | کون بولا۔ |
| The boy said. | Ladka bola. | لڑکا بولا۔ |
| Sing a song. | Gana gao. | گانا گاؤ۔ |
| Change (your) clothes. | Libaas badlo. | لباس بدلو۔ |
| What did you see? | Kya dekha. | کیا دیکھا؟ |
| Let's go. | Chalo chalen. | چلو چلیں۔ |
| Leave it. | Chhor do. | چھوڑ دو۔ |
| Come here. | Yahaan aao. | یہاں آؤ۔ |
| Go there. | Wahaan jaao. | وہاں جاؤ۔ |
| Take sweets. | Mithaai lo. | مٹھائی لو۔ |
| Eyes met. | Aankhen milin. | آنکھیں ملیں۔ |
| Dreams adorned. | Khawab saje. | خواب سجے۔ |
| Keep the promise . | Wada nibha. | وعدہ نبھا۔ |
| Moment passed. | Pal beeta. | پل بیتا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| Called name. | Naam liya. | نام لیا۔ |
| Heart ached. | Dill tadpa. | دل تڑپا۔ |
| Wind blew. | Hawa chali. | ہوا چلی۔ |
| Birds sang. | Parinde gaye. | پرندے گائے۔ |
| River flowed. | Dariya baha. | دریا بہا۔ |
| Flowers bloomed. | Phool khile. | پھول کھلے۔ |
| Trees swayed. | Darkht jhume. | درخت جھومے۔ |
| Clouds roared. | Badal garje. | بادل گرجے۔ |
| Moon shone. | Chand chmaka. | چاند چمکا۔ |
| Light spread. | Raushni phaili. | روشنی پھیلی۔ |
| See dream. | Khwaab dekho. | خواب دیکھو۔ |

### 8.2.2 تین لفظی جملے (Three-Word Sentences):

| | | |
|---|---|---|
| God is one. | Khuda aik hai. | خدا ایک ہے۔ |
| We are one. | Ham aik hain. | ہم ایک ہیں۔ |
| This is a rose. | Ye gulab hai. | یہ گلاب ہے۔ |
| That is a tree. | Wo ped hai. | وہ پیڑ ہے۔ |
| The flower is red. | Phool laal hai. | پھول لال ہے۔ |
| The mango is sweet. | Aam meetha hai. | آم میٹھا ہے۔ |
| Give this book. | Ye kitaab do. | یہ کتاب دو۔ |
| Who are you? | Aap kaun hain? | آپ کون ہیں؟ |
| When did you came? | Tum kab aaye? | تم کب آئے؟ |
| Where is he? | Who kahaan hai? | وہ کہاں ہے؟ |
| I am a student. | Main Taalib-e-Ilm hun. | میں طالبِ علم ہوں۔ |
| He has gone. | Wo chala gaya. | وہ چلا گیا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| He brought newspaper. | Wo akhbaar laya. | وہ اخبار لایا۔ |
| The moon is beautiful. | Chaand khubsurat hai. | چاند خوبصورت ہے۔ |
| Get up early morning. | Subah jaldi utho. | صبح جلدی اٹھو۔ |
| Don’t lose courage. | Himmat mat haro. | ہمت مت ہارو۔ |
| What was happened? | Kya hua tha? | کیا ہوا تھا؟ |
| The pocket empty. | Jeb khali hai. | جیب خالی ہے۔ |
| House is clean. | Ghar saaf hai. | گھر صاف ہے۔ |
| This is tricolor. | Ye tiranga hai. | یہ ترنگا ہے۔ |
| Maybe another time. | Shayed phir kabhi. | شاید پھر کبھی۔ |
| Now, I understand. | Main ab samjha. | میں اب سمجھا۔ |
| Don’t stop now. | Ab ruko mat. | اب رکو مت۔ |
| It is good. | Ye achchha hai. | یہ اچھا ہے۔ |
| I was sick. | Main bimar tha. | میں بیمار تھا۔ |
| It is dirty. | Ye ganda hai. | یہ گندا ہے۔ |
| You are happy. | Aap khush hain. | آپ خوش ہیں۔ |
| I found. | Main ne dhund liya. | میں نے ڈھونڈ لیا۔ |
| Let me say. | Mujhe kahne do. | مجھے کہنے دو۔ |
| Keep moving on. | Aage badhte raho. | آگے بڑھتے رہو۔ |
| Do it later. | Baad mein karo. | بعد میں کرو۔ |
| I felt bad. | Mujhe bura lga. | مجھے برا لگا۔ |
| I need answer. | Mujhe jawaab chaahiye. | مجھے جواب چاہیے۔ |
| I am alone. | Main tanhaa hun. | میں تنہا ہوں۔ |
| Don’t be lazy. | Susti na karo. | سستی نہ کرو۔ |
| Try again. | Phir koshish karo. | پھر کوشش کرو۔ |
| Ask to me. | Mujh se puchho. | مجھ سے پوچھو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| Do your work. | Apna kaam Karen. | اپنا کام کریں۔ |
| Come with me. | Mere saath chaliye. | میرے ساتھ چلیے۔ |
| Show me the room. | Mujhe kamra dikhaiye. | مجھے کمرہ دکھائیے۔ |
| He is foolish. | Wo bewaquf hai. | وہ بیوقوف ہے۔ |
| Sit beside me. | Mere bazoo baitho. | میرے بازو بیٹھو۔ |
| I am yours. | Main tumhara hun. | میں تمہارا ہوں۔ |
| Heart desired. | Dill ne chaha. | دل نے چاہا۔ |
| You are special. | Tum khas ho. | تم خاص ہو ۔ |
| Memories stayed along. | Yaaden saath rahin. | یادیں ساتھ رہیں۔ |
| Love never fades. | Mohabbat kabhi kam. | محبت کبھی کم۔ |
| The breeze brought fragrance. | Hawa khushboo lai. | ہوا خوشبو لائی۔ |
| The sun shines. | Suraj chamak raha. | سورج چمکتا ہے۔ |
| Birds chirps. | Parinde chachaha rahe. | پرندے چہچہاتے ہیں۔ |
| The river flows. | Dariya bahta ja. | دریا بہتا ہے۔ |
| Flowers have bloomed. | Phool khil gaye. | پھول کھل گئے۔ |
| Knowledge is light. | Ilm Raushni hai. | علم روشنی ہے۔ |
| Study, move forward. | Padho, aage badho. | پڑھو، آگے بڑھو۔ |
| Knowledge is power. | Ilm taqat hai. | علم طاقت ہے۔ |
| Learn to question. | Sawal karna sikho. | سوال کرنا سیکھو۔ |
| Revise your lesson. | Sabaq yaad karo. | سبق یاد کرو۔ |
| Charming words. | Jadoo karte lafz. | جادو کرتے لفظ۔ |
| Heart spoke out. | Dill bol utha. | دل بول اٹھا۔ |
| Silence spoke volumes. | Khamoshi kah gai. | خاموشی کہہ گئی۔ |
| Just listen the couplet. | Sher suno zara. | شعر سنو ذرا۔ |
| Thoughts are scattered. | Khayalat bikhar gaye. | خیالات بکھر گئے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| Clouds started pouring. | Badal bars pade. | بادل برس پڑے۔ |
| Sun smiled today. | Aaj suraj muskuraya. | آج سورج مسکرایا۔ |
| Mountains stayed silent. | Pahad chup the | پہاڑ چپ رہے۔ |

### 8.2.3 چار لفظی جملے (Four-Word Sentences):

| | | |
|---|---|---|
| We all are one. | Ham sab aik hain. | ہم سب ایک ہیں۔ |
| Ahmad is a good boy. | Ahmad achchha ladka hai. | احمد اچھا لڑکا ہے۔ |
| The followers are in the basket. | Tokri mein phool hain. | ٹوکری میں پھول ہیں۔ |
| I am feeling hungry. | Mujhe bhook lagi hai. | مجھے بھوک لگی ہے۔ |
| My house is big. | Mera ghar bada hai. | میرا گھر بڑا ہے۔ |
| Mohan wrote a letter. | Mohan ne Khat likha. | موہن نے خط لکھا۔ |
| Urdu is a sweet language. | Urdu meethi zaban hai. | اردو میٹھی زبان ہے۔ |
| The monkey is dancing. | Bandar naach raha hai. | بندر ناچ رہا ہے۔ |
| Delhi is a big city. | Dehli bada shahr hai. | دہلی بڑا شہر ہے۔ |
| My friend has not come. | Mera dost nahin aaya. | میرا دوست نہیں آیا۔ |
| Who will bring the milk? | Doodh kaun layega? | دودھ کون لائے گا؟ |
| It was very cold yesterday? | Kal bahut sardi thi. | کل بہت سردی تھی۔ |
| When will grandmother come? | Dadi kab aayein gi? | دادی کب آئیں گی؟ |
| The girl is singing a song. | Ladki gana ga rahi hai. | لڑکی گانا گا رہی ہے۔ |
| He went to Delhi. | Wo kal dehli gaya. | وہ کل دہلی گیا۔ |
| I will come tomorrow. | Main kal yahaan aaunga. | میں کل آؤں گا۔ |
| I will read the book. | Main kitaab padhunga. | میں کتاب پڑھوں گا۔ |
| Never give up. | Kabhi haar mat maano. | کبھی ہار مت مانو۔ |
| Do you know? | Kya aap jaanty hain? | کیا آپ جانتے ہیں؟ |
| Put them in correctly. | Unhen theek se rakho. | انہیں ٹھیک سے رکھو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| Clean your face. | Apna chehra saaf karo. | اپنا چہرہ صاف کرو۔ |
| I am thirsty. | Mujhe pyaas lagi. | مجھے پیاس لگی ہے۔ |
| Now you try. | Ab tum koshish karo. | اب تم کوشش کرو۔ |
| You are very nice. | Aap bahut achchhe hain. | آپ بہت اچھے ہیں۔ |
| Go upstairs. | Seedhiyon se upar jaao. | سیڑھیوں سے اوپر جاؤ۔ |
| Go downstairs. | Seedhiyon se niche jaao. | سیڑھیوں سے نیچے جاؤ۔ |
| Don't tease/trouble me. | Mujhe tang mat karo. | مجھے تنگ مت کرو۔ |
| Let me work. | Mujhe kaam karne do. | مجھے کام کرنے دو۔ |
| Don't abuse him. | Use gaali mat do. | اسے گالی مت دو۔ |
| Don't talk too much. | Zyada baaten mat karo. | زیادہ باتیں مت کرو۔ |
| He got injured. | Use chot lag gai. | اسے چوٹ لگ گئی۔ |
| Believe in yourself. | Khud par yaqeen rakho. | خود پر یقین رکھو۔ |
| The power went out. | Bijli chali gai hai. | بجلی چلی گئی ہے۔ |
| It is a deserted rout. | Ye raasta sunsaan hai. | یہ راستہ سنسان ہے۔ |
| How much is it? | Ye kitne ka hai? | یہ کتنے کا ہے؟ |
| Help others in need. | Dusron ki madad karo. | دوسروں کی مدد کرو۔ |
| Love all. | Sab se mohabbat se karo. | سب سے محبت کرو۔ |
| Be human, not angel. | Insaan bano, farishta nahin. | انسان بنو، فرشتہ نہیں۔ |
| Take care of others. | Dusron ka khayal rakho. | دوسروں کا خیال رکھو۔ |
| Serve the cause of humanity. | Insaniyat ki khidmat karo. | انسانیت کی خدمت کرو۔ |

## 8.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- چھوٹے اور مفرد جملے ایسے جملوں کو کہا جاتا ہے جو کم الفاظ پر مشتمل ہوں اور آسانی سے سمجھے جا سکیں۔
- چھوٹے اور مفرد جملے سادہ بات کو بیان کرتے ہیں اور عموماً دو سے لے کر چار اور پانچ الفاظ تک ہوتے ہیں۔

- دو لفظی جملے دو الفاظ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جیسے آم لاؤ۔ کتاب دو۔ بازار جاؤ۔ گھر چلو۔ اسکول جاؤ۔ والد آئے۔ ماں ہنسی۔ بھائی گیا۔ پیڑ لگاؤ۔ بارش ہوئی۔ وغیرہ۔
- تین لفظی جملے تین الفاظ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جیسے احمد اسکول گیا۔ ماں نے دیا۔ والد بازار گئے۔ بھائی اچھا ہے۔ تم گھر جاؤ۔ اسلم نیک ہے۔ دوست اچھے بناؤ۔ آج بارش ہوئی۔ وغیرہ۔
- چار لفظی جملے چار الفاظ پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جیسے ہم سب ایک ہیں۔ اللہ کا حکم مانو۔ تمہیں بھوک لگی ہے۔ زاہد نے خط لکھا۔ اردو شیریں زبان ہے۔ عمران بڑا آدمی ہے۔ ماں کا خیال رکھو۔ چاند خوبصورت ہے۔ وغیرہ۔

## 8.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | : | معنی | : | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| مشتمل | : | شامل ہونے والا | : | Consisting of |
| عموماً | : | عام طور پر | : | Generally |
| مفرد | : | الگ الگ | : | Single |
| شیریں زبان | : | میٹھی زبان | : | Sweet-tongued |
| غالب | : | حاوی، زبردست | : | Dominant |
| انسانیت | : | انسان ہونے کی خوبی | : | Humanity |
| خدمت | : | سیوا، فرمانبرداری | : | Service |

## 8.5 مشقیں

مشق 1: Write the following sentences in English.

i. ہم سب ایک ہیں۔ ............................................
ii. احمد اچھا لڑکا ہے۔ ............................................
iii. ٹوکری میں پھول ہیں۔ ............................................
iv. مجھے بھوک لگی ہے۔ ............................................
v. میرا گھر بڑا ہے۔ ............................................
vi. موہن نے خط لکھا۔ ............................................
vii. اردو میٹھی زبان ہے۔ ............................................

viii. بندر ناچ رہا ہے۔ ..............................................

ix. دہلی بڑا شہر ہے۔ ..............................................

x. میرا دوست نہیں آیا۔ ..............................................

مشق 2: Write the following sentences in Urdu script.

i. Wo kal Chennai gaya. ..............................................

ii. Main kal yahaan aaunga. ..............................................

iii. Main kitaab padhunga. ..............................................

iv. Kabhi haar mat maano. ..............................................

v. Kya aap jaante hain? ..............................................

vi. Unhen theek se rakho. ..............................................

vii. Apna chehra saaf karo. ..............................................

viii. Mujhe pyaas lagi hai. ..............................................

ix. Ab tum koshish karo. ..............................................

x. Aap bahut achchhe hain. ..............................................

مشق 3: Make three-word sentences with the following words

i. کتاب ..............................................

ii. یہاں ..............................................

iii. بارش ..............................................

iv. دوست ..............................................

v. لڑکا ..............................................

vi. اِدھر ..............................................

vii. قلم ..............................................

viii. چائے ..............................................

ix. کھانا ..............................................

x. پھل ..............................................

مشق4: ذیل میں دیے گئے جملوں کو انگریزی میں لکھیے۔

i. بارش ہوئی۔ ..............................................

ii. استاد گئے۔ ..............................................

iii. دوست گیا۔ ..............................................

iv. ماں ہنسی۔ ..............................................

v. قلم دو۔ ..............................................

vi. آم لو۔ ..............................................

vii. موہن جاؤ۔ ..............................................

viii. دوالاؤ۔ ..............................................

ix. کتاب لاؤ۔ ..............................................

x. بچہ رویا۔ ..............................................

## 8.6 نمونۂ امتحانی سوالات

### 8.6.1 معروضی سوالات:

1۔ دوالفاظ پر مشتمل جملے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) ندیم ۔ (b) آج ندیم گھر گیا۔ (c) ندیم گھر گیا۔ (d) ندیم گیا۔

2۔ تین الفاظ پر مشتمل جملے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) احمد بازار گیا۔ (b) احمد بازار جائے گا۔ (c) احمد گیا۔ (d) احمد۔

3۔ چارالفاظ پر مشتمل جملے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) زاہد اسکول گیا ۔ (b) زاہد صبح اسکول گیا۔ (c) زاہد گیا۔ (d) اسکول گیا۔

4۔ ’’ میں آیا۔‘‘ کی انگریزی کیا ہے؟

(a) I come. (b) I am coming. (c) I coame. (d) I have come.

5۔ ’’Give mango‘‘ کی اردو کیا ہے؟

(a) آم دو (b) آم لاؤ (c) آم کھاؤ (d) آم دکھاؤ

### 8.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ دو لفظ پر مشتمل پانچ جملے لکھیے۔

2۔ تین لفظی پانچ جملے لکھیے۔

3۔ چار لفظی پانچ جملے لکھیے۔

4۔ Write the following sentences in English

بارش ہوئی۔ آم دو۔ کھانا لاؤ۔ دوا لاؤ۔ کتاب لاؤ۔ پھل کھاؤ۔

5۔ ذیل کے جملوں کو انگریزی میں لکھیے۔

i. اردو میٹھی زبان ہے۔

ii. مجھے پیاس لگی ہے۔

iii. دہلی ایک بڑا شہر ہے۔

iv. میرا دوست نہیں آیا۔

v. دودھ کون لائے گا؟

### 8.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ دو الفاظ پر مشتمل دس نئے جملے بنائیے۔

2۔ تین الفاظ پر مشتمل دس نئے جملے بنائیے۔

3۔ چار الفاظ پر مشتمل دس نئے جملے بنائیے۔

8.6.1 کے جوابات: 1۔d 2۔a 3۔b 4۔c 5۔a

# بلاکIII

## اکائی9 : طویل اور مرکب جملے

## (Long and Compound Sentences)

اکائی کے اجزا


9.0 تمہید

9.1 مقاصد

9.2 طویل اور مرکب جملے

9.2.1 عام قسم کے طویل اور مرکب جملے

9.2.2 طویل اور مرکب جملوں پر مبنی حکایتیں

9.2.3 طویل اور مرکب جملوں پر مبنی لطائف

9.3 اکتسابی نتائج

9.4 مشکل الفاظ

9.5 مشقیں

9.6 نمونۂ امتحانی سوالات


## 9.0 تمہید

پچھلی اکائی میں آپ نے چھوٹے اور مفرد جملے کے بارے میں پڑھا، جس میں دو لفظی، تین لفظی اور چار لفظی جملوں کے متعلق تفصیل سے آپ کو بتایا گیا ہے۔ چھوٹے اور مفرد جملے مختصر ہونے کے باوجود مکمل پیغام پہنچانے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور روزمرہ کی گفتگو میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ طویل اور مرکب جملہ اس سے آگے کی کڑی ہے۔ طویل اور مرکب جملے وہ ہوتے ہیں جن میں زیادہ الفاظ اور کئی خیالات شامل ہوتے ہیں۔ ان میں "اور"، "لیکن"، "چونکہ "، "لہٰذا"، "اگر"، "مگر"، کیوں کہ" جیسے الفاظ سے جملے آپس میں جُڑے ہوتے ہیں۔ اس اکائی میں ہم طویل اور مرکب جملوں کا مطالعہ کریں گے۔

## 9.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- طویل اور مرکب جملے سے واقف ہو سکیں۔
- طویل اور مرکب جملوں کو پڑھ سکیں۔
- طویل اور مرکب جملے خود سے بنا سکیں۔

## 9.2 طویل جملے اور مرکب جملے

### 9.2.1 عام قسم کے طویل اور مرکب جملے:

- ❖ جب میں صبح سویرے بیدار ہوا اور کھڑکی سے باہر جھانکا تو دیکھا کہ سورج کی سنہری کرنیں درختوں کے پتوں پر پڑ رہی تھیں، پرندے چہچہا رہے تھے اور ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی، جس سے موسم نہایت خوشگوار محسوس ہو رہا تھا۔
- ❖ امتحانات قریب آ رہے تھے اور تیاری مکمل نہیں ہوئی تھی، اس لیے میں نے فیصلہ کیا کہ روزانہ کم از کم پانچ گھنٹے مطالعہ کروں گا تاکہ اچھے نمبر حاصل کر سکوں اور اپنی محنت کا بہترین نتیجہ دیکھ سکوں۔
- ❖ بارش کے بعد جب ہم پارک میں گئے تو ہر طرف سبزہ نکھرا ہوا نظر آیا، مٹی کی خوشبو فضا میں پھیلی ہوئی تھی، بچے کھیل کود میں مصروف تھے اور لوگ تازہ ہوا سے لطف اندوز ہو رہے تھے، جس سے پورا ماحول نہایت دلکش لگ رہا تھا۔
- ❖ راستہ کافی طویل اور دشوار تھا، پھر بھی ہم نے ہمت نہیں ہاری اور قدم بہ قدم آگے بڑھتے رہے تاکہ اپنی منزل پر پہنچ سکیں اور اس حسین وادی کے دلکش مناظر سے لطف اندوز ہو سکیں، جو ہماری تمام تھکن کو دور کر دینے کے لیے کافی تھے۔
- ❖ جب میں نے اپنے بچپن کی تصویریں دیکھیں تو مجھے وہ دن یاد آ گئے جب میں دوستوں کے ساتھ گلی میں کھیلتا تھا، بے فکری سے ہنستا تھا، اور گھر آ کر والدہ کے ہاتھوں کا مزیدار کھانا کھاتا تھا، جو آج بھی میری سب سے خوبصورت یادوں میں شامل ہے۔
- ❖ موسم خوشگوار تھا، ہلکی ہلکی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور آسمان پر بادلوں کے دلکش رنگ بکھرے ہوئے

تھے۔اس لیے ہم نے فیصلہ کیا کہ آج کا دن پارک میں گزارا جائے تاکہ قدرت کے ان حسین نظاروں سے لطف اندوز ہو سکیں۔

- اگرچہ زندگی میں کامیابی حاصل کرنا آسان نہیں ہوتا، لیکن اگر ہم مسلسل محنت کرتے رہیں، ناکامیوں سے سیکھیں اور کبھی ہمت نہ ہاریں، تو ایک دن ضرور وہ وقت آتا ہے جب ہماری تمام جدوجہد رنگ لاتی ہے اور ہم اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔
- شہر کی سڑکیں بارش کی وجہ سے دھل چکی تھیں، درختوں کے پتے چمک رہے تھے، لوگ چھتریاں لیے اپنی منزل کی طرف جا رہے تھے، اور ہر طرف بارش کے قطروں کی مدھم آواز سنائی دے رہی تھی، جو ماحول کو مزید خوبصورت بنا رہی تھی۔
- جب ہم پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے تو نیچے بہتی ہوئی ندی کا منظر انتہائی دلفریب تھا، بادل ہماری آنکھوں کے سامنے تیر رہے تھے، ہر طرف سبزہ تھااور ٹھنڈی ہوا کے جھونکے ہمیں تازگی کا احساس دلا رہے تھے، جس کی بدولت ہماری تمام تھکن دور ہو گئی۔
- شہر کی گلیاں بارش کے پانی سے بھر چکی تھیں، درختوں کے پتے تازہ ہوا کے جھونکوں کے ساتھ جھوم رہے تھے، اور پرندے گھونسلوں میں دبکے بیٹھے تھے، جیسے وہ بھی اس ٹھنڈی، پرسکون اور نم آلود فضا کا پوری طرح لطف اٹھا رہے ہوں، جب کہ آسمان پر گہرے بادل یوں چھائے تھے جیسے سورج کی روشنی کو زمین تک پہنچنے ہی نہ دیں گے۔
- بوڑھا مسافر، جس کے چہرے پر وقت کی لکیریں ایک کہانی بیان کر رہی تھیں، اپنی لاٹھی پر جھکا، تھکے قدموں سے آگے بڑھ رہا تھا، اس کی نظریں دور کہیں افق کی اس حد پر جمی تھیں جہاں سورج ڈھلنے کے بعد سنہری روشنی کا آخری عکس بکھرا ہوا تھا، اور ہر گزرتے لمحے کے ساتھ اس کی امید اور بے چینی ایک دوسرے میں یوں گڈ مڈ ہو رہی تھیں جیسے دو دریا کہیں جا کر آپس میں مل جاتے ہیں۔
- کتابیں، جو کئی برسوں سے شیلف میں پڑی رہنے کی وجہ سے بوسیدگی کی مہک میں لپٹی ہوئی تھیں، جب اچانک کسی جستجو کرنے والے قاری کے ہاتھوں کھولی گئیں، تو ان کے پیلے پڑ چکے صفحات نے یوں سرسراہٹ کی جیسے خزاں کے زرد پتے ہلکی سی ہوا کے جھونکے سے زمین پر گرنے سے پہلے آخری بار سرگوشی کر رہے ہوں۔
- اندھیری رات کے سناٹے میں، جب پورا شہر نیند کی وادی میں کھو چکا تھا، ایک تنہا دیا اپنی مدھم روشنی کے

ساتھ کسی نامعلوم امید کا چراغ بن کر جل رہا تھا، اس کی لو کبھی مدھم ہوتی اور کبھی تیز، جیسے وہ خود بھی اپنی قسمت سے بے خبر ہو کہ وہ کب بجھ جائے گا اور کب کوئی آ کر اسے مزید تیل دے کر پھر سے جلا دے گا۔

❖ صحرا کی ریت پر چلتے ہوئے قافلے کے اونٹوں کے قدموں کے نشان لمحہ بہ لمحہ ہوا میں تحلیل ہو رہے تھے، جیسے وقت کی بے رحم آندھی ہر یاد کو مٹا دینے پر تلی ہو، مگر پھر بھی مسافروں کی آنکھوں میں منزل کا خواب ایسے چمک رہا تھا جیسے تاریک رات میں کسی کھوئے ہوئے راہگیر کے لیے دور جلتی ہوئی مشعل امید کی کرن بن جاتی ہے۔

### 9.2.2 طویل اور مرکب جملوں پر مبنی حکایتیں:

❖ **محنت کا صلہ:**

رحمت نام کا ایک غریب لڑکا تھا جو بہت ایماندار، سچا، محنتی اور صوم وصلوٰۃ کا پابند تھا۔ وہ روز صبح اٹھ کر نماز پڑھتا، تلاوت کرتا اور گھر کے بزرگوں کی خدمت کرتا۔ پھر پڑھائی کرنے بیٹھ جاتا۔ یہ اس کی عادت تھی، روز کا معمول تھا۔ کچھ لوگ اس کا مذاق اُڑاتے اور کہتے، "اتنی محنت کرنے کا کیا فائدہ؟ آرام سے زندگی گزارو!" لیکن رحمت نے ان کی باتوں پر دھیان نہیں دیا اور مسلسل محنت کرتا رہا۔ کچھ سالوں بعد وہ ایک بڑا عالم اور کامیاب تاجر بن گیا۔ اب وہی لوگ جو اس کا مذاق اُڑاتے تھے، اس کی عزت کرنے لگے۔ ایک دن ایک شخص نے اس سے پوچھا، "تم نے اتنی کامیابی کیسے حاصل کی؟" رحمت مسکرا کر بولا، "محنت کا صلہ ہمیشہ ملتا ہے، بس صبر اور ہمت نہیں ہارنی چاہیے۔"

❖ **لالچی کتا:**

ایک دن ایک بھوکا کتا کھانے کی تلاش میں ادھر اُدھر گھوم رہا تھا۔ کافی دیر بعد اسے ایک ہڈی ملی۔ وہ خوشی خوشی اسے لے کر ایک سنسان جگہ پر جانے لگا تاکہ سکون سے کھا سکے۔ راستے میں وہ ایک نہر کے پل سے گزرا۔ جب اس نے نیچے پانی میں جھانکا تو اسے اپنی ہی پرچھائی نظر آئی، لیکن اسے لگا کہ پانی میں کوئی دوسرا کتا ہے اور اس کے منہ میں بھی ہڈی ہے۔ وہ لالچ میں آ گیا اور سوچنے لگا کہ اگر میں اس کی ہڈی بھی لے لوں تو میرے پاس دو ہو جائیں گی۔ جیسے ہی اس نے بھونکنے کے لیے منہ کھولا، اس کے منہ سے ہڈی پانی میں گر گئی اور نہر میں بہہ گئی۔ اب نہ اس کے پاس اپنی ہڈی رہی اور نہ ہی دوسرا کتا حقیقت میں موجود تھا۔

❖ **مکار لومڑی:**

ایک کوا بہت بھوکا تھا۔ اسے کہیں سے روٹی کا ایک ٹکڑا ملا۔ وہ روٹی لے کر ایک درخت پر جا بیٹھا۔ اتنے میں ایک لومڑی وہاں آ گئی۔ اس نے کوے کے منہ میں روٹی دیکھی تو اس کے منہ میں پانی آ گیا۔ لومڑی نے چالاکی سے کہا، "کوے میاں! آپ کی آواز کتنی خوبصورت ہے! ذرا گانا تو سنائیں"! کوا خوش ہو گیا اور گانے کے لیے منہ کھولا، تو روٹی نیچے گر گئی۔ لومڑی نے جلدی سے روٹی اٹھائی اور وہاں سے چمپت ہو گئی۔ کوا افسوس کرنے لگا کہ مکار لومڑی نے اسے بے وقوف بنایا۔

❖ **ایمانداری کی خوشی:**

ایک دن ایک لڑکا بازار سے گزر رہا تھا۔ راستے میں اسے ایک بٹوہ ملا، جس میں بہت سے پیسے تھے۔ وہ سیدھا قریبی دکان پر گیا اور دکاندار سے کہا، "مجھے یہ بٹوہ ملا ہے، اگر کسی کا کھویا ہوا ہو تو اسے دے دیجیے۔" کچھ دیر بعد ایک بوڑھا آدمی دکان پر آیا اور بولا، "میرا بٹوہ کہیں گر گیا ہے، کسی کو ملا ہے کیا؟" دکاندار نے وہی بٹوہ نکال کر دیا۔ بوڑھے نے خوش ہو کر لڑکے کو انعام دینا چاہا، مگر لڑکے نے انکار کر دیا اور کہا، "ایمانداری کی خوشی ہے میرا انعام ہے"!

❖ **غرور کا انجام:**

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک خرگوش اور کچھوے میں دوڑ لگانے کا مقابلہ ہوا۔ خرگوش نے سوچا کچھوا بہت سست ہے۔ میں اسے فوراً ہرا دوں گا! دوڑ شروع ہوئی، خرگوش تیزی سے بھاگا اور بہت آگے نکل گیا۔ اسے لگا کہ کچھوا بہت پیچھے ہے، اسے وہاں تک پہنچنے میں بہت دیر لگے گی، تب تک کیوں نہ میں آرام کر لوں۔ وہ ایک درخت کے نیچے سو گیا۔ کچھوا آہستہ آہستہ چلتا رہا اور آخر کار خرگوش سے آگے نکل گیا۔ جب خرگوش جاگا، تب تک کچھوا جیت چکا تھا۔ خرگوش بہت شرمندہ ہوا۔

❖ **سچی دوستی:**

دو دوست جنگل میں جا رہے تھے کہ اچانک ایک ریچھ آ گیا۔ ایک دوست درخت پر چڑھ گیا، لیکن دوسرے کو چڑھنا نہیں آتا تھا۔ وہ فوراً زمین پر لیٹ گیا اور سانس روک لی۔ ریچھ نے سونگھا اور اسے مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ جب ریچھ چلا گیا تو درخت والا دوست نیچے آیا اور پوچھا، "ریچھ نے تمہارے کان میں کیا کہا؟" دوست نے جواب دیا، "یہی کہ مشکل وقت میں سچا دوست ہی ساتھ دیتا ہے۔"

❖ **چالاک خرگوش:**

ایک جنگل میں ایک ظالم شیر رہتا تھا، جو روز ایک جانور کو کھا جاتا تھا۔ سب جانور بہت پریشان تھے۔ ایک دن، ایک چالاک خرگوش کی باری آئی۔ وہ جان بوجھ کر دیر سے پہنچا اور راستے میں ایک کنویں کے پاس رکا۔ جب شیر نے دیر کا سبب پوچھا، تو خرگوش بولا، "جنگل میں ایک اور شیر آ گیا ہے، جو کہتا ہے کہ یہ جنگل اب اس کا ہے۔" شیر غصے میں چلایا، "مجھے لے چلو، میں اسے مزہ چکھاتا ہوں۔" خرگوش اسے کنویں کے پاس لے گیا اور کہا، "یہ رہا وہ شیر"! شیر نے پانی میں جھانکا اور اپنا عکس دیکھ کر سمجھا کہ کوئی دوسرا شیر ہے۔ وہ غصے میں دھاڑا اور اس پر حملہ کرنے کے لیے کنویں میں کود گیا۔

### 9.2.3 طویل اور مرکب جملوں پر مبنی لطائف:

❖ دہلی کے ایک شاعر جو اپنی ہر غزل کے ہر شعر کے متعلق خود ہی تبصرہ کرنے کے مرض میں گرفتار تھے، کسی مشاعرے میں اپنی غزل کا ایک شعر پڑھنے سے پہلے کہنے لگے۔

اپنی اس غزل میں یہ شعر مجھے خاص طور پر بہت پسند ہے۔

شعر سن کر نثار احمد فاروقی نے، جو اس وقت نوجوان تھے نہایت انکسار سے کہا:

ذرہ نوازی ہے آپ کی ورنہ شعر کس قابل ہے۔

❖ دلی کے ایک ہندو پاک مشاعرے میں حفیظ جالندھری اپنی غزل سنا رہے تھے کہ فراق گورکھپوری نے دفعتاً بلند آواز سے کہنا شروع کیا:

"واہ حفیظ پیارے! کیا گلا پایا ہے۔ یار میرا سارا کلام لے لو اور اپنی آواز مجھے دے دو۔"

حفیظ فی الفور شعر ادھورا چھوڑ کر کہنے لگے:

"جناب فراق صاحب! میں آپ کا نیاز مند ہوں۔ میری آواز تو کیا آپ مجھے بھی لے لیجیے، لیکن خدا کے لیے مجھے اپنا کلام نہ دیجیے۔"

❖ ایک روز مرزا کے دوست حکیم رضی الدین خان صاحب جن کو آم پسند نہیں تھے، میرزا صاحب کے مکان پر آئے۔ دونوں دوست برآمدے میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے۔ اتفاق سے ایک کمہار اپنے گدھے لیے سامنے سے گزرا۔ زمین پر آم کے چھلکے پڑے تھے۔ گدھے نے ان کو سونگھا اور چھوڑ کر آگے بڑھ

گیا۔ حکیم صاحب نے جھٹ سے مرزا صاحب سے کہا، ”دیکھئے! آم ایسی چیز ہے جسے گدھا بھی نہیں کھاتا۔“ مرزا صاحب فوراً بولے، ”بیشک گدھا نہیں کھاتا۔“

❖ اکبرالہ آبادی دلی میں خواجہ حسن نظامی کے ہاں مہمان تھے۔ سب لوگ کھانا کھانے لگے تو آلو کی ترکاری اکبر کو بہت پسند آئی۔ انہوں نے خواجہ صاحب کی دختر حور بانو سے (جو کھانا کھلارہی تھی) پوچھا کہ بڑے اچھے آلو ہیں۔ کہاں سے آئے ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ میرے خالو بازار سے لائے ہیں۔ اس پر اکبرؔ نے فی البدیہہ شعر پڑھا،

لائے ہیں ڈھونڈ کے بازار سے آلو اچھے
اس میں کچھ شک نہیں، ہیں حور کے خالو اچھے

❖ اکبر کے مشہور ہوجانے پر بہت سے لوگوں نے ان کی شاگردی کا دعوی کردیا۔ ایک صاحب کو دور کی سوجھی۔ انہوں نے خود کو اکبر کا استاد مشہور کردیا۔ اکبر کو جب یہ اطلاع پہنچی کہ حیدرآباد میں ان کے ایک استاد کا ظہور ہوا ہے، تو کہنے لگے، ”ہاں مولوی صاحب کا ارشاد سچ ہے۔ مجھے یاد پڑتا ہے میرے بچپن میں ایک مولوی صاحب الہ آباد میں تھے۔ وہ مجھے علم سکھاتے تھے اور میں انہیں عقل، مگر دونوں ناکام رہے۔ نہ مولوی صاحب کو عقل آئی اور نہ مجھ کو علم۔“

❖ ایک مرتبہ حضرت اکبر الہ آبادی کے ایک دوست نے انہیں ایک ٹوپی دکھائی جس پر قل ھواللہ کڑھا ہوا تھا۔ آپ نے دیکھتے ہی فرمایا،
”بھئی بہت عمدہ ہے۔ کسی دعوت میں کھانا ملنے میں دیر ہوجائے تو یہ ٹوپی پہن لیا کرو۔ سب سمجھ لیں گے انتڑیاں قل ھو اللہ پڑھ رہی ہیں۔“

❖ ایک مرتبہ جب ماہ رمضان گزر چکا تو بہادر شاہ بادشاہ نے مرزا صاحب سے پوچھا کہ،
”مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟“ مرزا صاحب نے جواب دیا، ”پیرو مرشد ایک نہیں رکھا۔“
ایک مرتبہ ماہ رمضان میں مرزا غالبؔ نواب حسین مرزا کے ہاں گئے اور پان منگاکر کھایا۔ ایک متقی

پرہیزگار شخص جو پاس ہی بیٹھے تھے بڑے متعجب ہوئے اور پوچھا، "حضرت آپ روزہ نہیں رکھتے؟"
مرزا صاحب نے مسکرا کر کہا، "شیطان غالب۔"

- ❖ ایک دن جبکہ آفتاب غروب ہورہا تھا، سید سردار مرزا، مرزا غالبؔ سے ملنے کو آئے۔ جب تھوڑی دیر کے بعد وہ جانے لگے تو مرزا صاحب خود شمع لے کر فرش کے کنارے تک آئے تاکہ سید صاحب اپنا جوتا روشنی میں دیکھ کر پہن لیں۔ انہوں نے کہا، "قبلہ! آپ نے کیوں تکلیف فرمائی؟ میں جوتا خود ہی پہن لیتا۔" مرزا صاحب بولے، "میں آپ کا جوتا دکھانے کو شمع نہیں لیا، بلکہ اس لیے لایا ہوں کہ کہیں آپ میرا جوتا نہ پہن جائیں۔"

- ❖ کسی مشاعرے میں ایک نو مشق شاعر اپنا غیر موزوں کلام پڑھ رہے تھے۔ اکثر شعراء آدابِ محفل کو ملحوظ رکھتے ہوئے خاموش تھے لیکن جوش صاحب پورے جوش و خروش سے ایک ایک مصرعے پر داد و تحسین کی بارش کیے جا رہے تھے۔ گوپی ناتھ امن نے ٹوکتے ہوئے پوچھا: قبلہ، یہ آپ کیا کر رہے ہیں؟
جوش صاحب نے بہت سنجیدگی سے جواب دیا: "منافقت" اور پھر داد دینے میں مصروف ہو گئے۔

- ❖ دہلی میں پیروڈی شاعری کا مشاعرہ تھا۔ جب گلزار زتشی کا نام صدارت کے لیے پیش کیا گیا تو وہ انکسار سے بولے:
حضور! میں صدارت کا اہل کہاں ہوں؟
اس پر کنور مہندر سنگھ نے فرمایا:
مطمئن رہیں، آپ بھی صدر کی پیروڈی ہی ہیں۔

## 9.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- طویل اور مرکب جملے عام طور پر کئی الفاظ اور فقروں پر مشتمل ہوتے ہیں، جو اسے تفصیلی اور وضاحتی بناتے ہیں۔
- طویل اور مرکب جملے مختلف جملوں یا فقروں کو ہم آہنگی کے ساتھ جوڑتے ہیں، جس سے معنی و مطلب اور مفہوم واضح اور مربوط ہو جاتے ہیں۔
- طویل اور مرکب جملوں میں اکثر "اور"، "لیکن"، "کیونکہ"، "جب کہ"، "چوں کہ" جیسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں تاکہ خیالات

کو آپس میں جوڑا جا سکے۔

- طویل اور مرکب جملے عام طور پر کسی خیال، واقعے یا بات کی تفصیل سے وضاحت کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔
- طویل اور مرکب جملے اکثر علمی، ادبی اور تحریروں میں استعمال کیے جاتے ہیں، جہاں مکمل وضاحت ضروری ہوتی ہے۔
- طویل اور مرکب جملوں میں کاما (،)، سیمی کولن (؛)، جیسے دیگر رموزِ اوقاف کا استعمال اہم ہوتا ہے تاکہ پڑھنے والا آسانی سے مفہوم کو سمجھ سکے۔
- اگر طویل جملہ بہت زیادہ طوالت اختیار کرلے اور غیر ضروری تفصیلات پر مشتمل ہو تو پڑھنے والے کے لیے اس کا مطلب سمجھنا مشکل ہو سکتا ہے۔

## 9.4 مشکل الفاظ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فقرہ | : | الفاظ کا مجموعہ | : | Sentence / Phrase |
| نہایت | : | انتہا، بہت زیادہ | : | Extremely / Very |
| دلکش | : | دل کو اچھا لگنے والا، دل چسپ | : | Attractive / Charming |
| نم آلود | : | نمی والا، پانی سے تر، گیلا | : | Moist / Damp |
| صوم | : | روزہ | : | Fasting |
| صلوٰۃ | : | نماز | : | Islamic prayer |
| بٹوہ | : | پرس (Purse) | : | Wallet / Purse |
| خوشامد | : | چاپلوسی کی باتیں۔ جھوٹی تعریف | : | Flattery |
| وراثت | : | باپ دادا سے ملنے والی دولت، زمین | : | Inheritance |
| مزاج | : | انسان کی طبیعت | : | Mood |
| تلخ گو | : | کڑوا بولنے والا | : | Bitter-tongued |
| حافظہ | : | یاد رکھنے کی قوت | : | Memory |
| حکایت | : | قصہ، کہانی، بات | : | Story / Anecdote |
| لطائف | : | لطیفہ کی جمع، مزاحیہ تحریر | : | Humorous stories |
| رموزِ اوقاف | : | عبارت میں لگنے والے الفاظ کے درمیان کے وقفے، نشانات | : | Punctuation marks |

## 9.5 مشقیں

مشق 1: معنی و مطلب کے لحاظ سے درست جملے کی نشاندہی کیجیے۔

i. شیر باغیچے میں رہتا ہے۔

ii. گلہری پیڑ پر رہتی ہے۔

iii. درخت جنگل میں اگتے ہیں۔

iv. لومڑی چالاک ہوتی ہے۔

v. شیر، خرگوش، بھالو سبھی پرندے ہیں۔

مشق 2: ذیل میں دیے گئے الفاظ کے معنی بتائیں۔

i. نم آلود ..........................

ii. صوم ..........................

iii. صلوٰۃ ..........................

iv. خوشامد ..........................

v. وراثت ..........................

vi. حکایت ..........................

## 9.6 نمونۂ امتحانی سوالات

### 9.6.1 معروضی سوالات:

1۔ طویل جملے سے کیا مراد ہے؟

(a) چھوٹا جملہ (b) اچھا جملہ (c) مفرد جملہ (d) لمبا جملہ

2۔ مرکب جملے کا کیا مطلب ہے؟

(a) دو جملے کو جوڑنا (b) دو جملے کو الگ کرنا (c) چھوٹے جملے لکھنا (d) بڑے جملے لکھنا

3۔ "لیکن"، "کیونکہ"، "جب کہ"، "چوں کہ" جیسے لفظ کس قسم کے جملے میں استعمال ہوتے ہیں؟

(a) مفرد (b) مرکب (c) چھوٹے (d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ طویل اور مرکب جملے میں ہوتے ہیں؟

(a) ایک جملہ (b) چھوٹا جملہ (c) کئی جملے (d) مفرد جملہ

5۔ کاما(،)، سیمی کولن(؛)، جیسے دیگر رموزِ او قاف کس قسم کے جملے میں استعمال ہوتے ہیں؟

(a) طویل (b) چھوٹا (c) مفرد (d) ان میں سے کوئی نہیں

### 9.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ عام قسم کے چند طویل اور مرکب جملے لکھیے۔

2۔ طویل اور مرکب جملے استعمال کرتے ہوئے ایک حکایت لکھیے۔

3۔ اپنی پسند کا ایک لطیفہ لکھیے۔

### 9.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ "محنت کا صلہ" اور "غرور کا انجام" کا خلاصہ لکھیے۔

2۔ اکائی میں شامل لطائف میں سے کوئی دو لطیفے لکھیے۔

9.6.1 کے جوابات: 1-d 2-a 3-b 4-c 5-a

# اکائی 10: عام استعمال کے جملے

## اکائی کے اجزا


10.0 تمہید
10.1 مقاصد
10.2 عام استعمال کے جملے
10.2.1 جسم کے اعضا
10.2.2 خاندانی رشتے
10.2.3 پیشہ ور
10.2.4 رنگ
10.2.5 کپڑے اور جوتے
10.2.6 جانور پرندے اور کیڑے
10.2.7 پھول
10.2.8 سازوسامان
10.2.9 دھاتیں
10.2.10 کھانے پینے کی اشیا
10.3 اکتسابی نتائج
10.4 مشکل الفاظ
10.5 مشقیں
10.6 نمونہ امتحانی سوالات


## 10.0 تمہید

زبان انسانی رابطے کا بنیادی ذریعہ ہے۔زبان میں مہارت ہم اسی وقت حاصل کرسکتے ہیں جب ہمارے پاس الفاظ کا ذخیرہ موجود ہو۔جتنا زیادہ ہم الفاظ کو یاد رکھتے ہیں اتنا ہی موثر طریقے سے ہم اپنے خیالات،جذبات اور تصورات کو جملوں میں بیان کرسکتے

ہیں۔روزمرہ کی زندگی اور عام بول چال سے متعلق الفاظ کو جاننا اور ان کے معنی و مفہوم کو سمجھنا زبان کے سیکھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے، کیوں کہ انہیں الفاظ سے جملے بنائے جاتے ہیں۔

الفاظ کی خاص ترتیب و تنظیم سے جملہ وجود میں آتا ہے۔ جملہ الفاظ کے اس مجموعے کو کہا جاتا ہے جس میں کہنے والا یا لکھنے والا جب کوئی بات کہتا یا لکھتا ہے تو سننے یا پڑھنے والے کو پوری بات سمجھ میں آجاتی ہے۔ اس اکائی میں ہم اردو زبان کے عام استعمال کے الفاظ اور جملوں میں ان کے استعمال کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

## 10.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعے سے آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- عام استعمال کے الفاظ و جملوں کے بارے میں جان سکیں۔
- ان الفاظ کو پہچان سکیں جن سے جملے بنتے ہیں۔
- مشقوں کے ذریعہ عام جملے درست انداز میں بنا سکیں۔
- روزمرہ استعمال ہونے والے الفاظ و جملوں کو یاد کر سکیں۔

## 10.2 عام استعمال کے جملے

### 10.2.1 جسم کے اعضا (Parts of the Body)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سر | Sar | Head | چہرہ | Chehra | Face |
| بال | Baal | Hair | پلک | Palak | Eyelash |
| پپوٹا | Papota | Eyelid | بھوں | bhaun | eyebrow |
| ناک | Naak | Nose | منہ | munh | mouth |
| پیشانی | Peshani | Forehead | کان | Kaan | Ear |
| گال | Gaal | Cheek | تھوڑی | Thodi | Chin |
| گردن | Gardan | Neck | حلق | Halaq | Throat |
| دانت | Dant | Tooth | مسوڑھے | Masudhe | Gums |
| سینہ | Seena | chest | کندھا | Kandha | Shoulder |
| بازو | Bazoo | Arm | کمر | Kamar | Waist |
| پیٹھ | Peeth | Back | بغل | Baghal | Armpit |

| | | |
|---|---|---|
| Elbow | Kohni | کہنی |
| Hand | Hath | ہاتھ |
| Thumb | Angootha | انگوٹھا |
| Thigh | Raan | ران |
| Shin | Pindli | پنڈلی |
| Foot | Paoon | پاؤں |
| Hip | Koolha | کولہا |
| Bone | Haddi | ہڈی |
| Flesh | Gosht | گوشت |
| Heart | Dil | دل |
| Blood | Khoon | خون |
| Skull | Khopdi | کھوپڑی |
| Liver | Kaleja | کلیجہ |
| Temple | Kanpatti | کنپٹی |
| Wrist | kalai | کلائی |
| Finger | Ungli | انگلی |
| Nail | Nakhoon | ناخن |
| Knee | Ghutna | گھٹنا |
| Ankle | Takhna | ٹخنہ |
| Toe | Angootha | پیر کا انگوٹھا |
| Skin | Jild | جلد |
| Muscles | Uzlaat | عضلات |
| Brain | Damagh | دماغ |
| Lungs | Phephde | پھیپھڑے |
| Rib | Pasli | پسلی |
| Kidney | Gurda | گردہ |
| Intestine | Aant | آنت |
| Spleen | Tilli | تلی(طحال) |

عام استعمال کے جملے:

- انسانی بدن تین حصوں پر مشتمل ہے۔ سر، جسم اور اعضا۔
- ان کے چہرے پر آنکھیں اور ناک اور منہ ہوتا ہے۔
- دماغ سوچنے سمجھنے کے لیے ہے۔
- انسان زبان سے بولتا ہے اور ناک سے سونگھتا ہے۔
- انسان کے منہ میں ایک زبان اور بتیس دانت ہوتے ہیں۔
- کان سے دوسروں کی بات سنی جاتی ہے۔
- جسم میں پیٹ اور پیٹھ شامل ہیں۔
- ہاتھ لکھنے کے کام آتا ہے۔
- ہم پاؤں سے چلتے پھرتے ہیں۔
- میرے پیٹ میں درد ہو رہا ہے۔ آنتوں میں سوجن ہو گئی ہے۔

- یوسف کے گال سرخ سیب جیسے ہیں۔
- وندنا کی کلائیوں میں چوڑیاں ہیں۔
- جسم میں خون کی روانی پائی جاتی ہے۔
- ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔
- کمر میں درد ہے اور گھٹنے میں بھی چوٹ آئی ہے۔
- زید کے بازو بہت مضبوط ہیں۔
- وکاس کا چہرہ چمک رہا ہے۔
- خالد کا گردہ خراب ہو گیا ہے۔
- اکمل نے بطخ کی گردن پکڑی۔

### 10.2.2 خاندانی رشتے:(Family relationship)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بھائی | Bhai | Brother | بہن | Bahen | Sister |
| والدین | Walidain | Parents | بیوی | Beevi | Wife |
| شوہر | Shouhar | Husband | بچہ | Bachcha | Child |
| بیٹا | Beta | Son | بیٹی | Beti | Daughter |
| والدہ/ماں | Maan | Mother | والد/باپ | Baap | Father |

| | | |
|---|---|---|
| پوتا | Pota | Grandson (paternal) |
| پوتی | Poti | Granddaughter (paternal) |
| نواسہ | Nawasa | Grandson (maternal) |
| نواسی | Nawasi | Granddaughter (maternal) |
| دادا | Dada | Grandfather (paternal) |
| دادی | Dadi | Grandmother (paternal) |
| نانا | Nana | Grandfather (maternal) |
| نانی | Nani | Grandmother (maternal) |
| بھتیجی | Bhatiji | Niece (brother's daughter) |
| بھتیجا | Bhatija | Nephew(brother's son) |

| | | |
|---|---|---|
| Nephew (sister's son) | Bhanja | بھانجہ |
| Niece(Sister's daughter) | Bhanji | بھانجی |
| Uncle (father's younger brother | Chacha | چچا |
| Uncle (father's elder brother) | Taaya | تایا |
| Uncle (mother's brother) | Mamun | ماموں |
| Uncle (husband of father's sister) | Phupha | پھوپھا |
| Uncle (husband of mother's sister) | Khalu | خالو |
| Aunt (father's sister) | Phuphi | پھوپھی |
| Aunt (mother's sister) | Khala | خالہ |
| Aunt (wife of father's younger brother) | Chachi | چچی |
| (Mother in law) | Khush Daman/Saas | خوش دامن / ساس |
| (Father in law) | Khusar/Susar | خسر / سُسر |
| Aunti (wife of father's elder brother) | Taayi | تائی |
| Aunt (wife of mother's brother) | Maami | مامی |
| Sister in law (sister of wife) | Saali | نسبتی بہن / سالی |
| Sister in law (brother's wife) | Bhabhi | بھابھی |
| Brother in law (brother of wife) | Saala | برادرِ نسبتی / سالا |
| (Son in law) | Damaad | داماد |
| (Daughter in Law) | Bahu | بہو |
| (Brother in law) | Bahnoi | بہنوئی |
| Brother in law (husband's younger brother) | Dewer | دیور |
| Brother in law (husband's elder brother) | Jeth | جیٹھ |
| Wife of husband's younger brother | Dewrani | دیورانی |
| Wife of husband's elder brother | Jethani | جیٹھانی |
| In laws | Sasural | سسرال |

| | | |
|---|---|---|
| A wife's maternal home | Maika | میکہ |
| Great grandfather (paternal) | Pardada | پردادا |
| Great grandfather (maternal) | Parnanna | پرنانا |
| Great grandson (paternal) | Parpota | پرپوتا |
| Great grandson (maternal) | Parnawasa | پرنواسہ |
| Ancestor's | Aba o ajdad | آباواجداد |
| Husband's sister | Nanad | نند |
| Step-mother | Sauteli Maan | سوتیلی ماں |
| Cobrother | Sadhu/Ham Zulf | ہم زلف / ساڑھو |

عام استعمال کے جملے:

- رام لعل ایک بہت بڑا کسان ہے۔
- اس کے والد کا نام شیام لعل تھا۔
- رحیم کے چار بھائی تھے۔ بڑے بھائی ٹیچر تھے۔
- اس سے چھوٹے بھائی شہر میں رہتے تھے۔
- رام لعل کا بھتیجا ڈاکٹر ہے۔ وہ اپنے نانا کے گھر رہتا ہے۔
- اس کے ماموں بھی ایک مشہور سرجن تھے۔ ممانی گھریلو خاتون تھیں۔
- رام لعل کا سسرال راجستھان میں ہے۔ اس کے دو سالے فوج میں ہیں۔ سسر گاؤں کے پردھان ہیں۔
- رام لعل کی کوئی سالی نہیں ہے۔
- رام لعل کے تین بچے ہیں۔ بڑے لڑکے کی شادی اجمیر کے ایک امیر گھرانے میں ہوئی ہے۔
- رام لعل کے ایک پوتا اور ایک پوتی ہے، جن کی عمر تین اور چار سال کی ہے۔
- اکبر کا نواسہ بہت شریر ہے۔ اس کا داماد پیشے سے وکیل ہے۔ اس کے پھوپھا اور پھوپھی کھیتی باڑی کرتے ہیں۔
- خالد کے پردادا ایک بڑے کسان تھے۔
- لکشمن کے نانا کی گاؤں میں بہت زمین ہے۔
- گوپی کے آباواجداد کا تعلق مدھیہ پردیش سے تھا۔ مگر وہ لوگ اپنی سسرال میں رہنے لگے تھے۔

### 10.2.3 نوکری اور پیشہ ور(Jobs and professionals)

| | | |
|---|---|---|
| معمار | Memaar | Architect/Brilder |
| دندان ساز | Dandan saz | Dentist |
| اداکار | Adakar | Actor |
| اداکارہ | Adakara | Actress |
| ملاح | Mallah | Sailor |
| نان بائی | Nan bai | Baker |
| رقاص/رقاصہ | Raqqas | Dancer |
| فنکار | Fankar | Artist |
| موسیقار | Musiqar | musician |
| وکیل | Wakeel | Lawyer |
| طالب علم | Talb−e−Ilm | Student |
| استاد | Ostad | Teacher |
| سپاہی | Sipahi | Soldier |
| مالی | Maali | Gardener |
| باورچی | Bawarchi | Cook |
| قصاب | Qassab | Butcher |
| موچی | Mochi | Shoemaker |
| جوہری | Johari | Jeweler |
| حجام | Hajjam | Barber |
| لوہار | Lohaar | Blacksmit |
| بڑھئی | Badhai | Carpenter |
| درزی | Darzi | Tailor |
| سنار | Sunaar | Goldsmith |
| کسان | Kisaan | Farmer |

| | | |
|---|---|---|
| دھوبی | Dhobi | Washer man |
| کمہار | Kumhar | Potter |

عام استعمال کے جملے:

- رام کا بھائی ایک معمار (Architect) ہے۔ وہ بڑھئی کا کام بھی جانتا ہے۔
- آشنا اداکار ہے۔ وہ بہترین رقاصہ بھی ہے۔
- راجو ایک اچھا اداکار ہے۔ وہ ناٹک میں کام کرتا ہے۔
- رمیش اس شہر کا مشہور دندان ساز ہے۔
- ممتا اور اس کا بھائی رادھے شیام لوہار ہے۔
- مشرا جی کا ایک بیٹا سپاہی ہے اور ایک بیٹا وکیل۔
- کھانا پکانے کے لیے ایک باورچی کی ضرورت ہے۔
- بازار میں قطار سے حجام، موچی اور قصاب کی دوکانیں ہیں۔
- شیام ایک اچھا سنار ہے۔ اس کے بنائے ہوئے گہنے بہت پسند کیے جاتے ہیں۔
- ندی کے کنارے دھوبی گھاٹ بنا ہوتا ہے جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں۔
- کسان کھیت میں بیج ڈالتا ہے تاکہ فصل تیار ہو۔
- درزی نے میرے کپڑے ابھی تک نہیں سیے۔
- زید کا بھائی ایک طالب علم ہے۔ وہ ایک اچھا موسیقار بھی ہے۔

### 10.2.4 رنگ (Colours)

| | | |
|---|---|---|
| لال | Laal | Red |
| پیلا | Peela | Yellow |
| ہرا | Hara | Green |
| نیلا | Neela | Blue |
| کالا، سیاہ | Kaala | Black |
| زعفرانی | Zafrani | Orange |
| بھورا | Bhoora | Brown |
| گلابی | Gulabi | Pink |

| | | |
|---|---|---|
| Grey | Khaki | خاکی |
| Golden | Sunehra | سنہرا |
| white | Safed | سفید |
| Purple | Ooda | اودا |

عام استعمال کے جملے:

- خالد کی جیپ کا رنگ لال ہے۔
- اس کا بھائی پیلے رنگ کی قمیص پہنے ہوئے ہے۔ اس کے بٹن کالے ہیں۔
- رام کے جوتے کا رنگ بھورا ہے۔ وہ نیلے رنگ کی جاکٹ پہنتا ہے۔
- اکبر کو ہرا رنگ بہت پسند ہے۔
- شیام ہمیشہ سفید کرتا پہنتا ہے۔
- آسمان کا رنگ نیلا ہے۔ باغ میں گلابی پھول کھلے ہیں۔
- سپاہی خاکی وردی پہنتے ہیں۔
- مریم کو زعفرانی رنگ کی چوڑیاں خریدنی ہیں۔
- اکرم بازار سے سنہرے اور اودے رنگ کے کپڑے لاؤ۔

### 10.2.5 کپڑے اور جوتے (Clothes and Footwear)

| | | |
|---|---|---|
| Tie | Tai | ٹائی |
| Cap | Topi | ٹوپی |
| Pyjama | Pajama | پاجامہ |
| Kurta | Kurta | کرتا |
| Sherwani | Sherwani | شیروانی |
| Collar | Collar | کالر |
| Shirt | Qamees | قمیص |
| Gloves | Dastane | دستانے |
| Shoes | Joote | جوتے |
| Sandal | Sandil | سینڈل |

| | | |
|---|---|---|
| Socks | Moze | موزے |
| Skirt | Frock | فراک |
| Veil | Burqa/Niqaab | برقعہ/نقاب |
| Gown | Jubba | جبہ |
| Lace | Feeta | فیتہ |
| Handkerchief | Rumaal | رومال |

عام استعمال کے جملے:

- گرمیوں کی چھٹی میں زید آگرہ گھومنے گیا۔
- اس نے آگرہ بازار سے اپنے لیے لال رنگ کی ٹائی اور نیلے رنگ کی ٹوپی خریدی۔
- وہ پاجاما اور قمیص بھی خریدنا چاہتا تھا، لیکن بہت مہنگے تھے۔
- رام نے اپنے بھائی کے لیے موزے اور جوتے خریدے۔ بہن کے لیے فراک اور سینڈل لیا۔
- خالد نے اپنی ماں کے لیے برقعہ اور والد کے لیے جبہ خریدا۔
- اس نے تاج محل کی سیر کی۔ آگرہ بازار اسے بہت پسند آیا۔

### 10.2.6 جانور، پرندے اور کیڑے (Animals, Birds and Insects)

| | | |
|---|---|---|
| Ttortoise | Kachhuwa | کچھوا |
| Cat | Billi | بلی |
| Dog | Kutta | کتا |
| Monkey | Bandar | بندر |
| Mouse | chooha | چوہا |
| Cow | Gaaye | گائے |
| Donkey | Gadha | گدھا |
| Horse | Ghoda | گھوڑا |
| Hen | Murghi | مرغی |
| Goat | Bakri | بکری |
| Sheep | Bhed | بھیڑ |

| | | |
|---|---|---|
| Goose | Qaaz | قاز |
| Rabbit | Khargosh | خرگوش |
| Duck | Batakh | بطخ |
| Tiger | Sher | شیر |
| Fox | Lomdi | لومڑی |
| Deer | Hiran | ہرن |
| Camel | Oont | اونٹ |
| Elephant | Hathi | ہاتھی |
| Lion | Babar | ببر |
| Jackal | Gidad | گیڈر |
| Leopard | Tendua | تیندوا |
| Bear | Reech | ریچھ |
| Snake | Saanp | سانپ |
| Wolf | Bhediya | بھیڑیا |
| Hyena | Lakadbaggha | لکڑبگھا |
| Squirrel | Gilehri | گلہری |
| Bird | Parinda | پرندہ |
| Animal | Janwar | جانور |
| Parrot | Tota | طوطا |
| Kite | Cheel | چیل |
| Crow | Kawwa | کوا |
| Cuckoo | Koel | کوئل |
| Crane | Bugla | بگلا |
| Nightingale | Bulbul | بلبل |
| Woodpecker | Hudhud | ہدہد |

| | | |
|---|---|---|
| Peacock | Mor | مور |
| Pigeon | Kabootar | کبوتر |
| Eagle | Oqab | عقاب |
| Vulture | Gidh | گدھ |
| Dove | Fakhta | فاختہ |
| Chameleon | Girget | گرگٹ |
| Crab | Kekda | کیکڑا |
| Stag | Barasingha | بارہ سنگھا |
| Scorpion | Bichhoo | بچھو |
| Butterfly | Titli | تتلی |
| Cobra | Naag Sanp | ناگ سانپ |
| Pythan | Azdaha | اژدہا |
| Lizard | Chhipkali | چھپکلی |
| Cockroach | Jheengar | جھینگر |
| Mosquito | Machhar | مچھر |
| Bee | Makkhi | مکھی |
| Ant | Chunti | چیونٹی |
| Grasshopper | Tidda | ٹڈا |
| Owl | Ullu | الّو |
| Swan | Hans | ہنس |
| Buffalo | Bhains | بھینس |
| Ox | Bail | بیل |
| Rhino | Genda | گینڈا |
| Hipppo-tamus | Daryaee Ghoda | دریائی گھوڑا |
| Mule | Khachhar | خچّر |

| | | |
|---|---|---|
| گھوڑی | Ghodi | Mare |
| مچھلی | Machli | Fish |
| سوّر | Suwwar | Pig |

عام استعمال کے جملے:

- چڑیا گھر میں بہت سے جانور اور پرندے ہیں۔
- چوہا بل میں رہتا ہے۔ گلہری امرود کھاتی ہے۔
- کبوتر نے اپنے گھونسلے میں انڈے دیئے ہیں۔
- خرگوش کا رنگ سفید ہے۔
- کوا کائیں کائیں کرتا ہے۔
- راجو کے تالاب میں کچھوے اور مچھلیاں ہیں۔
- شیر اور تیندوے جنگل میں رہتے ہیں۔
- مور ناچتا ہے تو بھلا معلوم ہوتا ہے۔
- صبح سویرے کوئل اپنی پیاری آواز سے سب کے دل کو لبھاتی ہے۔
- بندر نقل کرنے میں ماہر ہوتے ہیں۔ گرگٹ اپنا رنگ بدلتا رہتا ہے۔
- چیل نے مرغی کے بچے کو کھالیا تھا۔
- بھیڑیا ایک بے رحم جانور ہے۔
- پیڑ پر طوطے، فاختہ، کوئل، کوا، ہدہد جیسے چرند و پرند بسیرا کرتے ہیں۔
- ہرن اور بارہ سنگھا جنگل میں گھاس چر رہے ہیں۔

### 10.2.7 پھول(Flowers)

| | | |
|---|---|---|
| گلاب | Gulab | Rose |
| کنول | Kanwal | Lotus |
| سورج مکھی | Suraj mukhi | Sunflower |
| چنبیلی | Chanbeli | Jasmine |
| گیندا | Genda | Marigold |
| سوسن | Sosan | Lilly |

| | | |
|---|---|---|
| کلی | Kali | Bud |
| پودا | Pauda | Plant |

عام استعمال کے جملے:

- اشوک کے باغ میں پھولوں کے کئی پودے ہیں۔
- کنول تالاب میں پایا جاتا ہے۔
- سورج مکھی کے پھول سے تیل پیدا ہوتا ہے۔
- زاہد نے چنبیلی کی خوشبو کا عطر خریدا تھا۔
- گیندے کا پھول گھروں کو سجانے کے کام آتا ہے۔
- سوسن ایک خوبصورت پھول ہے۔
- چنبیلی کی بیل پر کلیاں لگ رہی ہیں۔

### 10.2.8 سازوسامان (Materials)

| | | |
|---|---|---|
| پتھر | Pathar | Stone |
| لکڑی | Lakdi | Wood |
| شیشہ | Sheesha | Glass |
| دھات | Dhat | Metal |
| چمڑا | Chamda | Leather |
| اینٹ | Eint | Brick |
| ریت | Ret | Sand |
| روئی، کپاس | Kapas | Cotton |
| اون | Woon | Wool |
| ریشم | Resham | Silk |
| کاغذ | Kaghaz | Paper |
| ہیرا | Heera | Diamond |

عام استعمال کے جملے:

- لال قلعہ پتھر سے بنایا گیا ہے۔ اس کے دروازے لکڑی کے ہیں۔

- گھر کی کھڑکی کا شیشہ ٹوٹ گیا۔
- کانپور میں چمڑے کا کاروبار ہوتا ہے۔
- چمڑے سے بیگ، جیکٹ اور بیلٹ بنائے جاتے ہیں۔
- راجستھان میں ریت کے میدان ہیں۔
- مدھیہ پردیش میں کپاس کی کھیتی ہوتی ہے۔
- ریشم کا کپڑا بہت مہنگا ہوتا ہے۔
- اون سے سویٹر بنے جاتے ہیں جو جاڑے کے موسم میں پہنے جاتے ہیں۔
- کتاب کا کاغذ بہت اچھا ہے۔

### 10.2.9 دھات (Metals)

| | | |
|---|---|---|
| سونا | Sona | Gold |
| چاندی | Chandi | Silver |
| تانبہ | Tamba | Copper |
| فولاد | Faulaad | Steel |
| لوہا | Loha | Iron |
| سیسہ | Seesa | Lead |
| جست | Jast | Zinc |
| ٹین | Teen | Tin |
| پارہ | Para | Mercury |
| پیتل | Peetal | Brass |

عام استعمال کے جملے:

- سونا ایک قیمتی دھات ہے، جس سے زیور بنائے جاتے ہیں۔
- چاندی کے برتنوں میں راجہ مہاراجہ کھانا کھاتے تھے۔
- تانبے کے برتن بہت ہی نفیس ہوتے ہیں۔
- فولاد اور لوہے سے بس، ٹرین اور گاڑیوں کے پرزے تیار ہوتے ہیں۔

### 10.2.10 کھانے پینے کی اشیا(Food and Drink)

| | | |
|---|---|---|
| Chicken | Murgh ka gosht | مرغ کا گوشت |
| Beef | Bhains ka gosht | بھینس کا گوشت |
| Mutton | Bakre ka gosht | بکرے کا گوشت |
| Crab | Kekda | کیکڑا |
| Prawn | Jhinga | جھینگا |
| Fish | Machli | مچھلی |
| Curd | Dahi | دہی |
| Cream | Malai | ملائی |
| Milk | Doodh | دودھ |
| Mustard | Sarsun | سرسوں |
| Pepper | Mirch | کالی مرچ |
| Salt | Namak | نمک |
| Oil | Tel | تیل |
| Vinegar | Sirka | سرکہ |
| Toast | Tose | توس |
| Porridge | Dalia | دلیہ |
| Rice | Chawal | چاول |
| Honey | Shahad | شہد |
| Bread | Roti | روٹی |
| Pulses | Dalen | دالیں |
| Wheat | Gehun | گیہوں |
| Eggs | Anda | انڈا |
| Coffee | Coffee | کافی |
| Tea | Chai | چائے |

| | | |
|---|---|---|
| پانی | Pani | Water |
| غذا | Ghiza | Food |
| مکھن | Makhan | Butter |
| شکر | shakkar | Sugar |
| برف | Barf | Ice |
| پھل | phal | Fruit |
| ادرک | Adrak | Ginger |
| لہسن | Lahsan | Garlic |
| پیاز | Piyaz | Onion |
| ترکاری | Tarkari | Vegetable |
| ہلدی | Haldi | Turmeric |
| مرچ | Mirch | Chilli |

عام استعمال کے جملے:

- حیدرآباد کی بریانی بہت مشہور ہے جو گوشت سے بنتی ہے۔
- سمندر میں مچھلی، جھینگے اور کیکڑے پائے جاتے ہیں۔
- دودھ سے ملائی اور دہی بنتا ہے۔
- جاڑے کے موسم میں کشمیر میں برف پڑتی ہے۔
- پنجاب میں گیہوں اور چاول پیدا ہوتا ہے۔

## 10.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھی:

- روز مرہ استعمال ہونے الفاظ وجملوں کو عام استعمال کے جملے کہا جاتا ہے۔
- جسم کے اعضا کے نام جیسے سر، آنکھ، دل، کلیجہ، ہاتھ، پیر، پیٹ، کان، ناک، دانت کے بارے میں جانا۔
- خاندانی رشتوں مثلاً بھائی، بہن، ماں، باپ، دادا، دادی، تایا، چچا، ماما، مامی، پھوپھا، داماد، سسر کسے کہتے ہیں۔
- جو عمارتوں کا نقشہ بناتا ہے اسے معمار کہتے ہیں اسی طرح مصنوعی دانت بنانے والے کو دندان ساز کہا جاتا ہے۔

- آسمان کا رنگ نیلا ہوتا ہے۔ خالد کی کتاب کا رنگ لال ہے۔
- سپاہیوں کی وردی کا رنگ خاکی ہوتا ہے۔ دھوبی کپڑے دھوتا ہے۔ گلابی رنگ بہت پیارا ہوتا ہے۔
- ٹوپی، فراک، قمیص، پاجامہ سب صندوق میں ہیں۔ چمڑے کے جوتے بنتے ہیں۔
- جانوروں اور چڑیوں کے نام سے واقف ہوئے۔ Monkey کو اردو میں بندر کہتے ہیں۔ ہرن جنگل میں رہتا ہے۔
- ہاتھی بڑا جانور ہے۔ شیر اور بھیڑیا بھی جنگلی جانور ہیں۔
- زید کا گھر پتھر (Stone) سے بنا ہے۔ لکڑی (Wood) کے دروازے ہیں۔
- سونا (Gold) ایک قیمتی چیز ہے۔ چاندی (Silver) کے زیور اور برتن بنائے جاتے ہیں۔
- مچھلی اور جھینگا سمندر میں پائے جاتے ہیں۔
- کھانے اور پینے کی اشیا جیسے دودھ، دہی، چائے، کافی، نمک، شہد، دالیں، چاول، ادرک، لہسن، پیاز وغیرہ کے ناموں کو جانا۔

## 10.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | | معنی | | |
|---|---|---|---|---|
| تسلسل | : | لگاتار، جو مسلسل ہو | : | Continuity |
| مشق | : | بار بار کرنے کا عمل | : | Exercise |
| جملہ | : | الفاظ کا مجموعہ | : | Sentence |
| معنی | : | مطلب، مراد | : | Meaning |
| خریدنا | : | قیمت ادا کر کوئی چیز لینا | : | Buy, Purchase |
| قیمتی | : | بہت مہنگا | : | Valuable, Precious |
| نفیس | : | عمدہ | : | Elegant |

## 10.5 مشقیں

مشق 1: نیچے دیے گئے الفاظ کو عام جملوں میں استعمال کیجیے۔

i. دماغ .........................................................................................

ii. کلیجہ .........................................................................................

iii. بھائی .........................................................................................

iv. نانا .........................................................................................

v. بھتیجا ..........................................................................

vi. سسرال ..........................................................................

vii. نمک ..........................................................................

viii. دودھ ..........................................................................

مشق2: خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔

جانور، سپاہی، چاول، گیہوں، گلاب، انار، خونخوار، پرندے، سریلی، ندی، تھیلا، بیگ، چالاک، ہوشیار

i. زید کا بھائی........................ہے۔

ii. پنجاب میں..........................زیادہ پیدا ہوتا ہے۔

iii. میرے باغ میں..................کا پھول کھلا ہے۔

iv. شیر ایک........................جانور ہے۔

v. سونا ایک..................ہے جس سے زیور بنتا ہے۔

vi. چڑیا گھر میں ہر قسم کے..............................پائے جاتے ہیں۔

vii. کوئل کی آواز.........................................ہوتی ہے۔

viii. کنول..........................میں کھلتا ہے۔

مشق3: نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

سوال۔ رام لعل کا بھتیجا کیا کرتا ہے؟

جواب۔ ..........................................................................

سوال۔ مچھلی اور جھینگے کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب۔ ..........................................................................

سوال۔ برف کس جگہ پڑتی ہے؟

جواب۔ ..........................................................................

سوال۔ زبان سے کیا کام لیتے ہیں؟

جواب۔ ..........................................................................

## 10.6 نمونہ امتحانی سوالات

### 10.6.1 معروضی سوالات:

1۔ Hair کو اردو کیا کہتے ہیں؟

(a) بال (b) ناک (c) گال (d) زبان

2۔ Muscles کے لیے صحیح اردو لفظ کون سا ہے؟

(a) ازلات (b) عذلات (c) اظلات (d) عضلات

3۔ دل کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(a) Brain (b) Skin (c) Heart (d) Liver

4۔ بیٹی کا شوہر، بیٹی کی ماں باپ کا کیا ہو گا؟

(a) نواسہ (b) داماد (c) پوتا (d) چچا

5۔ ماں اپنی لڑکی کے شوہر کو کیا کہے گی؟

(a) داماد (b) خسر (c) بہنوئی (d) کچھ نہیں

6۔ ماموں کسے کہتے ہیں؟

(a) ماں کے بھائی کو (b) بھائی کو بھائی کو (c) باپ کے بھائی کو (d) چچا کو

7۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں طالب علم کا ہم معنی انگریزی لفظ کون سا ہے؟

(a) Actor (b) Teacher (c) Student (d) Soldier

8۔ خالد کی جیپ کا رنگ..............ہے؟

(a) پیلا (b) لال (c) آسمانی (d) گلابی

9۔ ...............پیر میں پہنتے ہیں؟

(a) جوتا (b) قمیص (c) ٹائی (d) فراک

10۔ Gold سے کیا بنایا جاتا ہے؟

(a) سڑک (b) زیور (c) کپڑے (d) کھانا

### 10.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ سر میں کون کون سے اعضا شامل ہیں، نام بتایئے۔

2۔ نانی اور دادی اپنی بیٹی کے بیٹوں کو کیا کہتے ہیں؟

3۔ خالد کو ذہن میں رکھ کر چند جملے بنائیے۔

4۔ جیسے معمار کو Architect کہتے ہیں اسی طرح درج ذیل الفاظ کو انگریزی میں کیا کہیں گے۔

اداکار، فن کار، قصاب، طالب علم، باورچی

5۔ پانچ جانوروں کے نام لکھیے۔

### 10.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ کوئی دس خاندانی رشتوں کو جملوں میں بیان کیجیے۔

2۔ کھانے اور پینے میں کیا کیا اشیا شامل ہیں۔ تفصیل سے لکھیے۔

3۔ رنگوں (Colors) کے نام لکھتے ہوئے انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔

10.6.1 کے جوابات:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔a | 2۔d | 3۔c | 4۔b | 5۔a |
| 6۔a | 7۔c | 8۔b | 9۔a | 10۔b |

# اکائی 11: خاص موقعوں کے جملے

## اکائی کے اجزا


11.0 تمہید

11.1 مقاصد

11.2 خاص موقعوں کے جملے

11.2.1 ملاقات

11.2.2 مبارک باد

11.2.3 نیک خواہشات

11.2.4 ٹیلی فونک گفتگو

11.2.5 شکریہ

11.2.6 ندامت اور شرمندگی

11.2.7 تعریف اور شاباشی

11.2.8 متوجہ کرنا

11.2.9 اجازت طلب کرنا

11.2.10 خود کا تعارف کرانا

11.2.11 دوسروں کا تعارف کرانا

11.2.12 جان پہچان کے جملے

11.2.13 پوچھ تاچھ

11.2.14 الوداعی جملے

11.2.15 ذاتی معلومات

11.3 اکتسابی نتائج

11.4 مشکل الفاظ

11.5 مشقیں

11.6 نمونہ امتحانی سوالات


## 11.0 تمہید

عزیز طلبا پچھلی اکائی میں آپ نے عام استعمال کے الفاظ اور جملوں کے بارے میں پڑھا۔ عام استعمال کے جملوں سے مراد روز مرہ پیش آنے والے وہ الفاظ اور جملے جنہیں ہم اپنی روزانہ کی زندگی میں برتتے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ جملے و الفاظ ایسے ہوتے ہیں جو خاص خاص موقعوں پر بولے جاتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ بعض اوقات ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے ہم کچھ شائستہ اور مودبانہ الفاظ کا استعمال کرتے ہیں۔ زندگی میں خوشی اور غم کی گھڑیاں آتی رہتی ہیں۔ موقع و محل کے اعتبار سے ہم مبارک باد اور اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ غم کے موقع پر تعزیت اور رنج و ملال کا اظہار کرتے ہیں۔ اسی طرح کبھی ہم اپنی طرف سے نیک خواہشات، شکر گزاری، معذرت اور ندامت کا اظہار کرتے ہیں۔ جب کوئی مہمان آتا ہے تو اس کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ان سبھی کا شمار خاص موقعوں کے جملوں میں ہوتا ہے۔ ہر زبان میں ایسے موقعوں کے لیے مناسب الفاظ اور جملے پائے جاتے ہیں۔ اس اکائی میں ہم انہیں الفاظ و جملوں کو بیان کریں گے جو ہمیں خاص موقعوں پر کام آسکیں، جس کے مطالعے سے آپ مہذب اور شائستہ انداز میں جواب دینے کے قابل ہو جائیں گے۔

## 11.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- خاص موقعوں پر استعمال ہونے والے الفاظ اور جملوں سے واقف ہو سکیں۔
- خاص الفاظ اور جملوں کو کب اور کیسے استعمال کرنا ہے، اس کے بارے میں جان سکیں۔
- ان الفاظ اور جملوں کے معنی و مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- معنی و مفہوم کو سمجھ کر ان کا صحیح استعمال کر سکیں۔

## 11.2 خاص موقعوں کے جملے

جب انسان ایک دوسرے سے ملاقات کرتا ہے تو اس کے کچھ آداب ہوتے ہیں۔ ملاقات میں سب سے پہلے ہم سلام و آداب بجا لاتے ہیں۔ ایک دوسرے کی خیریت پوچھتے ہیں۔ حال واحوال کی خبر لیتے ہیں۔ اگر تہوار یا خوشی کا موقع ہے تو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اس طرح کے آدابِ گفتگو ہر موقع اور مقام کے لیے مقرر ہیں۔ اسی لیے ہمیں یہ جاننا ضروری ہے کہ کسی دفتر میں جانا ہے تو کس طرح سے بات کرنا ہے۔ کسی کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہو تو کس طرح گفتگو کا آغاز کرنا ہے۔ اگر کسی وجہ سے شرمندگی محسوس ہو تو اسے لفظوں میں کس طرح بیان کرنا ہے۔ جب رخصت ہونا ہے تو کیا کلمات ادا کرنے ہیں۔ ان سب ہی موقعوں پر استعمال ہونے والے الفاظ اور جملوں سے واقف ہونا ضروری ہے۔ اس اکائی میں ہم انہیں جملوں کو بیان کر رہے ہیں جو خاص موقعوں پر ادا کیے جاتے ہیں۔

### 11.2.1 ملاقات کے وقت کے جملے (Greetings):

پون : آداب عرض / نمستے / نمسکار

خالد : آداب عرض / نمستے / نمسکار / صبح بخیر / شب بخیر

پون : آپ کیسے ہیں؟ / کیا حال ہے؟ / مزاج شریف! / خیریت!

پون : جی میں اچھا ہوں / آپ کی دعا ہے / عنایت آپ کی

خالد : آپ خیریت سے ہیں؟/ مزاج بخیر؟/ طبیعت کیسی ہے؟

پون : کرم ہے مالک کا / میں خیریت سے ہوں۔

پون : گھر میں سب لوگ کیسے ہیں؟ بھابھی جی کیسی ہیں؟

خالد : بچے ٹھیک ہیں۔ تمہاری بھابھی جی کی طبیعت تھوڑا ناساز ہے۔

### 11.2.2 تہوار یا سال گرہ (Seasonal Greetings) کے موقع کے جملے:

عید یا تہوار

شیام : عید مبارک

زید : آپ کو بھی مبارک

زید : نمستے دسہرہ مبارک

شیام : آپ کو بھی مبارک

سال گرہ کا موقع

اکرم : سال گرہ مبارک / یہ دن بار بار آپ کی زندگی میں آئے / میری جانب سے سالگرہ کی دلی مبارکباد قبول کیجیے

حسن : آپ کا بہت بہت شکریہ۔

نئے سال کا موقع

رامو : نئے سال کے موقع پر میری طرف سے نیک تمنائیں قبول فرمائیں۔

شیام : میری جانب سے بھی نیک خواہشات قبول کیجیے۔

کامیابی

استاد : درجہ اول میں کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد

طالب علم: بہت بہت شکریہ۔

ملازمت کے موقع پر

نفیس : سنا کہ ملازمت کے لیے آپ کا انتخاب ہو گیا۔ مبارک۔ دلی مبارک باد

عامر : بہت بہت شکریہ۔

شادی کے موقع پر

ماموں : شادی مبارک، میری دعا ہے کہ آپ دونوں خوش وخرم زندگی گزاریں۔

بھانجا : آمین، آپ سے دعا کی درخواست ہے۔

### 11.2.3 نیک خواہشات کے جملے(Good Wishes):

طلحہ : خدا کرے کہ آپ خیریت سے ہوں۔ / امید کرتا ہوں کہ آپ خیریت سے ہوں گے؟

زید : آپ کا سفر خوش گوار رہے / خیر وخوبی سے واپس آئیں۔

ناظم : بہت شکریہ، اللہ نے چاہا تو بہت جلد ملاقات ہوگی۔ واپس آکر ملاقات کرتا ہوں۔

زید : کامیابی آپ کے ساتھ رہے / کامیابی آپ کے قدم چومے / سلامتی سے جائیں، سلامتی سے آئیں۔

طلحہ : میری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

ناظم : سلامت رہو / جیتے رہو / خوش رہو / جگ جگ جیو

### 11.2.4(Telephonic Conversation)ٹیلی فون پر گفتگو کرتے وقت کے جملے:

دو افراد کی گفتگو

حامد : ہیلو۔ میں حامد ہوں / میں حامد بول رہا ہوں / مجھے حامد کہتے ہیں

انیل : ہیلو، جی فرمائیے۔ میں انیل بول رہا ہوں۔ آپ کو کس سے کام ہے؟

حامد : مجھے سنیل سے کام ہے۔ کیا وہ گھر پر ہیں؟

انیل : معاف کیجیے گا وہ گھر پر نہیں ہیں۔

حامد : اچھا اگر نہیں ہیں تو میرا پیغام انہیں پہنچا دیجیے۔

انیل : جی اچھا

..................

احمد : ہلیو۔ میں احمد ہوں، آپ کا اسم شریف؟

حامد : میرا نام خالد ہے۔

.................

اسلم : ہیلو، کیا میں انور میاں سے بات کر سکتا ہوں؟

انور : جی ارشاد۔ خادم کا نام انور ہے۔
اسلم : معاف کیجیے، صاف سنائی نہیں دے رہا ہے۔ کسی قدر بلند آواز سے بات کریں۔

.................

اکبر : ہیلو۔ میں بنگلور سے اکبر بول رہا ہوں۔ آپ کے پڑوس میں امجد صاحب کا بھانجہ رہتا ہے، کیا آپ ان سے بات کرواسکتے ہیں۔
خالد : جی ضرور چند سیکنڈ انتظار کیجیے / پانچ منٹ کے بعد دوبارہ فون کیجیے۔

....................

خالد : معاف کیجیے کیا میں جان سکتا ہوں کہ آپ کون ہیں؟ / معاف کیجیے۔ کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ میں کس سے بات کر رہا ہوں؟
رحیم : مجھے رحیم کہتے ہیں۔ مجھے خان صاحب سے بات کرنی ہے۔
خالد : بہت بہتر، کچھ دیر توقف فرمائیں / انتظار کیجیے۔
رحیم : جی شکریہ۔ زحمت کے لیے معافی چاہتا ہوں۔

استاد اور کلرک کی گفتگو

استاد : مجھے محترم پرنسپل صاحب سے بات کرنی ہے۔ کیا وہ تشریف رکھتے ہیں؟
کلرک : جی وہ موجود ہیں۔
استاد : کیا میں ان سے بات کرنے کی عزت حاصل کرسکتا ہوں؟ / کیا میں ان سے بات کرسکتا ہوں؟
کلرک : بالکل آپ ان سے بات کرسکتے ہیں۔

ڈاکٹر اور مریض کی گفتگو

مریض : ہیلو، کیا میں ڈاکٹر پرویز سے بات کرسکتا ہوں؟
ڈاکٹر : جی فرمایئے۔ بندہ حاضر ہے۔

11.2.5 (Saying Thank You) شکریہ اور اس کا جواب:

i. شکریہ / بہت بہت شکریہ / دلی شکریہ
ii. میں آپ کا احسان مند ہوں۔ شرمندہ نہ کیجیے۔
iii. شکریہ۔ کرم۔ مہربانی۔ عنایت

جی کوئی بات نہیں۔ آپ کی خدمت میرے لیے خوشی کا باعث ہے۔

iv. آپ کا ممنون ہوں۔

یہ آپ کی بڑائی ہے۔ ورنہ میں تو اپنا فرض ادا کر رہا ہوں۔

v. آپ کا شکر گذار ہوں / آپ کو ہمیشہ خوش آمدید کہا جائے گا۔

vi. آپ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔

### 11.2.6 (Apologies) ندامت اور شرمندگی کے وقت کے جملے:

i. مجھے معاف فرمائیں / مجھے معاف کیجیے۔

ii. شرمندہ ہوں / شرمسار ہوں / نادم ہوں / پشیمان ہوں۔

iii. مجھے افسوس ہے۔ / مجھے بے حد افسوس ہے۔

iv. میں معذرت چاہتی ہوں۔

v. کچھ خیال مت کیجیے گا۔

### 11.2.7 (Appreciation) تعریف اور شاباشی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | شاباش | 2. | واہ!واہ | 3. | خوب۔بہت خوب |
| 4. | کیا کہنے / کیا بات ہے | 5. | زندہ باد | 6. | آفریں، صد آفریں |
| 7. | مرحبا | 8. | بہت اچھے | 9. | سبحان اللہ |
| 10. | جیو | 11. | جواب نہیں | | |

### 11.2.8 (Drawing (someone's) attention) متوجہ کرنے کے جملے:

1. معاف کیجیے۔ ایک منٹ

2. سنیے۔ / دیکھیے / ادھر دیکھیے

3. مداخلت معاف ............ (If one is interrupting)

4. زحمت معاف۔ ایک بات عرض کرنی ہے۔

5. آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔

### 11.2.9 (Permission) اجازت طلب کرتے وقت:

اکرم : کیا میں اندر آسکتا ہوں۔

زید : ضرور / نہیں اس وقت نہیں۔

اکرم : اگر آپ کوئی خیال نہ فرمائیں، میں... کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

زید : ارشاد، آپ بلا جھجک کسی تکلف کے بغیر بات کرسکتے ہیں۔

خالد : کیا مجھے کتاب لینے کی اجازت ہے؟

حامد : یقینا / اس میں پوچھنے کی کیا بات ہے؟

بچہ : کیا میں بسکٹ کھا سکتا ہوں؟

ماں : شوق سے / یہ آپ ہی کے لیے ہیں۔

حامد : کیا میں جا سکتا ہوں۔

زید : خوشی سے / آپ کی مرضی / جیسا آپ چاہیں / ہرگز نہیں

### 11.2.10 (Introducing oneself) خود کا تعارف کراتے وقت:

منوہر : میں منوہر لال ہوں / منوہر لال بہار

موہن : مجھے موہن داس کہتے ہیں۔

محمد حسن : میرا نام محمد حسن ہے۔

### 11.2.11 (Introducing someone else) دوسروں کا تعارف کراتے وقت:

محمد حسن : موہن یہ ظفر ہیں۔ آپ سے خاص طور پر ملنے آئے ہیں۔

حامد : موہن آپ سے ملیے۔ آپ ظفر اقبال ہیں۔

زید : ذاکر، ان سے ملو، ان کا نام منوج ہے۔

### 11.2.12 (Replying to Introduction) تعارف کے جواب میں:

حامد : آپ سے مل کر، خوشی ہوئی۔

منوج : مجھے بھی آپ سے مل کر بے حد خوشی ہوئی / مسرت ہوئی / دلی خوشی ہوئی

حامد : میری دلی خواہش تھی کہ آپ سے بات کروں / ملاقات کروں / ملاقات کا شرف حاصل کروں۔

حامد : آپ کے دیدار کی ایک عرصے سے آرزو تھی۔

منوج : زہے نصیب کہ آپ سے ملاقات ہوئی۔

حامد : ذرہ نوازی ہے آپ کی۔

منوج : یہ میری خوش نصیبی ہے کہ آپ سے ملاقات ہوئی۔

خالد : آپ سے ملاقات میری زندگی کا اہم واقعہ ہے۔

منوج : آپ کی عنایت ہے ورنہ میں کس قابل ہوں؟

حامد : میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ آپ سے یوں ملاقات ہو گی۔

منوج : ممنون ہوں کہ آپ مجھے اس قابل سمجھتے ہیں۔

حامد : آپ نے شرف ملاقات بخشا جس کے لیے میں ممنون ہوں۔

منوج : آپ کے بارے میں سن چکا ہوں / میں آپ کو غائبانہ جانتا تھا / خوش قسمتی سے آج ملاقات ہو گئی۔

حامد : شکریہ / بہت بہت شکریہ۔

منوج : آپ کی محبت ہے / آپ کا خلوص ہے۔

### 11.2.13 (Enquiry) پوچھ تاچھ:

سیاح : معاف کیجیے۔ کیا آپ مجھے میوزیم کا راستہ بتا سکتے ہیں؟

مسافر : معاف فرمائیں کیا آپ لال باغ کا راستہ جانتے ہیں؟

انگریز : مہربانی فرما کر یہ بتائیے کہ لال قلعہ کون سی بس جاتی ہے؟

مسافر : جناب عالی کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہاں سب سے اچھی ہوٹل کونسی ہے؟

مریض : محترم جناب، کیا آپ مجھے ڈاکٹر واگھرے کا پتہ بتا سکتے ہیں؟

راہ گیر : ہاں۔ ہاں۔ ضرور۔ سیدھے چلے جائیے۔ بائیں جانب بینک نظر آئے گا۔ اس کے بازو کی گلی میں دائیں جانب کا چوتھا مکان ڈاکٹر واگھرے کا ہے۔

### :Saying Goodbye

1. خدا حافظ
2. اچھا۔ اب اجازت دیجیے / چلتا ہوں۔ خدا حافظ
3. الوداع۔ پھر ملیں گے۔
4. اچھا، تو رخصت۔ بہت جلد پھر ملیں گے۔
5. خدا حافظ۔ اپنا خیال رکھیے۔

### (Asking for Personal details) شخصی تفصیلات دریافت کرنا:

کلرک : آپ کا نام کیا ہے؟ جناب کا اسم شریف

آفیسر : مجھے منوج کہتے ہیں

کلرک : آپ کا پتہ بتائیے۔ / آپ کہاں رہتے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| آفیسر | : | میں دہلی میں رہتا ہوں |
| کلرک | : | آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ آپ کی عمر کیا ہو گی؟ |
| آفیسر | : | میں 50 سال کا ہوں 9 / جولائی 1975 |
| کلرک | : | آپ کا مقام پیدائش؟ |
| آفیسر | : | آگرہ |
| کلرک | : | قومیت؟ |
| آفیسر | : | ہندوستانی |

## 11.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- کسی شخص سے ملاقات کے وقت سلام، آداب کیا جاتا ہے۔
- ملاقات کے وقت اس کی خیریت پوچھی جاتی ہے۔حال احوال دریافت کیا جاتا ہے۔
- جب کسی سے رخصت ہوتے ہیں تو خدا حافظ، پھر ملیں گے جیسے جملوں سے بات کرتے ہیں۔
- عید یا تہوار کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا جاتا ہے، آپ کو عید بہت بہت مبارک ہو۔دسہرہ کی دلی مبارک باد قبول فرمائیں۔
- خدا کرے یہ تہوار یا سال آپ کی زندگی میں خوشیاں لائے۔آپ ہمیشہ تندرست، صحت مند رہیں۔
- امتحان میں آپ کی کامیابی کی خبر سنی۔دلی مسرت حاصل ہوئی۔مالک ہمیشہ آپ کو اسی طرح کامیابیوں سے نوازتا رہے۔
- سفر پر جاتے وقت کہا جاتا ہے کہ آپ کا سفر اچھا ہو، خیریت سے واپس ہوں۔واپسی پر ملاقات ہو گی۔
- خود کا تعارف کراتے وقت، مجھے حامد کہتے ہیں، میرا نام موہن ہے، میں رام، جیسے جملے ادا کیے جاتے ہیں۔
- جب کسی سے اجازت لینا ہو تو: کیا میں اندر آسکتا ہوں، کیا میں کتاب دیکھ سکتا ہوں، کیا میں پانی پی لوں، جیسے جملے بولے جاتے ہیں۔
- جب آپ کسی سے اس کا نام، پیشہ، سکونت اور عمر کے متعلق سوال کریں تو: آپ کا اسم گرامی / معاف کیجیے گا آپ کو پہچانا نہیں جیسے جملے استعمال ہوتے ہیں۔
- اس کے جواب میں بتایا جاتا ہے: مجھے منوج کہتے ہیں یا بندہ کا نام انیل ہے۔میں دہلی کا رہنے والا ہوں۔میری عمر پچاس سال ہے۔پیشے سے استاد ہوں۔

## 11.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | معنی | |
|---|---|---|
| اجازت | منظوری | Permission |
| تعارف | پہچان کرانا | Introduction |
| روزمرہ | معمولات | Daily |
| الفاظ | لفظ کی جمع | Words |
| موقع | فرصت، مناسب وقت | Time |
| مبارک باد | تہنیت، خوشی کا اظہار | Greeting |
| تعزیت | کسی کے غم میں شریک ہونا | Condolence |
| معذرت | عذر، معافی | Excuse, Apology |
| زندگی | حیات، عمر | Life |
| ندامت | شرمندگی، اپنے کیے پر پچھتانا | Regret, Repentance |
| خوش آمدید | استقبال | Welcome |
| ناساز | خراب | Sick, Not well |
| قبول | مان لینا، منظور کرنا | Accept |
| ملازمت | نوکری | Service |
| انتخاب | پسند، چناؤ | Selection |
| پیغام | خبر، اطلاع | Message |
| تشریف رکھنا | بیٹھنا | To sit |
| توقف | رکنا | Stoppage, Pause |
| انتظار | راہ دیکھنا | Wait |
| پڑوس | ہم سایہ، قریب کا علاقہ | Neighborhood |
| شرمندہ | پشیمان، نادم | Embarrassed |
| عنایت | مہربانی | Kindness, Courtesy |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شرف | : | عزت، فخر، وقار | : | Dignity, Honor |
| اشتیاق | : | آرزو، شوق، چاہت | : | Longing, Fondness, Craving |
| قومیت | : | ملی شناخت | : | Nationality |

## 11.5 مشقیں

مشق 1: نیچے دیے گئے الفاظ کو ملاقات کے موقع کے جملوں میں استعمال کیجیے۔

آداب، السلام علیکم، خیریت، مزاج، طبیعت، ناساز

i. ..............................................................................................

ii. ..............................................................................................

iii. ..............................................................................................

iv. ..............................................................................................

v. ..............................................................................................

مشق 2: خالی جگہ کو پُر کیجیے۔

i. نئے سال کے موقع پر میری طرف سے ............................ قبول فرمائیں۔

ii. خدا کرے کہ آپ ......................... سے ہوں۔

iii. مجھے محترم پرنسپل صاحب سے ............................ کرنی ہے۔

iv. یہ آپ کی بڑائی ہے۔ ورنہ میں تو اپنا ........................... ادا کر رہا ہوں۔

v. کیا میں ............................... کھا سکتا ہوں؟

مشق 3: ٹیلی فون کی گفتگو کو مکالمے کی صورت میں لکھیے۔

حامد : ..............................................................................................

انیل : ..............................................................................................

انیل : ..............................................................................................

حامد : ..............................................................................................

انیل : ..............................................................................................

مشق 4: نیچے دیے گئے سوالوں کا جواب دیجیے۔

سوال : کیا میں اندر آسکتا ہوں؟

جواب : .......................................................................................

سوال : آپ کا مزاج شریف کیسا ہے؟

جواب : .......................................................................................

سوال : آپ کا تعلق کس پیشے سے ہے؟

جواب : .......................................................................................

سوال : معاف فرمائیں کیا آپ لال باغ کا راستہ جانتے ہیں؟

جواب : .......................................................................................

سوال : مجھے سنیل سے کام ہے۔ کیا وہ گھر پر ہیں؟

جواب : .......................................................................................

## 11.6 نمونہ امتحانی سوالات

### 11.6.1 معروضی سوالات:

1۔ خوشی یا تہوار کے موقع پر ادا کیے جانے والے الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مبارک باد (b) پرسہ (c) افسوس ظاہر کرنا (d) خدا حافظ

2۔ آداب، سلام کس وقت بولا جاتا ہے؟

(a) رخصتی کے وقت (b) ملاقات کے وقت (c) سفر کے وقت (d) سوتے وقت

3۔ نیک خواہشات کے الفاظ کب بولے جاتے ہیں؟

(a) سفر پر جاتے وقت (b) ملاقات کے وقت (c) غم کے موقع پر (d) کسی وقت نہیں

4۔ Apologies کے کیا معنی ہیں؟

(a) اکڑنا (b) خوش ہونا (c) ندامت (d) ناراض ہونا

5۔ کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ کب استعمال ہوتا ہے؟

(a) جاتے وقت (b) آنے کے وقت (c) سوتے وقت (d) کھانے کے وقت

6۔ Introduction کو اردو میں کیا کہتے ہیں ؟

(a) اجازت (b) مبارک (c) تعارف (d) مدد

7۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں نام کا صحیح معنی کون سا ہے؟

(a) Actor (b) Name (c) Student (d) Soldier

8۔ لال قلعہ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(a) Red Fort (b) Green Fort (c) Blue Fort (d) Pink City

9۔ HI, Hello کا صحیح استعمال کب ہے؟

(a) مخاطب کرنے کے لیے (b) جاتے وقت (c) بھاگتے وقت (d) رخصتی کے وقت

10۔ Nationality کا اردو بتائیے؟

(a) قوم (b) قومیت (c) ملت (d) ملک

## 11.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1. خاص موقعوں کے جملے سے کیا مراد ہے؟ چند جملوں میں بیان کیجیے۔
2. ملاقات کے وقت کے جملوں میں سے تین جملے لکھیے۔
3. نیک خواہشات کے جملے کب بولے جاتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔
4. شکریہ ادا کرتے وقت کون کون سے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔
5. شرمندہ، نادم، شرم سار الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

## 11.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1. انیل اور حامد کی ٹیلی فون پر ہوئی گفتگو پر مکالمہ تحریر کیجیے۔
2. جب آپ کسی کے گھر جاتے ہیں تو کس طرح بعض چیزوں کے لیے اجازت طلب کرتے ہیں۔
3. تعریف اور شاباشی کے الفاظ کو بیان کیجیے۔

11.6.1 کے جوابات: 1۔a 2۔b 3۔c 4۔c 5۔b

6۔c 7۔b 8۔a 9۔a 10۔b

# بلاک IV

## اکائی 12: گنتی۔ دن۔ مہینے۔ سال۔ وقت۔ وزن

## (Numbers-Days-Months-Years-Time-Weight)

### اکائی کے اجزا


12.0 تمہید

12.1 مقاصد

12.2 گنتی۔دن۔مہینے۔سال۔وقت۔وزن۔مقدار

12.2.1 گنتی (Numbers)

12.2.2 دن (Days)

12.2.3 مہینے (Months)

12.2.4 سال(Year)

12.2.5 وقت(Time)

12.2.6 وزن(Weight)

12.3 اکتسابی نتائج

12.4 مشکل الفاظ

12.5 مشقیں

12.6 نمونۂ امتحانی سوالات


---

## 12.0 تمہید

---

اس بلاک کی پچھلی اکائی میں آپ نے خاص موقعوں کے جملے کے بارے میں پڑھا۔ اس اکائی میں ہم گنتی، دن، مہینے، سال، وقت، اوروزن کے بارے میں پڑھیں گے۔ یہ گنتی، دن، مہینے وغیرہ کسی نہ کسی تعداد کی وضاحت کرتے ہیں۔ یہ گننے اور ناپنے ہی کی الگ الگ

صورت ہیں، لیکن ان سب کی اپنی اپنی الگ خصوصیات اور اپنی اپنی باریکیاں ہیں۔ یہ ایک دوسرے سے جڑے ہیں یا پھر ایک دوسرے کی اگلی کڑی ہیں۔ لہٰذا ہم آگے کے صفحات میں ان تمام کی خصوصیات اور ان کی باریکیوں کے بارے میں مطالعہ کریں گے۔

## 12.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- گنتی کی مختلف شکلوں سے واقف ہو سکیں۔
- دن کے مختلف اوقات اور ان کے ناموں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- عیسوی اور ہجری مہینوں کے نام جان سکیں۔
- عیسوی اور ہجری سال کی خصوصیات کو بیان کر سکیں۔
- وقت کی پیمائش کے طریقے کو سمجھ سکیں۔
- وزن کی پیمائش پر روشنی ڈال سکیں۔

## 12.2 گنتی۔دن۔مہینے۔سال۔وقت۔وزن

### 12.2.1 گنتی(Numbers):

مختلف عددوں کو ترتیب وار گننے، لکھنے یا بیان کرنے کے عمل کو "گنتی" کہتے ہیں۔ یہ کسی بھی مقدار یا اشیا کے تعین اور اس کے اظہار کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ بنیادی طور پر ریاضیاتی(Mathematical) تصور ہے جو روزمرہ زندگی میں شمار، پیمائش اور حساب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ گنتی کو عام طور پر انگریزی میں **0، 1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8 اور 9** کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ اردو میں ان کی شکلوں کو **۰، ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸ اور ۹** کی طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔ گنتی کی جملہ شکلیں یہی ہیں۔ ان ہی شکلوں سے چھوٹے سے چھوٹے اور طویل سے طویل اعداد بنائے جاتے ہیں۔ ذیل میں اس کی صورتیں پیش کی جا رہی ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۰ | صفر | Sifar | Zero | ۱ | ایک | Aik | One |
| ۲ | دو | Do | Two | ۳ | تین | Teen | Three |
| ۴ | چار | Chaar | Four | ۵ | پانچ | Paanch | Five |
| ۶ | چھ | Cha | Six | ۷ | سات | Saat | Seven |
| ۸ | آٹھ | Aath | Eight | ۹ | نو | Nav | Nine |
| ۱۰ | دس | Das | Ten | ۱۱ | گیارہ | Giarah | Eleven |
| ۱۲ | بارہ | Barah | Twelve | ۱۳ | تیرہ | Terah | Thirteen |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Fifteen | Pandrah | پندرہ | ۱۵ | Fourteen | Chauda | چودہ | ۱۴ |
| Seventeen | Satrah | سترہ | ۱۷ | Sixteen | Solah | سولہ | ۱۶ |
| Nineteen | Unnees | انیس | ۱۹ | Eighteen | Atharah | اٹھارہ | ۱۸ |
| Twenty One | Ekkees | اکیس | ۲۱ | Twenty | Bees | بیس | ۲۰ |
| Twenty Three | Ta'ees | تیئیس | ۲۳ | Twety Two | Baa'ees | بائیس | ۲۲ |
| Twenty Five | Pachchees | پچیس | ۲۵ | Twenty Four | Chaubees | چوبیس | ۲۴ |
| Twenty Seven | Sata'ees | ستائیس | ۲۷ | Twenty Six | Chabbees | چھبیس | ۲۶ |
| Twenty Nine | Untees | انتیس | ۲۹ | Twenty Eight | Athaa'ees | اٹھائیس | ۲۸ |
| Thirty One | Ektees | اکتیس | ۳۱ | Thirty | Tees | تیس | ۳۰ |
| Thirty Three | Taintees | تینتیس | ۳۳ | Thirty Two | Battees | بتیس | ۳۲ |
| Thirty Five | Paintees | پینتیس | ۳۵ | Thirty Four | Chauntees | چونتیس | ۳۴ |
| Thirty Seven | Saintees | سینتیس | ۳۷ | Thirty Six | Chhattees | چھتیس | ۳۶ |
| Thirty Nine | Untalees | انتالیس | ۳۹ | Thirty Eight | Artees | اڑتیس | ۳۸ |
| Forty One | Iktalees | اکتالیس | ۴۱ | Forty | Chalees | چالیس | ۴۰ |
| Forty Three | Tentalees | تینتالیس | ۴۳ | Forty Two | Bayalees | بیالیس | ۴۲ |
| Forty Five | Paintalees | پینتالیس | ۴۵ | FortyFour | Chawalees | چوالیس | ۴۴ |
| Forty Seven | Saintalees | سینتالیس | ۴۷ | Forty Six | Chhayalees | چھیالیس | ۴۶ |
| Forty Nine | Unchaas | انچاس | ۴۹ | Forty Eight | Artalees | اڑتالیس | ۴۸ |
| Fifty One | Ekyawan | اکیاون | ۵۱ | Fifty | Pachaas | پچاس | ۵۰ |
| Fifty Three | Tirepan | ترپن | ۵۳ | Fifty Two | Baawan | باون | ۵۲ |
| Fifty Five | Pachpan | پچپن | ۵۵ | Fifty Four | Chawwan | چوون | ۵۴ |
| Fifty Seven | Satawan | ستاون | ۵۷ | Fifty Six | Chhappan | چھپن | ۵۶ |
| Fifty Nine | Unsath | انسٹھ | ۵۹ | Fifty Eight | Atthaawan | اٹھاون | ۵۸ |
| Sixty One | Eksath | اکسٹھ | ۶۱ | Sixty | Saath | ساٹھ | ۶۰ |
| Sixty Three | Tiresath | تریسٹھ | ۶۳ | Sixty Two | Baasath | باسٹھ | ۶۲ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Sixty Five | Painsath | پنیسٹھ | ۶۵ | Sixty Four | Chaunsat | چونسٹھ | ۶۴ |
| Sixty Seven | Sarsath | سرسٹھ | ۶۷ | Sixty Six | Chhayaasath | چھیاسٹھ | ۶۶ |
| Sixty Nine | Unhattar | انہتر | ۶۹ | Sixty Eight | Arsaath | اڑسٹھ | ۶۸ |
| Seventy One | Ekhattar | اکہتر | ۷۱ | Seventy | Satter | ستّر | ۷۰ |
| Seventy Three | Tehatter | تیہتر | ۷۳ | Seventy Two | Bahatter | بہتّر | ۷۲ |
| Seventy Five | Pachattar | پچھتر | ۷۵ | Seventy Four | Chauhattar | چوہتّر | ۷۴ |
| Seventy Seven | Satattar | ستتر | ۷۷ | Seventy Six | Chhiatar | چھہتر | ۷۶ |
| Seventy Nine | Unaasee | اناسی | ۷۹ | Seventy Eight | Athhattar | اٹھتر | ۷۸ |
| Eighty One | Ekyasee | اکیاسی | ۸۱ | Eighty | Assee | اسی | ۸۰ |
| Eighty Three | Tiraasee | تراسی | ۸۳ | Eighty two | Bayaasee | بیاسی | ۸۲ |
| Eighty Five | Pachaasee | پچاسی | ۸۵ | Eighty Four | Chhauraasee | چوراسی | ۸۴ |
| Eighty Seven | Sataasi | ستاسی | ۸۷ | Eighty Six | Chhayaasee | چھیاسی | ۸۶ |
| Eighty Nine | Nawaasee | نواسی | ۸۹ | Eighty Eight | Athaasee | اٹھاسی | ۸۸ |
| Ninety One | Ekyanwe | اکیانوے | ۹۱ | Ninety | Nawwe | نوے | ۹۰ |
| Ninety Three | Tiraanawe | ترانوے | ۹۳ | Ninety Two | Baanwe | بانوے | ۹۲ |
| Ninety Five | Pachaanwe | پچانوے | ۹۵ | Ninety Four | Chauranwe | چورانوے | ۹۴ |
| Ninety Seven | Satanwe | ستانوے | ۹۷ | Ninety Six | Chhayaanwe | چھیانوے | ۹۶ |
| Ninty Nine | Ninnaanwe | نناوے | ۹۹ | Ninety Eight | Athaanwe | اٹھانوے | ۹۸ |

اسی طرح طویل اعداد کی کچھ صورتیں دیکھیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| One Hundred | Aik sau | ایک سو | ۱۰۰ |
| One Hundred and One | Aik sau aik | ایک سو ایک | ۱۰۱ |
| One Hundred and Two | Aik sau do | ایک سو دو | ۱۰۲ |
| Two Hundred | Do sau | دو سو | ۲۰۰ |
| One Thousand | Aik Hazaar | ایک ہزار | ۱۰۰۰ |
| One Thousand and One | Aik Hazaar Aik | ایک ہزار ایک | ۱۰۰۱ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| One Thousand and Ten | Aik Hazaar Das | ایک ہزار دس | ۱۰۱۰ |
| Ten Thousand | Das Hazaaar | دس ہزار | ۱,۰۰۰۰ |
| One lakh | Aik Laakh | ایک لاکھ | ۱۰۰,۰۰۰ |
| Ten lakhs / One million | Das Laakh | دس لاکھ | ۱۰,۰۰۰,۰۰ |
| One Crore/ Ten million | Aik Crore | ایک کروڑ | ۱۰۰,۰۰ , ۰۰۰ |

اعشاریہ (Fractions):

اعشاری یا کسری قیمتوں (یعنی وہ قیمتیں جو ایک (1) سے کم ہوں) کو اردو میں بھی انگریزی ہی کی طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔ کسری یا اعشاریہ والے اعداد میں پہلے اصل عدد لکھا جاتا ہے اس کے بعد اعشاریہ کے ہندسے لکھے جاتے ہیں۔ انگریزی میں اعشاریہ کو ظاہر کرنے کے لیے اصل عدد کے بعد نقطہ (.) لگاتے ہیں۔ اردو میں اسے ایک خاص علامت (ء) کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔ ذیل کی مثالوں کا مطالعہ کیجیے اور دیکھیے کہ اعشاریہ کو پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (Aik Ashaariya Panch) | ایک اعشاریہ پانچ | 1.5 | ۱ء۵ |
| (Do Ashaariya Saat) | دو اعشاریہ سات | 2.7 | ۲ء۷ |
| (Paanch Ashaariya Nou Panchh) | پانچ اعشاریہ نو پانچ | 5.95 | ۵ء۹۵ |
| (Saat Ashaariya Sifar Chaar) | سات اعشاریہ صفر چار | 7.04 | ۷ء۰۴ |
| (Bara Ashaariya Teen) | بارہ اعشاریہ تین | 12.3 | ۱۲ء۳ |
| (Pachees Ashaariya Aath) | پچیس اعشاریہ آٹھ | 25.8 | ۲۵ء۸ |
| (Sifar Ashaariya Chaar Teen Do) | صفر اعشاریہ چار تین دو | 0.432 | ۰ء۴۳۲ |

وہ قیمتیں جو ایک (1) سے کم ہوں انہیں $\frac{۱}{۴}$ ، $\frac{۱}{۲}$، $\frac{۳}{۴}$ کی شکل میں لکھتے ہیں۔ انہیں ترتیب وار پاؤ، آدھا اور تین چوتھائی کہا جاتا ہے۔ ذیل میں اس طرح کے کسری اعداد اور انہیں لکھنے اور بولنے کا طریقہ دیا گیا ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (Aik chouthayi/Paau) | ایک چوتھائی / پاؤ | = | $\frac{1}{4}$ | = | $\frac{۱}{۴}$ |
| (Nisf / Aadha) | نصف / آدھا | = | $\frac{1}{2}$ | = | $\frac{۱}{۲}$ |
| (Teen Chauthayi/Pone) | تین چوتھائی / پون | = | $\frac{3}{4}$ | = | $\frac{۳}{۴}$ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱/۳ | = | $\frac{1}{3}$ | = | ایک تہائی | (Aik Tehayi) |
| ۲/۳ | = | $\frac{2}{3}$ | = | دو تہائی | (Do Tehayi) |
| ۱ ۱/۴ | = | $1\frac{1}{4}$ | = | سوا | (Sawa) |

[اصولاً اسے سوا ایک کہنا چاہیے، لیکن عام طور پر صرف "سوا" کہا جاتا ہے، ایک کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔]

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ ۱/۴ | = | $2\frac{1}{4}$ | = | سوا دو | (Sawa Do) |
| ۳ ۱/۴ | = | $3\frac{1}{4}$ | = | سوا تین | (Sawa Teen) |
| ۱ ۱/۲ | = | $1\frac{1}{2}$ | = | ڈیڑھ | (Dairh) |
| ۲ ۱/۲ | = | $2\frac{1}{2}$ | = | ڈھائی | (Dhai) |

اردو میں ایک پر آدھا بولنے کے لیے "ڈیڑھ" اور دو پر آدھا بولنے کے لیے "ڈھائی" کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ تین (3) اور تین کے بعد کے اعداد میں اگر آدھے کا اضافہ کرنا ہو تو اس کے لیے "ساڑھے" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ ذیل کی مثالوں کو دیکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳ ۱/۲ | = | $3\frac{1}{2}$ | = | ساڑھے تین | (Sarhay Teen) |
| ۱۰ ۱/۲ | = | $10\frac{1}{2}$ | = | ساڑھے دس | (Sarhay Das) |
| ۱۱ ۱/۲ | = | $11\frac{1}{2}$ | = | ساڑھے گیارہ | (Sarhay Giarah) |

1,2,3,4 وغیرہ بنیادی اعداد (cardinal numbers) کہلاتے ہیں۔ ان کے علاوہ ترتیبی اعداد (ordinal numbers) بھی ہوتے ہیں، جو درجے یا ترتیب کو ظاہر کرتے ہیں۔ یہ درج ذیل ہیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پہلا | (Pahla) | First | دوسرا | (Doosra) | Second |
| تیسرا | (Teesra) | Third | چوتھا | (Choutha) | Fourth |
| پانچواں | (Paanchwan) | Fifth | چھٹا | (Chata) | Sixth |
| ساتواں | (Saatwan) | Seventh | آٹھواں | (Aathwan) | Eighth |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نواں | (Nawan) | Ninth | دسواں | (Duswan) | Tenth |
| گیارھواں | (Giyarhwan) | Eleventh | بارھواں | (Barahwan) | Twelfth |
| اور اسی طرح آگے بھی | (And so on) | | | | |

### 12.2.2 دن (Days):

"دن" وہ وقت کی مقدار ہے جس میں سورج طلوع ہوتا ہے اور غروب ہوتا ہے، یعنی صبح سے شام تک کا وقت دن کہلاتا ہے۔ دن کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے، جیسے:

| | |
|---|---|
| صبح | Morning |
| دوپہر | Midday |
| شام | Evening |
| رات | Night |

سات دن کا ایک ہفتہ (Week) ہوتا ہے۔ ہفتے کے دنوں کے نام درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | اتوار | Itwar | Sunday |
| 2۔ | پیر | Peer | Monday |
| 3۔ | منگل | Mangal | Tuesday |
| 4۔ | بدھ | Budh | Wednesday |
| 5۔ | جمعرات | Jumeraat | Thursday |
| 6۔ | جمعہ | Juma | Friday |
| 7۔ | ہفتہ (سنیچر) | (Sasnichar)Hafta | Saturday |

### 12.2.3 مہینے (Months):

عام طور پر ایک مہینہ 29 یا 30 دنوں پر مشتمل ہوتا ہے، جب کہ عیسوی (گریگورین) کیلنڈر میں ایک مہینہ (فروری) 28/29 اور باقی مہینے 30 اور 31 دن کے ہوتے ہیں۔

مہینوں کو مختلف کیلنڈرز کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے، جیسے:

- قمری (ہجری) مہینے، جو چاند کی گردش پر مبنی ہوتے ہیں۔
- عیسوی (میلادی) مہینے، جو سورج کی گردش پر مبنی ہوتے ہیں۔

ایک سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ ذیل میں عیسوی اور ہجری مہینوں کے نام دیے گئے ہیں۔

**عیسوی(گریگورین) مہینوں کے نام:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | جنوری | January | 2۔ | فروری | February |
| 3۔ | مارچ | March | 4۔ | اپریل | April |
| 5۔ | مئی | May | 6۔ | جون | June |
| 7۔ | جولائی | July | 8۔ | اگست | August |
| 9۔ | ستمبر | September | 10۔ | اکتوبر | October |
| 11۔ | نومبر | November | 12۔ | دسمبر | December |

**ہجری(قمری) مہینوں کے نام:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | محرم | Muharram | 2۔ | صفر | Safar |
| 3۔ | ربیع الاول | Rabee-ul-awwal | 4۔ | ربیع الثانی | Rabee-us-saani |
| 5۔ | جمادی الاول | Jamadi-ul-awwal | 6۔ | جمادی الثانی | Jamadi-us-sani |
| 7۔ | رجب | Rajab | 8۔ | شعبان | Shaabaan |
| 9۔ | رمضان | Ramazan | 10۔ | شوال | Shawwaal |
| 11۔ | ذی قعدہ | Zee Qadah | 12۔ | ذی الحجہ | Zil Hajjah |

### 12.2.4 سال(Year):

"سال"وقت کی وہ مقدار ہے جس میں زمین سورج کے گرد ایک مکمل چکر مکمل کرتی ہے۔عام طور پرایک سال 12 مہینوں اور 365 دنوں(لیپ سال میں 366 دن،عیسوی کیلنڈر کے مطابق لیپ سال چار سال میں ایک بار آتا ہے)پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیپ سال کے فروری کے مہینے میں29 دن ہوتے ہیں۔سال کو بھی مہینے کی طرح مختلف کیلنڈرز کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے، جیسے:

- عیسوی (میلادی) سال، جو سورج کی گردش پر مبنی ہوتا ہے اور 365 یا 366 دنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
- ہجری (قمری) سال، جو چاند کی گردش پر مبنی ہوتا ہے اور 354 یا 355 دنوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

سال کو وقت کے تعین، تاریخ کے حساب اور مختلف تہواروں اور واقعات کی نشاندہی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

### 12.2.5 وقت(Time):

سائنس کے مطابق وقت وہ مقدار ہے جو واقعات کے درمیان وقفہ ناپنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور اسے سیکنڈ، منٹ، گھنٹوں، دنوں، مہینوں اور سالوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر اگر سورج طلوع ہوتا ہے اور پھر غروب ہوتا

ہے، تو ان دونوں واقعات کے درمیان کا وقفہ دن کہلاتا ہے۔اسی طرح زمین کا سورج کے گرد ایک مکمل چکر ایک سال کہلاتا ہے۔وقت کو ناپنے کے لیے مختلف اکائیاں استعمال کی جاتی ہیں، جیسے:

| نمبر شمار | اکائی | وقت کا دورانیہ |
|---|---|---|
| 1۔ | سیکنڈ (Second) | وقت کی سب سے چھوٹی بنیادی اکائی |
| 2۔ | منٹ (Minute) | 60سیکنڈ |
| 3۔ | گھنٹہ (Hour) | 60منٹ |
| 4۔ | دن ( Day) | 24 گھنٹے |
| 5۔ | ہفتہ ( (Week) | 7دن |
| 6۔ | مہینہ (Month) | 28/ 29/ 30 یا 31 دن |
| 7۔ | سال (Year) | 12 مہینے |

وقت کو ناپنے کے لیے گھڑیاں، کیلنڈر اور دیگر جدید سائنسی آلات جیسے الیکٹرانک گھڑیاں وغیرہ استعمال کی جاتی ہیں، جو انتہائی درست وقت کا حساب لگا سکتی ہیں۔

### 12.2.6 وزن(Weight):

"وزن" کسی بھی چیز پر زمین کی کشش ثقل (Gravity) کی وجہ سے لگنے والی طاقت کو کہتے ہیں۔یعنی وزن کسی بھی چیز کی وہ خاصیت ہے جو ہمیں بھاری یا ہلکا محسوس کراتی ہے ۔وزن وہ قوت ہے جو زمین چیزوں کو اپنی طرف کھینچنے کے لیے لگاتی ہے۔ جتنا زیادہ وزن ہو گا، چیز اتنی ہی بھاری محسوس ہو گی۔

وزن کا انحصار زمین کی کشش ثقل پر ہوتا ہے، اس لیے چاند پر چیزوں کا وزن زمین کے مقابلے میں کم ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جب ہم کسی چیز کو ہاتھ میں اٹھاتے ہیں، تو ہمیں اس کا وزن محسوس ہوتا ہے کیونکہ زمین اسے نیچے کی طرف کھینچ رہی ہوتی ہے۔ اگر آپ کا وزن زمین پر 50 کلوگرام ہے، تو چاند پر آپ کا وزن بہت کم ہو گا کیونکہ وہاں کشش ثقل بہت کم ہے۔وزن کی پیمائش کے لیے پونڈ(Pound)اور کلو گرام(Kilogram)کے پیمانے استعمال ہوتے ہیں۔

## 12.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- مختلف عددوں کو ترتیب وار گننے،لکھنے یا بیان کرنے کے عمل کو "گنتی" کہتے ہیں۔

- یہ کسی بھی مقدار یا اشیا کے تعین اور اس کے اظہار کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
- گنتی بنیادی طور پر ریاضیاتی(Mathematical) تصور ہے جو روزمرہ زندگی میں شمار، پیائش اور حساب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- اردو میں گنتی کی شکلوں کو **۰، ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸اور۹** کی طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔ گنتی کو عام طور پر انگریزی میں **0، 1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8اور9** کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔
- دن" وہ وقت کی مقدار ہے جس میں سورج طلوع ہوتا ہے اور غروب ہوتا ہے، یعنی صبح سے شام تک کا وقت دن کہلاتا ہے۔
- ایک دن24 گھنٹوں پر مشتمل ہوتا ہے، جو زمین کی اپنی محوری گردش کا دورانیہ ہے۔
- عام طور پر ایک مہینہ 29 یا 30 دنوں پر مشتمل ہوتا ہے، جب کہ عیسوی (گریگورین) کیلنڈر میں ایک مہینہ (فروری) 28/29 اور باقی مہینے30 اور 31 دن کے ہوتے ہیں۔
- "سال"وقت کی وہ مقدار ہے جس میں زمین سورج کے گرد ایک مکمل چکر مکمل کرتی ہے۔
- عام طور پر ایک سال 12 مہینوں اور 365 دنوں (لیپ سال میں 366 دن،عیسوی کیلنڈر کے مطابق لیپ سال چار سال میں ایک بار آتا ہے) پر مشتمل ہوتا ہے۔لیپ سال کی فروری میں29 دن ہوتے ہیں۔
- "وقت " ایک ایسی بنیادی مقدار ہے جو ہماری زندگی اور کائنات کے تمام مظاہر سے جُڑی ہوئی ہے۔یہ وہ پیانہ ہے جس کے ذریعے ہم مختلف واقعات کی ترتیب، دورانیے اور تغیرات کو سمجھتے اور ناپتے ہیں۔

## 12.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | : | معنی | : | English |
|---|---|---|---|---|
| طلوع | : | نکلنا، اگنا | : | Rise |
| محور | : | مرکز | : | Axis |
| حرارت | : | تپش | : | Temprature |
| توانائی | : | طاقت، زور | : | Force, Power |
| نظم وضبط | : | انتظام | : | Discipline |
| پیائش | : | ناپ | : | Measurement |
| طبیعیات | : | سائنس کا ایک شعبہ | : | Physics |
| انحصار | : | منحصر ہونا | : | Dependence |
| اقتصادی | : | مالی، معاشی | : | Econonimic |

| کشش ثقل | : | زمین کے کھینچنے کی طاقت | : | Gravitational Force |
|---|---|---|---|---|

## 12.5 مشقیں

مشق 1: ذیل میں دی گئی گنتی (Numbers) کو اردو حروف تہجی میں لکھیے۔

25 .......................

65 .......................

69 .......................

79 .......................

97 .......................

مشق 2: خالی جگہ کو پر کیجیے۔

i. اتوار ہفتے کا................دن ہے۔

ii. منگل کے بعد................کا دن آتا ہے۔

iii. ہفتہ (Week) کا آخری دن.................ہے۔

iv. پیر کو انگریزی میں................کہتے ہیں۔

v. Wednesday کو اردو میں...................کہتے ہیں۔

مشق 3: دیے گئے مہینوں کے نام انگریزی میں لکھیے۔

i. جنوری .....................

ii. مارچ .....................

iii. اگست .....................

iv. اکتوبر .....................

v. دسمبر .....................

مشق 4: دیے گئے سوالوں کا درست جواب لکھیے۔

i. ایک منٹ میں کتنے سیکنڈ ہوتے ہیں؟

ii. ایک قمری سال میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

iii. ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

iv. ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

v. عیسوی کیلنڈر کے مطابق "لیپ سال" کتنے سال بعد آتا ہے؟

مشق 5: صحیح جملوں کے سامنے () اور غلط کے آگے () کا نشان لگائیں۔

i. عیسوی کیلنڈر کا پہلا مہینہ اکتوبر ہوتا ہے۔

ii. ہجری کیلنڈر کا نواں مہینہ رمضان ہے۔

iii. ہفتے کا پہلا دن منگل ہوتا ہے۔

iv. ایک ہزار میں پانچ زیرو ہوتے ہیں۔

v. ایک ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔

---

## 12.6 نمونۂ امتحانی سوالات

---

### 12.6.1 معروضی سوالات:

1۔ دو عدد پر مشتمل سب سے بڑا نمبر کون ہے؟

(a) 10 (b) 91 (c) 65 (d) 99

2۔ ایک لاکھ میں کتنے صفر ہوتے ہیں؟

(a) پانچ (b) چار (c) چھے (d) تین

3۔ ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

(a) پانچ (b) سات (c) نو (d) گیارہ

4۔ ہفتے کا آخری دن کون سا ہوتا ہے؟

(a) منگل (b) پیر (c) ہفتہ (d) جمعہ

5۔ ہجری کا آخری مہینہ کون سا ہے؟

(a) ذی الحجہ (b) محرم (c) رمضان (d) جمادی الثانی

6۔ ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟

(a)بارہ (b)دس (c)اٹھارہ (d)بیس

7۔ وقت کی سب سے چھوٹی اکائی کیا ہے؟

(a)گھنٹہ (b)منٹ (c)سیکنڈ (d)ہفتہ

8۔ ایک گھنٹے میں کتنے منٹ ہوتے ہیں؟

60(a) 40(b) 50(c) 70(d)

9۔ "79" کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

(a)انہتر (b)نواسی (c)اناسی (d) ستر پر نو

10۔ "لیپ سال" کی فروری میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

28 (a) 29 (b) 30(c) 30(d)

### 12.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ گنتی کی تعریف بیان کیجیے۔

2۔ دن کی تعریف بیان کرتے ہوئے انگریزی میں ان کے نام بھی لکھیے۔

3۔ ہجری مہینوں کے نام اردو اور انگریزی دونوں میں لکھیے۔

4۔ سال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟لکھیے۔

5۔ وزن کی خصوصیات بیان کیجیے۔

### 12.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ ایک سے سو تک کی گنتی اردو اور انگریزی میں لکھیے۔

2۔ وقت کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت اور اقسام پر روشنی ڈالیے۔

3۔ اعشاریہ کی(Fractions)وضاحت کیجیے۔

12.6.1 کے جوابات: 1-d 2-a 3-b 4-c 5-a

6-a 7-c 8-a 9-c 10-b

# اکائی 13 :غذائی اجناس (اناج، دالیں، سبزیاں اور پھل)

# Foodstuffs (Cereals, Pulses Vegetables and Fruits)

## اکائی کے اجزا


13.0 تمہید

13.1 مقاصد

13.2 غذائی اجناس (اناج، دالیں، سبزیاں اور پھل)

13.2.1 اناج (Cereals)

13.2.2 دالیں (Pulses)

13.2.3 سبزیاں (Vegetables)

13.2.4 پھل (Fruits)

13.3 اکتسابی نتائج

13.4 مشکل الفاظ

13.5 مشقیں

13.6 نمونۂ امتحانی سوالات


## 13.0 تمہید

پچھلی اکائی میں آپ نے گنتی، دن مہینے، سال، وقت اور مقدار کے بارے میں پڑھا۔ اس اکائی میں آپ غذائی اجناس کے بارے میں پڑھیں گے۔ غذائی اجناس قدرت کی طرف سے ہمارے لیے ایک انمول تحفہ ہیں۔ ہوا اور پانی کے بعد انسانی زندگی کے لیے سب سے اہم چیز غذا ہے۔ غذا سے جسم کو قوت اور توانائی حاصل ہوتی ہے جو زندہ رہنے، صحت مند رہنے اور کام کرنے کے لیے ضروری ہے۔ غذائی اجناس ہمیں پودوں، درختوں اور بیلوں سے حاصل ہوتے ہیں۔ اناج، دالیں، سبزیاں اور پھل توانائی، وٹامنز اور دوسری غذائیت سے بھرپور ہوتی ہیں، جو ہماری صحت کے لیے بے حد کارآمد اور مفید ہوتی ہیں۔ اس اکائی میں ہم مختلف غذائی اجناس کے ناموں کے ساتھ ان کے اقسام اور اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔ ساتھ ہی ان کے استعمال سے ہونے والے فوائد سے بھی واقف ہوں گے۔

## 13.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اناج کے ناموں سے واقف ہو سکیں۔
- دالوں کے ناموں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- سبزیوں کی مختلف قسموں کو بتا سکیں۔
- پھلوں کے ناموں سے واقف ہو سکیں۔

## 13.2 اجناس (اناج، دالیں، سبزیاں اور پھل)

### 13.2.1 اناج (Cereals):

اناج قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے جو نہ صرف ہماری بنیادی خوراک کا حصہ ہے بلکہ اس میں صحت، توانائی اور زندگی کی بقا کے بے شمار راز پوشیدہ ہیں۔ اناج میں پروٹین، فائبر اور وٹامنز کی بڑی مقدار پائی جاتی ہے، جو جسم کو توانائی فراہم کرتی ہے اور صحت مند رکھتی ہے۔

ذیل میں چند اہم اناج کے نام درج کیے جا رہے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | گیہوں (گندم) | Gehun(Gandum) | Wheat |
| 2۔ | چاول | Chawal | Rice |
| 3۔ | مکئی | Makai | Maiz/Com |
| 4۔ | باجرہ | Bajra | Pearl |
| 5۔ | جو | Jau | Barley |
| 6۔ | رائی | Raai | Mustard Seeds |
| 7۔ | جوار | Jawar | Sorghum |
| 8۔ | چنا | Chana | Chickpea |
| 9۔ | سویابین | Soyabeen | Soyabeen |
| 10۔ | السی | Alsi | Flaxseed |
| 11۔ | کنک | Kanak | Durum Wheat |
| 12۔ | کنگنی | Kangani | Foxtal Millet |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 13۔ | راگی | Ragi | Finger Millet |
| 14۔ | مٹر | Matar | Pea |
| 15۔ | رام دانا | Raamdana | Amarnaath |
| 16۔ | تل | Til | Sesame Seeds |
| 17۔ | سانواں | Sanwan | Little Millet |

### 13.2.2 دالیں(Pulses):

دالیں (Pulses) ہماری روزمرہ کی خوراک کا ایک اہم اور غذائیت سے بھرپور جزو ہیں۔ ان میں کئی قسم کی غذائی خوبیاں پائی جاتی ہیں جو انسانی صحت کے لیے بے حد مفید ہیں۔ دالوں میں پروٹین کے ساتھ ساتھ آئرن، کیلشیم، زنک، میگنیشیم، فاسفورس، فولاد اور وٹامنز موجود ہوتے ہیں، جو جسمانی صحت کو بہتر بنانے میں مدد کرتے ہیں۔ دالیں قدرتی طور پر کم چکنائی والی اور کولیسٹرول فری ہوتی ہیں، اس لیے دل کے مریضوں کے لیے محفوظ اور مفید غذا سمجھی جاتی ہیں۔

ذیل میں چند اہم دالوں کے نام درج کیے جارہے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | چنے کی دال | Chane ki Daal | Chickpea Pulses |
| 2۔ | مسور کی دال | Masoor ki Daal | Lentil Pulses |
| 3۔ | مونگ کی دال | Moong ki Daal | Moong Pulses |
| 4۔ | ماش کی دال | Mash ki Daal | Gram Pulses |
| 5۔ | ارہر/توور کی دال | Arhar/Tuar ki Daal | Pigeon Pea Pulses |
| 6۔ | مٹر کی دال | Matar ki Daal | Pea ki Daal |

### 13.2.3 سبزیاں(Vegetables):

سبزیاں مختلف پودوں کے وہ حصے ہیں جو ہم کھاتے ہیں، جیسے ان کے پتے، جڑیں، پھول، تنا یا بیج۔ یہ وٹامنز، معدنیات (منرلز) اور فائبر سے بھرپور ہوتی ہیں، جو ہمارے جسم کو طاقت دیتے ہیں اور ہاضمے کو بہتر بناتے ہیں۔ سبزیاں دل کی بیماریوں، موٹاپے اور دیگر صحت کے مسائل سے بچانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ سبزیاں انسانی خوراک کا ایک اہم حصہ ہیں۔ یہ غذائیت سے بھرپور ہوتی ہیں۔ یہ مختلف اقسام میں پائی جاتی ہیں اور ہر ایک کی اپنی غذائی خصوصیات اور فائدے ہوتے ہیں۔

ذیل میں چند اہم سبزیوں کے نام درج کیے جا رہے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آلو | Aaloo | Potato |
| 2۔ | ٹماٹر | Tamatar | Tomato |
| 3۔ | گاجر | Gaajar | Carrot |
| 4۔ | گوبھی | Gobhi | Cabbage |
| 5۔ | پھول گوبھی | Phool Gobhi | Cauliflower |
| 6۔ | کھیرا | Kheera | Cucumber |
| 7۔ | مٹر | Matar | Pea |
| 8۔ | پیاز | Pyaz | Onion |
| 9۔ | کدو | Kaddu | Pumkin |
| 10۔ | پالک | Paalak | Spinach |
| 11۔ | پودینہ | Pudeena | Mint |
| 12۔ | بیگن | Baigan | Brinjal |
| 13۔ | مرچ | Mirch | Chilli |
| 14۔ | اروی | Arvi | Arum |
| 15۔ | بھینڈی | Bhendi | Lady's Finger |
| 16۔ | ادرک | Adrak | Ginger |
| 17۔ | لہسن | Lehsan | Garlic |
| 18۔ | کریلا | Karela | Bitter Gourd |
| 19۔ | ترائی | Turai | Ribbed Gourd |
| 20۔ | کوتمیر | Kotmeer | Coriander |
| 21۔ | شلجم | Shaljam | Turnip |
| 22۔ | سیم کی پھلی | Sem ki Phali | Bean |
| 23۔ | مولی | Mooli | Radish |
| 24۔ | چقندر | Chugandar | Beet |

### 13.2.2 پھل (Fruits):

پھل وہ خوراک ہیں جو پودوں، درختوں اور بیلوں میں پیدا ہوتے ہیں اور عموماً میٹھے یا ترش ذائقے کے ہوتے ہیں۔ یہ قدرتی طور پر وٹامنز، پانی اور فائبر سے بھرپور ہوتے ہیں، جو ہمارے جسم کی نشوونما میں مدد دیتے ہیں۔ پھل کھانے سے جسم میں پانی کی کمی پوری ہوتی ہے، قوت مدافعت (امیون سسٹم) مضبوط ہوتا ہے اور جلد تروتازہ رہتی ہے۔ مختلف اقسام کے ہوتے ہیں، جو ان کے ذائقے، بناوٹ، غذائیت اور نشوونما کے طریقے کی بنیاد پر تقسیم کیے جاتے ہیں۔

ذیل میں چند اہم پھلوں کے نام درج کیے جارہے ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آم | Aam | Mango |
| 2۔ | موز/کیلا | Mauz/Kela | Banana |
| 3۔ | سنترہ | Santra | Orange |
| 4۔ | سیب | Seb | Apple |
| 5۔ | جام/امرود | Jaam/Amrood | Guava |
| 6۔ | اناناس | Anannas | Pineapple |
| 7۔ | انار | Anaar | Pomegranate |
| 8۔ | انگور | Angoor | Grape |
| 9۔ | خربوزہ | Kharboozah | Melon |
| 10۔ | تربوز | Tarbooz | Water Melon |
| 11۔ | کھجور | Khajoor | Date |
| 12۔ | سیتا پھل | Seetaphal | Custard apple |
| 13۔ | انجیر | Anjeer | Fig |
| 14۔ | شہتوت | Shahtoot | Mulberry |
| 15۔ | ناسپاتی | Naaspati | Pear |
| 16۔ | بادام | Badaam | Almond |
| 17۔ | اخروٹ | Akhrot | Walnut |
| 18۔ | پستہ | Pista | Pistachio |
| 19۔ | کاجو | Kaju | Cashew Nut |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 20۔ | کشمش | Kishmish | Raisin |
| 21۔ | آڑو | Aadu | Peach |
| 22۔ | لیموں | Lemun | Lemon |
| 23۔ | چکوترا | Chakotra | Grapefruit |
| 24۔ | کیوی | Kiwi | Kiwi |
| 25۔ | جامن | Jamun | Java Plum / Black Plum |
| 26۔ | لیچی | Lychee | Lychee |
| 27۔ | ڈریگن فروٹ | Dragon Fruit | Dragon Fruit |
| 28۔ | ناریل | Nariyal | Coconut |
| 29۔ | کٹہل | Katahal | Jackfruit |
| 30۔ | املی | Imli | Tamarind |
| 31۔ | موسمبی | Mousambi | Sweet Lime |
| 32۔ | خوبانی | Khubani | Apricot |
| 33۔ | آلو بخارا | Alubukhara | Plum |
| 34۔ | سپوٹا | Sapota | Chiku |

## 13.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- غذائی اجناس وہ قدرتی چیزیں ہیں جن میں کچھ زمین کے اندر اور کچھ زمین کے اُوپر اگائی یا پیدا کی جاتی ہیں۔
- اجناس کو ایک اچھی غذا یا اچھی خوراک کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ان میں اناج، دالیں، سبزیاں اور پھل شامل ہوتے ہیں، جو انسانی صحت کے لیے مفید ہیں اور بہت ضروری ہیں۔
- سبزیاں اور پھل ہمیں توانائی، وٹامنز اور دوسرے غذائی اجزا فراہم کرتے ہیں جو ہماری صحت کو بہتر بناتے ہیں اور ہمیں بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں۔
- اناج اور دالیں ہماری روزانہ غذا کا اہم حصہ ہیں۔
- اناج اور دالیں انسانی جسم کی پرورش اور توانائی کے لیے ضروری ہیں۔

- سبزیاں مختلف پودوں کے وہ حصے ہیں جو ہم کھاتے ہیں، جیسے ان کے پتے، جڑیں، پھول، تنا یا بیج۔ یہ وٹامنز، معدنیات (منرلز) اور فائبر سے بھرپور ہوتی ہیں، جو ہمارے جسم کو طاقت دیتے ہیں اور ہاضمے کو بہتر بناتے ہیں۔
- میٹھے یا ترش ذائقے کے ہوتے ہیں۔ یہ قدرتی طور پر وٹامنز، پانی اور فائبر سے بھرپور ہوتے ہیں، جو ہمارے جسم کی نشوونما میں مدد دیتے ہیں۔

## 13.4 مشکل الفاظ

| الفاظ | معنی | |
|---|---|---|
| اجناس | پھل، سبزی اور غلے (چاول، گیہوں، دال وغیرہ) کی اقسام | Fruits, Vegetables and Grains (e.g., rice, wheat, pulses |
| توانائی | طاقت، قوت | Energy / Strength |
| غذا | کھانے کی چیز، جن سے بدن کی پرورش ہوتی ہے | Nourishment |
| اجزا | جزو کی جمع، حصے، ٹکڑے | Components / Parts |
| نشوونما | بڑھنا اور اگنا، پرورش پانا | Growth / Development |
| ذائقہ | مزہ | Taste / Flavor |
| قوت مدافعت | امیون سسٹم، جسم کی وہ طاقت، جو بیماری سے بچاؤ کرتی ہیں | Immunity |
| ترش | کھٹا | Sour |
| مفید | فائدے مند | Beneficial |
| وٹامن | غذائی جزو، وٹامن اے، بی، سی | Vitamin |

## 13.5 مشقیں

مشق 1: ذیل میں دی گئی سبزیوں کے نام انگریزی میں لکھیں۔

1۔ پالک .........................

2۔ بند گوبھی .........................

3۔ کریلا .........................

4۔ بھنڈی ........................

5۔ مولی ........................

مشق 2: ذیل میں دیے گئے پھولوں کے نام انگریزی میں لکھیں۔

1۔ سیب ........................

2۔ امرود ........................

3۔ موسمبی ........................

4۔ کٹہل ........................

5۔ اخروٹ ........................

مشق 3: ذیل میں دی گئی دالوں کے نام اردو میں لکھیے۔

2۔ Lentil Pulses ........................

3۔ Moong Pulses ........................

4۔ Gram Pulses ........................

5۔ Pigeon Pea Pulses ........................

6۔ Pea ki Daal ........................

مشق 4: سبزیوں کے اقسام تحت صحیح جوڑ کو ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | پتے والی سبزی | گوبھی |
| 2۔ | جڑ والی سبزی | ٹماٹر |
| 3۔ | مسالے والی سبزی | گاجر |
| 4۔ | پھول والی سبزی | پالک |
| 5۔ | پھل والی سبزی | مرچ |

مشق 5: ذیل میں دیے گئے اناج کے نام اردو میں لکھے۔

1۔ Pearl ................................

| | |
|---|---|
| 2۔ Mustard Seeds | ............................... |
| 3۔ Sorghum | ............................... |
| 4۔ Flaxseed | ............................... |
| 5۔ Foxtal Millet | ............................... |

## 13.6 نمونۂ امتحانی سوالات

### 13.6.1 معروضی سوالات:

1۔ ذیل میں سے کس کا شمار پتوں والی سبزیوں میں نہیں ہوتا؟

(a) پالک (b) میتھی (c) بند گوبھی (d) آلو

2۔ ان میں سے کون سی سبزی زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے؟

(a) آلو (b) بیگن (c) مرچ (d) سیم کی پھلی

3۔ ذیل میں سے کس کا شمار پھل والی سبزی میں نہیں ہوتا؟

(a) ٹماٹر (b) بیگن (c) شملہ مرچ (d) گاجر

4۔ کون سی سبزی مسالے کے طور پر استعمال ہوتی ہے؟

(a) پودینہ (b) ترئی (c) مرچ (d) شلجم

5۔ ذیل میں سے کون سی سبزی بیل کو لگتی ہے؟

(a) کدو (b) بند گوبھی (c) آلو (d) مولی

6۔ کس کا شمار خشک میووں (Dry Fruits) میں ہوتا ہے؟

(a) بادام (b) آم (c) امرود (d) چیری

7۔ ذیل کے کس پھل کا مزہ ترش (کھٹا) ہوتا ہے؟

(a) ناریل (b) امرود (c) چکوترا (d) پپیتا

8۔ اس میں سے کس کو میوے کی طرح نہیں کھاتے؟

(a) کشمش (b) اخروٹ (c) کاجو (d) املی

9۔ "انجیر" کا انگریزی نام کیا ہے؟

(a) Peach (b) Pear (c) Fig (d) Date

10۔ ذیل کا کون سا پھل بغیر بیج کے پیدا کیا جاتا ہے؟

(a) آڑو (b) کیلا (c) کٹہل (d) جامن

### 13.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ غذائی اجناس کے زمرے میں کون کون سی چیزیں آتی ہیں؟ لکھیے۔

2۔ انسانی زندگی میں اناج کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

3۔ سبزیوں کے فائدے کے بارے میں لکھیے۔

4۔ پھلوں کے فائدے کے بارے میں لکھیے۔

5۔ جنگلی اور نایاب پھلوں کے نام لکھیے۔

### 13.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ غذائی اجناس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں تفصیل سے لکھیے۔

2۔ دالوں کے فائدے بیان کرتے ہوئے ان کے ناموں کو لکھیے۔

3۔ دس پھلوں کے نام اردو اور انگریزی دونوں میں لکھیے۔

13.6.1 کے جوابات: 1-d 2-a 3-b 4-c 5-a

6-a 7-c 8-d 9-c 10-b

# اکائی 14: موسم (آب وہوا)

Mausam (Aab-o-Hawa)

Season (Climate)

## اکائی کے اجزا


| | |
|---|---|
| 14.0 | تمہید |
| 14.1 | مقاصد |
| 14.2 | موسم |
| 14.3 | موسم سے متعلق اصطلاحات |
| 14.4 | موسم سے متعلق کہانی / نظمیں |
| 14.5 | اکتسابی نتائج |
| 14.6 | مشقیں |
| 14.7 | نمونہ امتحانی سوالات |


## 14.0 تمہید

آپ نے غور کیا ہوگیا کہ سال کے بارہ مہینوں کے دوران چند مہینوں تک شدید گرمی ہوتی ہے پھر بارش کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، پھر چند مہینوں کے بعد سردیوں کا آغاز ہوتا ہے۔ ان تبدیلیوں کو ہم موسم (Season) کہتے ہیں۔ سال میں تین بڑے موسم ہوتے ہیں؛ (1) گرما، (2) برسات (3) سرما۔ انہیں تین موسموں کے بیچ دو چھوٹے موسم آتے ہیں، جنہیں (1) پت جھڑ اور (2) بہار کے موسم کہتے ہیں۔ موسم کا اثر Weather پر پڑتا ہے۔ کسی مقام پر مختصر مدت جیسے ایک گھنٹہ یا ایک دن کے دوران فضا میں درجہ حرارت، نمی رطوبت، ہوا کی رفتار، دھوپ، بادل یا بارش کی کو کیفیت ہوتی ہے ان سب کو ملا کر Weather کہتے ہیں۔ اردو میں Weather کو بھی موسم ہی کہتے ہیں۔ کسی مقام پر ایک طویل مدت مثلاً 30 سال تک Weather کی جو مجموعی کیفیت ہوتی ہے اس کی اوسط حالت کو کہتے Climate ہیں اردو میں Climate کو آب وہوا کہتے ہیں، اس اکائی میں ہم موسم (Season) اور آب وہوا کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

## 14.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- موسم اور آب وہوا میں فرق کر سکیں۔
- موسم کی مختلف اقسام کو جان سکیں۔
- ہندوستان کے مختلف علاقوں میں موسم میں ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔
- موسم اور آب وہوا سے متعلق الفاظ سیکھ سکیں۔

## 14.2 موسم(آب وہوا)

آب وہوا ہماری روزمرہ زندگی پر اثرانداز ہوتی ہے۔ کبھی دھوپ ہوتی ہے، کبھی بارش اور کبھی ٹھنڈ، لیکن جب ہم کسی جگہ کے طویل عرصے کے موسم کی بات کرتے ہیں، تو ہم **آب وہوا (Climate)** کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ آب وہوا ہمیں یہ بتاتی ہے کہ کسی علاقے میں عام طور پر کیسا موسم ہوتا ہے۔

آب وہوا کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں جیسے ریگستان کی آب وہوا گرم اور خشک ہوتی ہے۔ ایسی جگہوں پر بارش کم ہوتی ہے، مثلاً راجستھان۔ راجستھان میں آب وہوا گرم اور خشک ہوتی ہے۔ اسی طرح، پہاڑوں اور ٹھنڈے علاقوں میں آب وہوا سرد ہوتی ہے اور وہاں پر برف باری بھی ہوتی ہے، مثلاً ہماچل پردیش، کشمیر۔ جنگل اور سمندر کے پاس کے علاقوں میں جہاں بہت زیادہ بارش ہوتی ہے، وہاں کی آب وہوا نم (Humid) اور گرم ہوتی ہے، مثلاً کیرالا۔

آب وہوا کا ہماری زندگی پر بھی اثر پڑتا ہے۔ جب سردی ہو تو ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ اگر گرمی ہو تو ہم ہلکے کپڑے پہنتے ہیں اور ٹھنڈے شربت پیتے ہیں۔ بارش کے موسم میں ہمیں چھتری یا رین کوٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

**موسم (Season)** سال کے وہ اوقات ہوتے ہیں جن میں مخصوص قسم کا موسم ہوتا ہے۔ زمین کے سورج کے گرد گھومنے (Earth's rotation) کی وجہ سے سال میں مختلف موسم آتے ہیں۔ ان موسموں کے نام یہ ہیں:

1. گرمی(Summer)
2. برسات(Monsoon)
3. سردی(Winter)
4. بہار(Spring)
5. خزاں(Autumn)

ہندوستان ایک وسیع ملک ہے جہاں مختلف جغرافیائی علاقے پائے جاتے ہیں۔ یہ علاقے آب وہوا اور موسم پر اثر ڈالتے ہیں۔ اس

کے اہم جغرافیائی علاقوں کی درجہ بندی اس طرح کی گئی ہے۔

1. **ہمالیہ کی پہاڑیاں(Himalayas)**

- ٹھنڈی ہواؤں کو روکتی ہیں۔
- شمالی علاقوں میں برف باری لاتی ہیں۔

2. **تھار کاریگستان(Thar Desert)**

- گرم اور خشک۔
- گرمیوں میں بہت زیادہ درجہ حرارت۔

3. **ساحلی علاقے(Coastal Areas)**

- جیسے ممبئ، چنئ، کیرالا۔
- ان کا موسم معتدل (Moderate Climate) ہوتا ہے۔

4. **سطح مرتفع(Plateau Region)**

- جیسے دکن کا سطح مرتفع(Deccan Plateau) ۔
- یہاں موسم گرم اور خشک ہوتا ہے۔

5. **میدانی علاقے(Plains)**

- جیسے گنگا میدان(Ganga Plain) ۔
- گرمیوں میں گرم اور سردیوں میں سرد۔

ہندوستان میں پانچ اہم قسم کی آب وہوا پائی جاتی ہے:

1. **گرم مرطوب آب وہوا (Tropical Wet Climate)**

- اس کو monson climate بھی کہا جاتا ہے۔
- کیرالا، شمال مشرقی بھارت میں۔
- پورے سال گرم اور مرطوب۔

2. **گرم وخشک آب وہوا(Tropical Dry Climate)**

- مہاراشٹرا، مدھیہ پردیش، تمل ناڈو، کرناٹک
- گرم اور کم بارش والا علاقہ۔ سردی کے دنوں میں درجہ حرارت دن میں 29 اور رات میں 14 ڈگری سینٹی گریٹ تک ہوتا ہے۔

3. **مرطوب ذیلی استوائی(Subtropical Humid)**

- شمالی میدانی علاقے۔
- گرمی کے موسم میں بہت زیادہ گرمی ہوتی ہے اور سردی کے موسم میں درجہ حرارت صفر(zero)تک چلا جاتا ہے۔

4. **پہاڑی آب وہوا(Mountain Climate)**

- ہمالیائی علاقوں میں۔
- سرد موسم اور برف باری۔

5. **ریگستانی آب وہوا(Desert Climate)**

- راجستھان میں تقریباً ساٹھ فیصد علاقہ ریگستان ہے جس میں سے 4.56 فیصد تھار ریگستان ہے۔
- یہاں دن کو موسم شدید گرم اور رات کو ٹھنڈا ہوتا ہے۔

**ہندوستان کے اہم موسم(Main Seasons in India)**

**گرمی کا موسم – (Summer Season) مارچ سے جون**

- دن لمبے اور بہت گرم ہوتے ہیں۔
- شمالی ہند میں گرم ہوائیں (Hot winds/Loo) چلتی ہیں۔
- کپاس کے کپڑے سوتی پہنے جاتے ہیں۔
- درجہ حرارت 45°C تک پہنچ جاتا ہے۔

**برسات کا موسم – (Monsoon Season) جون سے ستمبر**

- جنوب مغربی مانسون ہوائیں (Southwest Monsoon Winds) بارش لاتی ہیں۔
- کھیتی باڑی (Agriculture) کے لیے یہ موسم بہت اہم ہے۔
- اس موسم میں کہیں کہیں سیلاب (Floods) بھی آتے ہیں۔
- کیرالا میں سب سے پہلے بارش آتی ہے۔

- یہ موسم کسانوں کے لیے بہت ضروری ہے۔ بارش سے کھیتوں کو پانی ملتا ہے۔ پانی سے فصلیں اگتی ہیں۔ اگر بارش نہ ہو تو فصلیں خراب ہو جاتی ہیں۔ اس لیے کسان بارش کا انتظار کرتے ہیں۔

### سردی کا موسم – (Winter Season) اکتوبر سے فروری

- ٹھنڈی ہوائیں شمال سے آتی ہیں۔
- شمالی علاقوں میں درجہ حرارت 5 °C سے بھی کم ہو جاتا ہے۔
- گرم کپڑے پہنے جاتے ہیں۔
- پہاڑوں میں برف باری(Snowfall)ہوتی ہے۔

### بہار – (Spring) فروری سے مارچ

- موسم خوشگوار رہتا ہے۔
- نہ زیادہ گرم نہ زیادہ ٹھنڈا۔
- پھول کھلتے ہیں۔

### خزاں – (Autumn) ستمبر تا اکتوبر

- مانسون کا اختتام۔
- درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔
- آسمان صاف ہو جاتا ہے۔

آب وہوا ہماری زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کرتی ہے۔ یہ ہمارے لباس، کھان پان، رہنے کی جگہ اور روزگار کے مواقع پر بھی اثرانداز ہوتی ہے۔

- **لباس :(Clothing)** سرد علاقوں میں گرم کپڑے، گرم علاقوں میں ہلکے کپڑے۔
- **خوراک :(Food)** گرم علاقوں میں مرچ دار اور خشک خوراک، سرد علاقوں میں گرم خوراک۔
- **مکان :(Homes)** بارش والے علاقوں میں ڈھلوانی چھت (Sloped Roof) والے گھر۔
- **روزگار :(Occupation)** کسان بارش پر انحصار کرتے ہیں، ماہی گیر سمندر کے پرسکون ہونے پر مچھلیاں پکڑنے نکلتے ہیں۔

### ماحولیاتی تبدیلی(Climate Change) کے اسباب

- آلودگی(Pollution)
- جنگلات کی کٹائی(Deforestation)
- فیکٹریوں کا دھواں
- تیل، کوئلہ وغیرہ جلانا(Fossil Fuels)

### آلودگی کے اثرات:

پچھلے کچھ سالوں میں آلودگی اور درختوں کی کٹائی کی وجہ سے آب وہوا میں تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔ اسے ہم موسمیاتی تبدیلی کہتے ہیں۔ اس کی وجہ سے زیادہ سیلاب اور خشک سالی(Drought) ہوتی ہے، درجہ حرارت میں اضافہ ہوتا ہے۔ گلیشیئرز(Glaciers) تیزی سے پگھلتے ہیں جس سے سمندر کی سطح(Sea Level) میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہمیں ہوائی آلودگی کو کم کرنا چاہیے اور آب و ہوا کا تحفظ کرنا چاہیے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم:

- زیادہ سے زیادہ پیڑ لگائیں تاکہ وہ کاربن ڈائی آکسائڈ کو جذب کریں اور آکسیجن فراہم کریں۔
- گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں کو کم کریں اور جہاں تک ممکن ہو سکے ، پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں۔ گاڑیوں میں ڈیزل، پٹرول کی جگہ سی این جی(CNG) یا سولر انرجی اور گرین انرجی کا استعمال کریں۔
- کھلے میدان میں کوڑا جلانے سے پرہیز کریں۔
- پلاسٹک کا استعمال کم سے کم کریں۔
- پانی اور بجلی بچائیں۔
- دھواں نہ دینے والے ایندھن استعمال کریں ۔

## 14.3 موسم سے متعلق اصطلاحات

| | | |
|---|---|---|
| موسم | Mausam | Season |
| آب وہوا | Aab-o-hawa | Climate |
| موسم کا حال | Mausam ka haal | Weather |
| درجہ حرارت | Darja-e-hararat | Temperature |
| نمی/رطوبت | Nami/Rutubat | Humidity |
| بارش | Baarish | Rain |
| برف | Barf | Snow |
| دھوپ | Dhoop | Sunshine |
| ہوا | Hawa | Wind |
| طوفان | Toofan | Storm |
| آندھی | Aandhi | Dust storm |
| ژالہ باری | Zhaala baari | Hailstorm |

| | | |
|---|---|---|
| Heat | Garmi | گرمی |
| Cold | Sardi | سردی |
| Autumn | Khizaan | خزاں |
| Spring | Bahaar | بہار |
| Summer | Garma | گرما |
| Winter | Sarma | سرما |
| Monsoon | Monsoon | مانسون |
| Clouds | Baadal | بادل |
| Fog | Dhund | دھند |
| Dew | Ous | اوس |
| Mist | Kohra | کہرا |
| Rainbow | Qaus-e-quzah | قوس قزح |
| Sun | Sooraj | سورج |
| Lightning | Bijli | بجلی |
| Thunder | Garaj | گرج |
| Thermometer | Tapish Paima | تپش پیما |
| Air pressure | Fazaai dabao | فضائی دباؤ |
| Drought | Khushk saali | خشک سالی |
| Flood | Sailaab | سیلاب |
| Climate change | Aab-o-hawa ki tabdeeli | آب وہوا کی تبدیلی |
| Greenhouse effect | Greenhouse asar | گرین ہاؤس اثر |
| Global warming | Aalmai hiddat | عالمی حدت |
| Rain gauge | Baarish Paima | بارش پیما |
| Strong wind | Tez hawa | تیز ہوا |
| Breeze | Narm hawa | نرم ہوا |

| | | |
|---|---|---|
| Blizzard | Barfila toofan | برفیلا طوفان |
| Drizzle | Boonda baandi | بوندا باندی |
| Barometer | Bar Paima | بارپیما |
| Compass | Qutub Numa | قطب نما |
| Sunset | Ghuroob-e-Aaftab | غروب آفتاب |
| Sunrise | Tulu-e-Aaftab | طلوع آفتاب |
| Meteorologist | Mausam ka haal batane wala | موسم کا حال بتانے والا |
| Weather map | Mausami naqsha | موسمی نقشہ |
| Atmosphere | Faza | فضا |
| Rainy region | Baarani ilaqa | بارانی علاقہ |
| Dry region | Khushk ilaqa | خشک علاقہ |
| Moderate climate | Muta'addil Aab-o-hawa | متعدل آب وہوا |
| Polar region | Qutbi ilaqa | قطبی علاقہ |
| Desert climate | Sahrai Aab-o-hawa | صحرائی آب وہوا |
| Wind pressure | Hawai dabao | ہوائی دباؤ |
| Heavy rain | Taiz baarish | تیز بارش |
| Light rain | Halki baarish | ہلکی بارش |
| Dawn | Sehar | سحر |
| Evening | Shaam | شام |
| Noon | Dopehar | دوپہر |
| Climatic effects | Aab-o-hawa ke Asraat | آب وہوا کے اثرات |
| Clear sky | Saaf Matla | صاف مطلع |
| Cloudy sky | Alood Matla abr | ابر آلود مطلع |
| Changing weather | Mutaghayyir mausam | متغیر موسم |
| Rainy season | Baarish ka mausam | بارش کا موسم |

| | | |
|---|---|---|
| Moist | Martoob | مرطوب |
| Dry | Khushk | خشک |
| Hot air | Garam hawa | گرم ہوا |
| Cold air | Sard hawa | سرد ہوا |
| Cold wave | Thandi lehr | سردی کی لہر |
| Heat wave | Garmi ki lehr | گرمی کی لہر |
| Weather forecast | Mausami peshgoi | موسمی پیش گوئی |
| Scorching sun | Tez dhoop | تیز دھوپ |
| Famine | Qaht | قحط |
| Humid atmosphere | Nami daar faza | نم دار فضا |
| Heat | Tapish | تپش |
| Freezing | Yakh basta | یخ بستہ |
| Freeze | Jamna | جمنا |
| Melt | Pighalna | پگھلنا |
| Weather changes | Mausami tabdeeliyaan | موسمی تبدیلیاں |
| UV rays | UV shua'aein | یووی شعاعیں |
| Thunder | Baadal garajna | بادل گرجنا |
| Wind speed | Hawa ki raftaar | ہوا کی رفتار |
| Wind direction | Hawa ka rukh | ہوا کا رخ |
| Feel cold | Sardi lagna | سردی لگنا |
| Feel hot | Garmi lagna | گرمی لگنا |
| Temporary weather | Aarzi mausam | عارضی موسم |
| North Pole | Qutub shumali | قطب شمالی |
| South Pole | Qutub junubi | قطب جنوبی |
| Climatology | Mausamyati science | موسمیاتی سائنس |

| | | |
|---|---|---|
| Climate zone | Aab-o-hawa ka Muntaqa | آب وہوا کا منطقہ |
| Climatic conditions | Aab-o-hawa ki halat | آب وہوا کی حالت |
| Warmth | Hararat | حرارت |
| Coolness | Thandak | ٹھنڈک |
| Sweltering weather | Tapta huwa mausam | تپتا ہوا موسم |
| Humid heat | Martoob garmi | مرطوب گرمی |
| Mild heat | Neem garm | نیم گرم |
| Mild cold | Neem sard | نیم سرد |
| Shade | Chhaon | چھاؤں |
| Walk in the sun | Dhoop mein chalna | دھوپ میں چلنا |
| Weather effect | Mausami asar | موسمی اثر |

## 14.4 موسم سے متعلق کہانی / نظمیں

ایک گاؤں میں چار دوست رہتے تھے : **علی، سارا، دادی اماں اور فرحان۔**

ہر شام وہ سب پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھتے اور زندگی کے قصے سناتے۔ ایک دن علی نے کہا،

"ہم روز ایک جیسے دن جیتے ہیں، کچھ بدلتا ہی نہیں۔"

دادی اماں مسکرائیں، "تم نے کبھی غور کیا ہے کہ **موسم کیسے بدلتا ہے**؟ وہی تو زندگی کو نیا رنگ دیتا ہے۔ موسم کے ساتھ دن بھی بدلتے ہیں۔ ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔"

پھر انہوں نے سب کو سیر کے لیے باغ میں لے چلنے کا فیصلہ کیا۔ دن گزرتے رہے۔

**گرمی کا موسم آیا۔** سورج چمک رہا تھا، دریا سکڑ رہا تھا۔ سارا نے کہا، "یہ وقت محنت کا ہے، لیکن تھوڑا تھکانے والا بھی۔"

**پھر برسات آئی۔** بارش سے کھیت لہلہا اٹھے، ندیوں میں روانی آئی۔ دادی اماں بولیں، "یہ زندگی میں تازگی لاتی ہے، پر زیادہ ہو جائے تو مصیبت (سیلاب کی شکل میں) بن سکتی ہے۔"

**پھر سردی آئی۔** سب رضائی میں دبکے بیٹھے، فرحان سوپ پیتا رہا۔ علی بولا، "یہ موسم ہمیں سکون دیتا ہے، مگر غریبوں کے لیے مشکل بھی بن جاتا ہے۔"

**پھر بہار آئی۔** درختوں پر نئے پتے، کھلتے پھول۔ سارا نے کہا، "یہ تو امید کی علامت ہے۔"

آخر میں دادی اماں بولیں، "**زندگی بھی موسموں کی طرح ہے:** کبھی گرم، کبھی ٹھنڈی، کبھی نم... لیکن ہر موسم اپنی جگہ خوبصورت ہے، بس

اسے سمجھنے کی ضرورت ہے۔"

سب دوست خاموش ہو گئے، لیکن اب ان کی خاموشی میں ایک نئی سمجھ تھی... ایک نیا احساس۔

## نظم-موسم کی بات-سرشار صدیقی

آؤ کریں موسم کی بات — سردی، گرمی اور برسات
جب سردی کا موسم آئے — سورج بھی ٹھنڈا پڑ جائے
گرمی آئے تو جائے جان — لُو سے ہو دنیا ہلکان
پھر جب آ جائے برسات — بارش برسے دن اور رات
آؤ کریں موسم کی بات — سردی، گرمی اور برسات

## نظم-برسات-اسماعیل میرٹھی

وہ دیکھو اٹھی کالی کالی گھٹا — ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا
گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی — ہوا میں بھی اک سنسناہٹ ہوئی
گھٹا آن کر مینہ جو برسا گئی — تو بے جان مٹی میں جان آ گئی
زمیں سبزے سے لہلہانے لگی — کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل — عجب بیل پتے عجب پھول پھل
ہر اک پیڑ کا یک نیا ڈھنگ ہے — ہر اک پھول کا اک نیا رنگ ہے
یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا — کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا
جہاں کل تھا میدان چٹیل پڑا — وہاں آج ہے گھاس کا بن پڑا
ہزاروں پھدکنے لگے جانور — نکل آئے گویا کہ مٹی کے پر

## نظم-گرمی کا موسم-اسماعیل میرٹھی

مئی کا آن پہنچا ہے مہینہ — بہا چوٹی سے ایڑی تک پسینا
بجے بارہ تو سورج سر پہ آیا — ہوا پیروں تلے پوشیدہ سایا
چلی لو اور تڑاقے کی پڑی دھوپ — لپٹ ہے آگ کی گویا کڑی دھوپ
زمیں ہے یا کوئی جلتا توا ہے — کوئی شعلہ ہے یا پچھوا ہوا ہے

در و دیوار ہیں گرمی سے تپتے
بنی آدم ہیں مچھلی سے تڑپتے
پرندے اڑ کے ہیں پانی پہ گرتے
چرندے بھی ہیں گھبرائے سے پھرتے
درندے چھپ گئے ہیں جھاڑیوں میں
مگر ڈوبے پڑے ہیں کھاڑیوں میں
نہ پوچھو کچھ غریبوں کے مکاں کی
زمیں کا فرش ہے چھت آسماں کی
نہ پنکھا ہے نہ ٹٹی ہے نہ کمرہ
ذرا سی جھونپڑی محنت کا ثمرہ
امیروں کو مبارک ہو حویلی
غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی

## نظم-سردی-محمد شفیع الدین نیر

سردی دھوم مچاتی آئی
کپڑے گرم پہناتی آئی
چلتی ہوا ہے فرفرفرفر
کانپتے ہیں سب تھر تھر تھر تھر
چھپ جاتا ہے سورج جلدی
لگتی ہے اس کو بھی سردی
اوس لگی باغوں‌میں پڑنے
سیر کو جائے کون اکڑنے
کمرے کے ہیں بند دریچے
پھر بھی کڑ کڑ دانتے ہیں بجتے
ہا ہا ہا ہا ہی ہی ہی ہی
ہو ہو ہو ہو سی سی سی سی
ہائے ری سردی ! ہائے ری سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دیٖ

## نظم-بہار کا موسم-محمد شفیع الدین نیر

نہ گرمیوں کا زور ہے نہ سردیوں کی مار ہے
نہ دھوپ تن پہ بار ہے نہ ٹھنڈ ناگوار ہے
ہوا بھی خوش گوار ہے نہ گرم ہے نہ سرد ہے
نہ بجلیاں نہ آندھیاں نہ ابر ہے نہ گرد ہے
ہیں سبزہ زار ان دنوں پہاڑ دشت اور بن
ہے سچ تو یوں بہار پر ہے آج کل چمن چمن
ہیں جنگلوں میں سبز سبز کھیت لہلہا رہے
عجب ادا سے جھوم جھوم کر ہیں دل لبھا رہے
فضا میں دل کشی ہی کچھ یہ آگئی ہے اب نئی
نظر پڑی جو کھیت پر تو کھیلتی چلی گئی
خزاں نے پیڑوں کے لباس پھینکے تھے اتار کر
دلہن بنا دیا انہیں بہار نے سنوار کر
چمن کے پھول دیکھ کر ہماری عقل دنگ ہے
بنفشئی سفید سرخ زرد ان کا رنگ ہے
دلوں میں ہے کچھ آج کل امنگ سی بھری ہوئی
مسرتوں کے جوش سے کلی کلی کھلی ہوئی
نکھر گئیں مہاوٹوں کی بارشوں سے پتیاں
نتھر نتھر کے صاف ہو گئیں تمام ندیاں

| | |
|---|---|
| ہیں پیڑوں میں چھپے ہوئے پرند چہچہا رہے | خدا کی شان دیکھ کر خوشی سے ہیں وہ گا رہے |
| یہ لطف دیکھ دیکھ کر زباں پہ بار بار ہے | یہ موسم بہار ہے یہ موسم بہار ہے |

## 14.5 اکتسابی نتائج

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- موسم اور آب وہوا کو سمجھنا ہماری زندگی کے لیے ضروری ہے۔ اس سے ہمیں بہتر طور پر جینے، کام کرنے، فصل اگانے اور ماحول کی حفاظت میں مدد ملتی ہے۔
- ہندوستان میں مختلف موسم اور آب وہوا پائے جاتے ہیں، جو ہمارے ملک کی خوبصورتی اور خاصیت ہیں۔ ہمیں ماحول کی تبدیلیوں سے بچنے کے لیے قدم اٹھانے چاہئیں۔
- جب ہم کسی جگہ کے طویل عرصے کے موسم کی بات کرتے ہیں، تو ہم **آب وہوا (Climate)** کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔
- آب وہوا کا ہماری زندگی پر بھی اثر پڑتا ہے۔ جب سرد ہو تو ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ اگر گرمی ہو تو ہم ہلکے کپڑے پہنتے ہیں اور ٹھنڈے مشروبات پیتے ہیں۔ بارش کے موسم میں ہمیں چھتری، چھاتا یا رین کوٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- موسم (Season) سال کے وہ اوقات ہوتے ہیں جن میں مخصوص قسم کا موسم ہوتا ہے۔ زمین کے سورج کے گرد گھومنے (Earth's rotation) کی وجہ سے سال میں مختلف موسم آتے ہیں۔ جیسے گرمی، برسات، سردی، پت جھڑ اور بہار۔
- گرمی کا موسم – (Summer Season) مارچ سے جون تک، برسات کا موسم – (Monsoon Season) جون سے ستمبر تک، سردی کا موسم – (Winter Season) اکتوبر سے فروری، بہار (Spring) کا موسم فروری سے مارچ تک اور خزاں (Autumn) کا موسم ستمبر سے اکتوبر تک ہوتا ہے۔
- اردو شاعروں نے بچوں کے لیے موسم سے متعلق بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔

## 14.6 مشقیں

مشق 1: ذیل میں دیے گئے جملوں میں صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ کشمیر کی آب وہوا گرم اور خشک ہوتی ہے۔

2۔ Weather کا مطلب ہے کسی وقت کا مخصوص موسم۔

3۔ برسات کا موسم جولائی یا اگست سے نومبر تک ہوتا ہے۔

4۔ تھار کا ریگستان ٹھنڈا اور مرطوب علاقہ ہے۔

5۔ موسم ہمارے لباس اور کھانے پینے پر اثر نہیں ڈالتا۔

6۔ نظم "گرمی کا موسم" شفیع الدین نیر نے لکھی ہے۔

7۔ نظم "برسات" کے مطابق برسات کے بعد زمین پر گھاس ختم ہو گئی۔

8۔ نظم "سردی" میں بتایا گیا ہے کہ لوگ گرمی کے کپڑے پہنتے ہیں۔

9۔ نظم "بہار" میں درختوں پر نئے پتے اور پھول کھلنے کا ذکر ہے۔

10۔ کہانی میں بتایا گیا کہ دادی اماں سب کو قلعے کی سیر کرانے لے گئیں۔

مشق 2: ذیل میں دیے گئے جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ ہندوستان میں سب سے پہلے برسات ________ میں آتی ہے۔

2۔ گرمیوں میں کپاس کے ________ پہنے جاتے ہیں۔

3۔ موسم بہار میں پھول ________ ہیں۔

4۔ مانسون ہوائیں ________ لاتی ہیں۔

5۔ سردی کے موسم میں شمالی علاقوں میں ________ ہوتی ہے۔

6۔ کہانی میں چار دوست ................. کے درخت کے نیچے بیٹھے تھے۔

7۔ بہار کی نظم کے مطابق پرندے درختوں میں چھپ کر ________ رہے ہیں۔

8۔ سردی کی نظم میں سب لوگ ________ رہے ہیں۔

9۔ برسات کی نظم میں گھٹا کے ساتھ ________ کی آہٹ کا ذکر ہے۔

10۔ نظم "گرمی کا موسم" میں کہا گیا ہے کہ مئی کے مہینے میں ________ چلتی ہے۔

مشق 3: کالم A کو کالم B سے درست طور پر جوڑیں۔

| **کالم A** | **کالم B** |
|---|---|
| راجستھان | مرطوب آب و ہوا |
| ہماچل پردیش | پہاڑی آب و ہوا |
| مدھیہ پردیش | خشک گرم آب و ہوا |
| تھار | ریگستانی آب و ہوا |
| کیرالا، ممبئی | معتدل آب و ہوا |

| کالم B | کالم A |
|---|---|
| کپکپی، رضائی، تھر تھر کانپنا | گرمی |
| پھول، ہریالی، خوشبو | برسات |
| لو، پسینہ، دھوپ | سردی |
| پتوں کا جھڑنا، زردی | بہار |
| بارش، گھٹا، ندیوں میں روانی | خزاں |

**مشق 4: ذیل میں دیے گئے الفاظ کے متبادل انگریزی الفاظ لکھیے۔**

1۔ دھوپ ........................................
2۔ ٹھنڈ ........................................
3۔ بارش ........................................
4۔ نمی ........................................
5۔ گرمی ........................................
6۔ تپش پیما ........................................
7۔ طوفان ........................................
8۔ اوس ........................................
9۔ بوندا باندی ........................................
10۔ قطب نما ........................................

**مشق 5: ذیل میں دیے سوالات کا مختصر جواب لکھیے۔**

1۔ موسم اور آب و ہوا میں کیا فرق ہے؟
2۔ بارش کس موسم میں ہوتی ہے؟
3۔ کسان موسم پر کس طرح انحصار کرتے ہیں؟
4۔ گرین ہاؤس اثر کیا ہے؟
5۔ سردی کے موسم میں لوگ کون سے کپڑے پہنتے ہیں؟
6۔ کہانی میں دادی اماں نے موسم کو کس کی طرح بتایا ہے؟

7۔ نظم "گرمی کا موسم" میں گرمی کی شدت کو کس کی طرح بتایا ہے؟

8۔ نظم "برسات" میں بارش کے بعد زمین پر کیا تبدیلی آئی؟

9۔ نظم "سردی" میں سردی کی آمد پر لوگ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

10۔ نظم "بہار" میں بہار کے موسم کی فضا کیسی بتائی گئی ہے؟

## 14.7 نمونہ امتحانی سوالات

### 14.7.1 معروضی سوالات:

1۔ گرمی کے موسم میں ہم کون سے کپڑے پہنتے ہیں؟

(a) ہلکے (b) گرم (c) اونی (d) موٹے کپڑے

2۔ بھارت میں ریگستانی آب وہوا کہاں پائی جاتی ہے؟

(a) ہماچل پردیشن (b) راجستھان (c) تلنگانہ (d) مدھیہ پردیش

3۔ ان میں سے کس کا تعلق موسم سے نہیں ہے؟

(a) گرمی (b) سردی (c) بارش (d) سیلاب

4۔ ذیل میں سے کون سا علاقہ ساحلی (Coastal) نہیں ہے؟

(a) ممبئ (b) چنئ (c) کیرالا (d) بھوپال

5۔ ذیل میں کون سا صوبہ خشک گرم آب وہوا(Tropical Dry Climate) کے تحت نہیں آتا ہے؟

(a) مہاراشٹرا (b) مدھیہ پردیش (c) کرناٹک (d) ہماچل پردیش

6۔ کون سا علاقہ دن میں شدید گرم اور رات کو ٹھنڈا رہتا ہے؟

(a) ریگستانی (b) پہاڑی (c) میدانی (d) ساحلی

7۔ شمالی ہند میں گرمی کے موسم میں.................کے کپڑے پہنے جاتے ہیں۔

(a) اون (b) کھدر (c) نائلن (d) کپاس

8۔ کسانوں کے لیے سب سے بہترین موسم کون سا ہے؟

(a) گرمی (b) برسات (c) سردی (d) خزاں

9۔ کس موسم میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں؟

(a) خزاں (b) بہار (c) بارش (d) سردی

10۔ کن علاقوں میں ڈھلوانی چھت (Sloped Roof) والے گھر بنائے جاتے ہیں؟

(a)سرد (b)گرم (c)بارش (d)ان میں سے کوئی نہیں

### 14.7.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ موسم اور آب وہوا میں کیا فرق ہے؟

2۔ بارش کا موسم کسانوں کے لیے کیوں ضروری ہے؟

3۔ سردی کے موسم پر پانچ جملے لکھیے۔

4۔ آلودگی سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کرنا ہوگا؟

5۔ ہندوستان میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟

### 14.7.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ آب وہوا کی مختلف اقسام بیان کیجیے

2۔ آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے اور کیوں؟

3۔ آب وہوا ہماری زندگی کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

14.7.1 کے جوابات: 1۔a 2۔b 3۔d 4۔d 5۔d

6۔a 7۔d 8۔b 9۔a 10۔c

# اکائی 15: گھر (گھریلو اشیا)

Ghar (Gharelu Ashiya)

اکائی کے اجزا

15.0 تمہید
15.1 مقاصد
15.2 گھر اور گھریلو اشیا(Ghar aur Gharelu ashiya)
15.2.1 گھر سے متعلق الفاظ(Ghar se mutalliq alfaaz)
15.3 اکتسابی نتائج
15.4 مشکل الفاظ
15.5 مشقیں
15.6 نمونہ امتحانی سوالات

## 15.0 تمہید

ہم سب کو رہنے کے لیے ایک پناہ گاہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم سب ایک گھر میں رہتے ہیں۔ ہمارا گھر ہماری پناہ گاہ ہے۔ جس جگہ ہم رہتے ہیں اسے گھر کہتے ہیں۔ ہم سب کسی نہ کسی گھر میں رہتے ہیں۔ پرندے اور جانور بھی اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔ گائے ایک باڑے میں رہتی ہے۔ بندر اور الو درختوں پر رہتے ہیں۔ پرندے گھونسلے بناتے ہیں تاکہ ان میں رہ سکیں اور شہد کی مکھیاں چھتے میں رہتی ہیں۔ اسی طرح ہر خاندان کا ایک گھر ہوتا ہے جہاں وہ خوشی سے رہتے ہیں۔ خاندان کے تمام افراد اپنے گھر سے محبت کرتے ہیں۔ گھر، ہمیں موسم کی سختیوں اور دوسرے خطرات سے محفوظ رکھتے ہیں۔ لہٰذا، گھر ہماری بنیادی ضرورت ہے۔ اس اکائی میں ہم گھر اور گھریلو اشیا کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

## 15.1 مقاصد

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- گھر اور گھر سے متعلق اشیا کے بارے میں جان سکیں۔

- گھر کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔
- گھر کی مختلف اقسام سے واقف ہو سکیں۔
- گھر میں آرام اور سکون کے لیے استعمال ہونے والی چیزوں سے واقف ہو سکیں۔
- گھر کے ذریعے خاندان کے باہمی تعلق کو سمجھ سکیں۔

## 15.2 گھر اور گھریلو اشیا (Ghar aur Gharelu Ashiya)

گھروں کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں، جیسے: پکا گھر اور کچا گھر۔ کچھ گھر بڑے ہوتے ہیں اور کچھ گھر چھوٹے ہوتے ہیں۔ کچھ گھر گھاس اور مٹی سے بنے ہوتے ہیں۔ ایسے گھروں کو کچا گھر کہا جاتا ہے۔ یہ گھر کمزور ہوتے ہیں۔ کچھ گھر اینٹوں، لوہے کی سلاخوں اور سیمنٹ سے بنے ہوتے ہیں۔ ایسے گھروں کو پکا گھر کہا جاتا ہے، یہ گھر بہت مضبوط ہوتے ہیں۔ کچھ گھر کئی منزلہ ہوتے ہیں۔ گھر کھلا اور ہوا دار ہونا چاہیے اور اس میں مناسب روشنی اور ہوا کا گزر ہونا چاہیے۔ گھر خاندان کے لیے کئی طرح سے مفید ہوتا ہے۔ گھر ہمیں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ ہمیں گرمی اور سردی سے اور طوفانوں سے بھی بچاتا ہے۔

گھر ہمیں دھوپ تیز ہواؤں اور بارش سے بچاتا ہے۔ یہ ہمیں چوروں اور آوارہ جانوروں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ خاندان کے افراد کو بہت سی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ خاندان کے تمام افراد ایک گھر میں آرام سے سو سکتے ہیں، کام کر سکتے ہیں اور اکٹھے رہ سکتے ہیں۔ ہم گھر کے بغیر رہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لہٰذا، گھر ہماری بنیادی ضرورت ہے۔

یہ ہمارا گھر ہے۔ ہمارے گھر میں ایک دالان، تین سونے کے کمرے، ایک دیوان خانہ، ایک سامان کا کمرہ اور ایک باورچی خانہ ہے۔ گھر کے اطراف احاطے کی دیوار ہے جس میں مشرق کی طرف پھاٹک ہے۔ احاطے کی دیوار کے ساتھ اشوکا اور سرو کے درختوں کی قطار ہے۔ پھاٹک کے اندر آنے کے بعد پہلے برآمدہ ہے۔ برآمدے سے اندر آئیں تو صحن ہے جس کے بیچ میں ایک چھوٹا سا حوض اور حوض میں ایک فوارہ ہے۔ صحن میں خوش نما اور پھول دار پودوں کے گملے ہیں۔ ہمارے مکان کا پایہ اونچا ہے۔ کمروں کا فرش سنگ مرمر کا اور چھت آر سی سی کی ہے۔ کمرے کے فرش پر قالین بچھایا گیا ہے۔ دالان میں دو تخت ہیں جن پر دری بچھا کر سفید چادر ڈال دی گئی ہے اور گاؤ تکیے لگائے گئے ہیں۔ دالان میں چھت سے خوب صورت فانوس لٹکائے گئے ہیں۔ دالان کے ایک گوشے میں شو کیس اور اس کے بازو ٹی وی ہے۔ ہمارے گھر کی دیواریں اونچی ہیں جن میں روشندان ہیں اور بڑی بڑی کھڑکیاں بھی۔ کمروں کے دروازے اور چوکھٹ ساگوان کی لکڑی کے ہیں۔ صحن میں ایک طرف سیڑھیاں ہیں جن کے ذریعہ چھت پر جاسکتے ہیں۔ دیوان خانے میں ایک طرف کرسیاں اور دوسری طرف صوفے ہیں۔ درمیان میں میز ہے جس پر خوب صورت گل دان رکھا ہے۔ ایک جانب کتابوں کی الماری ہے۔ سامان کے کمرے (Store room) میں گھریلو ضرورت کا سامان جیسے پھاوڑا، سبل، ٹوکرے، ہتھوڑی، چھلنی، آرا، کلہاڑی اور پرانا کاٹھ کباڑ رکھا ہوا ہے۔ میرے سونے کے کمرے میں ایک طرف پلنگ ہے جس کے گدے پر پلنگ پوش ہے۔ ایک جانب الماری اور پڑھنے کی میز ہے۔ سونے کے کمرے سے ملا ہوا غسل خانہ ہے جس میں ایک طرف بڑا آئینہ لگا ہے۔ ایک جانب اسٹینڈ پر شیونگ کا سامان، کنگھا اور کریم وغیرہ ہیں، دوسرے اسٹینڈ پر

ٹوتھ پیسٹ، منجن، برش، صابن وغیرہ رکھے ہوئے ہیں۔ غسل خانے میں دو نل ہیں، ایک ٹھنڈے پانی کا اور دوسرا گرم پانی کا۔امی کے کمرے میں سنگار دان اور لباس کے الماریاں ہیں۔ سنگار دان میں قد آدم آئینہ ہے۔

گھر میں میرے ساتھ والدین بھی رہتے ہیں۔ ہم سب ایک ساتھ صبح کا ناشتہ کرتے ہیں۔ دوپہر کا کھانا میں دفتر میں کھاتا ہوں اور بچے اسکول میں کھاتے ہیں۔ رات کا کھانا سب مل کر کھاتے ہیں۔ باورچی خانہ اور کھانے کا کمرہ بازو بازو ہیں۔ باورچی خانہ میں پکوان کا سامان، برتن، ہوادان، گیس کا چولہا، ہیٹر، پانی کی ٹنکی اور پکوان کے کام آنے والے دوسرے بہت سے سامان رکھے ہوئے ہیں۔ کھانے کے کمرے میں بڑی سی میز ہے جس پر ماما سلیقے سے برتن، قابیں، کٹورے، چمچے، پانی کے جگ اور گلاس لاکر رکھ دیتی ہے۔ کھانے کی میز کے پیچھے ایک جانب فریج اور اس کے بازو واٹر فلٹر ہے۔ ایک کونے میں واش بیسن لگا ہے۔ مجھے چھری کانٹے سے کھانا پسند نہیں ہے۔ چھٹی کے دن ہم سب مل کر گھر کی صفائی کرتے ہیں۔ ہر سال مکان کی مرمت، رنگ کاری اور آہک پاشی کروائی جاتی ہے۔ میرے والد کو باغبانی کا شوق ہے۔ شام کے وقت وہ پودوں کو پانی دیتے ہیں۔

### 15.2.1 گھر سے متعلق الفاظ (Ghar se mutalliq alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| گھر | Ghar | Home |
| دالان | Dalaan | Hall |
| سونے کا کمرہ | Sone ka karma | Bedroom |
| دیوان خانہ | Deewan khana | Drawing Room |
| کھانے کا کمرہ | Khane ka karma | Dining Room |
| غسل خانہ | Ghusl khana | Bathroom |
| باورچی خانہ | Bawarchi khana | Kitchen |
| سامان کا کمرہ | Samaan ka karma | Store Room |
| رکابی | Rakabi | Plate |
| ہتھوڑا | Hathoda | Hammer |
| قاب | Qaab | Dish |
| آرا | Aara | Saw |
| چھری | Churi | Knife |
| کانٹا | Kaanta | Fork |
| چولھا | Chulha | Oven |

| | | |
|---|---|---|
| Crowbar | Sabal | سبل |
| Utensils | Bartan | برتن |
| Spoon | Chamcha | چمچہ |
| Chisel | Chalni | چھلنی |
| Bowl | Katora | کٹورا |
| Scrap | Kabaad | کباڑ |
| Saucer | Tashtari | طشتری |
| Mat | Chataai | چٹائی |
| Gate | Phaatak | پھاٹک |
| Door | Darwaaza | دروازہ |
| Window | Khidki | کھڑکی |
| Bolt | Chatkhani | چٹخنی |
| Courtyard | Sahan | صحن |
| Floor | Farsh | فرش |
| Ceiling | Andarooni chat | اندرونی چھت |
| Roof | Oopri Chhat | اوپری چھت |
| Wall | Deewar | دیوار |
| Fan | Pankha | پنکھا |
| Ventilator | Roshandaan | روشن دان |
| Tap | Nal | نل |
| Stairs | Seedhiyan | سیڑھیاں |
| Threshold | Chaukhat | چوکھٹ |
| Lock | Tala/Qufl | قفل/تالا |
| Key | Kunji/Chabi | چابی/کنجی |
| Almirah | Almaari | الماری |

| | | |
|---|---|---|
| Foundation | Buniyaad/Paya | بنیاد/پایا |
| Plastering | Astarkaari | استرکاری |
| Construction | Tameer | تعمیر |
| Labour | Mazdoor | مزدور |
| Broom | Jhaadu | جھاڑو |
| Cobweb | Makdi ka jaal | مکڑی کا جال |
| Dust | Gard | گرد |
| Cleaning | Safaai | صفائی |
| Washing | Dhona | دھونا |
| Boundary Wall | Ahaata ki deewar | احاطہ کی دیوار |
| Garden | Baagh | باغ |
| Tank | Hauz | حوض |
| Corridor | Raahdaari | راہداری |
| Breakfast | Naashta | ناشتہ |
| Lunch | Dopahar ka khana | دوپہر کا کھانا |
| Supper/Dinner | Raat ka khana | رات کا کھانا |
| Drinking water | Peene ka paani | پینے کا پانی |
| Soap | Sabun | صابن |
| Towel | Taulia | تولیہ |
| Comb | Kangha | کنگھا |
| Mirror | Aaina | آئینہ |
| Dressing Table | Singhaar Mez | سنگھار میز |
| Cot | Palang | پلنگ |
| Bed | Bistar | بستر |
| Pillow | Takiya | تکیہ |

| | | |
|---|---|---|
| Vase | Guldaan | گلدان |
| Bread | Roti | روٹی |
| Fountain | Fawwara | فوارہ |
| Marble | Sang marmar | سنگ مرمر |
| Carpet | Qaleen | قالین |
| Teak | Sagwaan | ساگوان |
| Cold water | Thand pani | ٹھنڈا پانی |
| Hot water | Garm pani | گرم پانی |
| Tooth powder | Manjan | منجن |
| Wood | Lakdi | لکڑی |
| Veranda / Porch | Baraamdah | برآمدہ |
| Chimney / Fireplace | Chimni | چمنی |
| Niche / Wall recess | Taaq | طاق |
| Raised structure / Plinth | Chabutra | چبوترہ |
| Stool | Stool | اسٹول |
| Cooler | Cooler | کولر |
| Fan | Pankha | پنکھا |
| Tube light | Tube light | ٹیوب لائٹ |
| Electricity | Bijli | بجلی |
| Chandelier | Fanoos | فانوس |
| Dustbin | Kudadaan | کوڑادان |
| Broom | Jhadu | جھاڑو |
| Table cover | Maiz Posh | میز پوش |
| Gardening | Baaghbani | باغبانی |
| Repair | Marammat | مرمت |

| | | |
|---|---|---|
| درخت | Darakht | Tree |
| پودے | Paude | Plants |
| پھول | Phool | Flower |
| مہمان | Mehmaan | Guest |
| میزبان | Mezbaan | Host |
| ضیافت | Ziyafat | Feast |
| پکانا | Pakana | Cook |
| ملازم | Mulazim | Servant |
| ملازمہ | Mulazima | House-maid |
| کوڑاکرکٹ | Kooda karkat | Garbage |
| کرایہ | Kiraya | Rent |

## 15.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- ہم سب کو رہنے کے لیے ایک پناہ گاہ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- گھروں کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں۔ کچھ گھر گھاس اور مٹی سے بنے ہوتے ہیں۔ ایسے گھروں کو کچا گھر کہا جاتا ہے۔ یہ گھر کمزور ہوتے ہیں۔ کچھ گھر اینٹوں، لوہے کی سلاخوں اور سیمنٹ سے بنے ہوتے ہیں۔ ایسے گھروں کو پکا گھر کہا جاتا ہے، یہ گھر بہت مضبوط ہوتے ہیں۔
- جس طرح انسان پکے گھروں میں رہتے ہیں، اسی طرح پرندے اور جانوروں کے بھی گھر ہوتے ہیں۔ گائے باڑے میں، بندر درختوں پر، پرندے گھونسلوں میں اور شہد کی مکھی چھتے میں رہتی ہے۔
- انسان کے لیے گھر کئی اعتبار سے مفید ہے۔ یہ ہمیں خونخوار جانوروں سے تحفظ فراہم کرتا ہے اور ہمیں دھوپ، سردی، برسات اور طوفان سے بھی بچاتا ہے۔
- گھر میں دالان، سونے کے کمرے، دیوان خانہ، سامان کا کمرہ اور باورچی خانہ ہوتا ہے۔ گھر کے اطراف احاطے کی دیوار ہوتی ہے۔
- گھر کے الگ الگ کمروں کے مختلف نام ہوتے ہیں، مثلاً مہمانوں کے ٹھہرنے کے لیے گیسٹ روم، لوگوں سے ملنے جلنے کے لیے ڈرائنگ روم، ذاتی استعمال کے لیے بیڈروم۔
- گھر کی دیواریں اونچی ہوتی ہیں اور ان میں روشن دان اور کھڑکیاں لگی ہوتی ہیں تاکہ تازہ ہوا اور روشنی فراہم ہو سکے۔

- گھریلو اشیا میں کرسیاں، صوفے،، ٹیبل، گل دان، کتابوں کی الماری، سنگھار دان کا شمار کیا جاتا ہے۔
- گھر میں ایک اسٹور روم بھی ہوتا ہے جس میں گھر کی مرمت اور دیگر ضروریات کے سامان جیسے پھاؤڑا، سبل، ٹوکرے، ہتھوڑی، چھلنی، آرا، کلہاڑی اور پرانا کاٹھ کباڑ رکھا جاتا ہے۔
- بیٹھنے اور سونے کے کمرے کے علاوہ غسل خانہ بھی گھر کا لازمی جزو ہے جس میں ایک طرف بڑا آئینہ لگا ہوتا ہے۔ ایک جانب اسٹینڈ پر شیونگ کا سامان، کنگھا اور کریم وغیرہ، دوسرے اسٹینڈ پر ٹوتھ پیسٹ، منجن، برش، صابن وغیرہ رکھا جاتا ہے۔ غسل خانے میں ٹھنڈے اور گرم پانی کے نل بھی ہوتے ہیں۔ گھر میں کسی ایک کونے میں واش بیسن بھی لگا ہوتا ہے۔
- باورچی خانہ بھی گھر کا لازمی حصہ ہے۔ جس میں ناشتہ، دوپہر کا کھانا اور بچوں کا ٹفن تیار کیا جاتا ہے۔رات کا کھانا سب لوگ گھر پر ایک ساتھ ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ کر کھاتے ہیں۔
- باورچی خانہ میں پکوان کا سامان، فریج، واٹر پیوریفائر، برتن، ہوادان، گیس کا چولہا، ہیٹر، پانی کی ٹنکی اور پکوان کے کام آنے والا دوسرا بہت سا سامان ہوتا ہے۔
- کھانے کے کمرے میں میز پر برتن، قابیں، کٹورے، چمچے، پانی کے جگ اور گلاس رکھے جاتے ہیں۔

## 15.4 مشکل الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| Shelter | Panah Gaah | پناہ گاہ |
| Individuals | Afraad | افراد |
| Useful | Mufeed | مفید |
| Protection | Tahaffuz | تحفظ |
| Concept | Tasawwur | تصور |
| Line | Qataar | قطار |
| Pool | Hauz | حوض |
| Courtyard | Sehan | صحن |
| Marble | Sang-e-Marmar | سنگ مرمر |
| Chandelier | Fanoos | فانوس |
| Teakwood | Saagwaan | ساگوان |
| Painting | Rang Kaari | رنگ کاری |
| Coating with time | Aahak Paashi | آہک پاشی |

## 15.5 مشقیں

مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

1۔ فوارہ ........................................

2۔ پنکھا ........................................

3۔ دروازہ ........................................

4۔ باورچی خانہ ........................................

5۔ دیوان خانہ ........................................

مشق 2: ذیل میں دیے گئے انگریزی الفاظ کو اردو میں لکھیے۔

1۔ Home ........................................

2۔ Window ........................................

3۔ Ceiling ........................................

4۔ Stairs ........................................

5۔ Mirror ........................................

مشق 3: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ شہد کی مکھی کھونسلے میں رہتی ہے۔ (   )

2۔ پھاوڑا، سبل، ٹوکرے، ہتھوڑی، چھلنی، آرا، کلہاڑی وغیرہ سونے کے کمرے میں رکھے جاتے ہیں۔ (   )

3۔ باورچی خانہ اور کھانے کا کمرہ بازو بازو ہوتے ہیں۔ (   )

4۔ ہمارا گھر ہمیں گرمی، بارش، سردی، طوفان، چور اور جنگلی جانوروں سے محفوظ رکھتا ہے۔ (   )

5۔ لوہے کی سلاخوں اور سیمنٹ سے بنے ہوئے گھروں کو کچا گھر کہا جاتا ہے۔ (   )

مشق 4: خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ گھر میں روشنی کے لیے کھڑکیاں اور ............... لگائے جاتے ہیں۔

2۔ گھر ہمیں گرمی، بارش، سردی، طوفان، چور اور جنگلی ............... سے محفوظ رکھتا ہے۔

3۔ برآمدے سے اندر آئیں تو صحن ہے جس کے بیچ میں ایک چھوٹا سا حوض اور حوض میں ایک ............ ہے۔

4۔ کمروں کے دروازے اور چوکھٹ ساگوان کی ................. ہیں۔

5۔ چھٹی کے دن ہم سب مل کر گھر کی.................. کرتے ہیں۔

مشق 5: دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

1۔ میز ..........................................................................................

2۔ باغبانی ..........................................................................................

3۔ غسل خانہ ..........................................................................................

4۔ فرش ..........................................................................................

5۔ دروازہ ..........................................................................................

## 15.6 نمونہ امتحانی سوالات

### 15.6.1 معروضی سوالات:

1۔ بندر کہاں رہتے ہیں؟

(a) پیڑ پر (b) چھتے میں (c) گھونسلے میں (d) باڑے میں

2۔ گھر کس کے بغیر مکمل نہیں ہوتا؟

(a) قالین (b) باورچی خانہ (c) کمرہ (d) انسان

3۔ ان میں سے کون سا سامان پکے گھروں کو بنانے میں استعمال نہیں ہوتا ہے؟

(a) اینٹ (b) لوہا (c) سیمنٹ (d) گھاس

4۔ شام کے وقت والد پودوں میں کیا ڈالتے ہیں؟

(a) کھاد (b) پانی (c) مٹی (d) دوائی

5۔ بچے دوپہر کا کھانا کہاں کھاتے ہیں؟

(a) پارک میں (b) کچن میں (c) اسکول میں (d) کمرے میں

6۔ ذیل میں سے کس کا تعلق غسل خانے سے ہے؟

(a) منجن (b) برش (c) صابن (d) ہتھوڑی

7۔ پھاوڑا، سبل، ٹوکرے، ہتھوڑی وغیرہ کہاں رکھے جاتے ہیں؟

(a) ڈرائنگ روم میں (b) گیسٹ روم میں (c) بیڈروم میں (d) اسٹور روم میں

8۔ گھر ہمیں کن چیزوں سے محفوظ رکھتا ہے؟

(a)چور (b)طوفان (c)جنگلی جانور (d)ان سب سے

9۔ گھر میں احاطے کی دیوار کے ساتھ کون سے درخت لگے ہیں؟

(a)اشوکا (b)نیم (c)ساگوان (d)ببول

10۔ گھر کے دروازے اور کھڑکیاں کس پیڑ کی لکڑی سے بنے ہیں؟

(a)ببول (b)آم (c)جامن (d)ساگوان

### 15.6.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو اردو میں لکھیے:

Broom　Garden　Fountain　Gate　Drawing Room

2۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو انگریزی میں لکھیے:

غسل خانہ　چھت　دیوار　تکیہ　پلنگ

3۔ باورچی خانہ میں رکھی جانے والی پانچ چیزوں کے نام لکھیے۔

4۔ غسل خانے کی اشیا کے نام لکھیے۔

5۔ گھر میں اسٹور روم کے استعمال پر نوٹ لکھیے۔

### 15.6.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ باورچی خانہ (کچن) کا مختصر تعارف لکھیے۔

2۔ آپ اپنے ڈرائنگ روم کو سجانے کے لیے کن کن چیزوں کا استعمال کریں گے؟

3۔ "گھر ہماری بنیادی ضرورت ہے۔" اس جملے کی تفصیل بیان کیجیے۔

15.6.1 کے جوابات: 1-a　2-d　3-d　4-b　5-c

6-d　7-d　8-d　9-c　10-d

# اکائی 16: گھر سے باہر (بازار، ڈاک خانہ، ریلوے اسٹیشن، ہوائی اڈہ، بینک، دواخانہ وغیرہ)

Outdoor (Market, Post Office, Railway Station, Airport, Bank, Clinic)

اکائی کے اجزا


16.0 تمہید

16.1 مقاصد

16.2 گھر سے باہر

16.2.1 بازار

16.2.2 ڈاک خانہ

16.2.3 ریلوے اسٹیشن

16.2.4 ہوائی اڈہ

16.2.5 بینک

16.2.6 دواخانہ

16.3 اکتسابی نتائج

16.4 نمونہ امتحانی سوالات


## 16.0 تمہید

گھر ہماری زندگی کی بنیادی ضرورتوں میں سے ایک ہے، لیکن ہم اپنی روزمرہ زندگی میں اکثر کچھ عوامی مقامات پر اپنی ضروریات کے لیے جاتے ہیں، جو ہماری زندگی کا اہم حصہ ہیں۔ ان میں بازار، ڈاک خانہ، ریلوے اسٹیشن، ہوائی اڈہ، بینک اور دواخانہ بہت عام ہیں۔ بازار سے ہم خوراک، کپڑے اور روزمرہ استعمال کی اشیا خریدتے ہیں۔ ڈاک خانہ خطوط، پارسل وغیرہ بھیجنے اور وصول کرنے میں مدد دیتا ہے۔ بینک پیسے کے لین دین، تحفظ، قرض کے لین دین اور تنخواہ سے متعلق ذمہ داریوں کو سنبھالتے ہیں۔ اسی طرح، ریلوے اسٹیشن اور ہوائی اڈے ہمیں دوسرے شہروں اور ممالک سے جوڑتے ہیں۔ ان میں ہر جگہ کا ایک مخصوص مقصد اور کام ہوتا ہے۔ ہر جگہ کا کام مخصوص الفاظ اور زبان کے استعمال کا تقاضا کرتا ہے۔ ان الفاظ پر کچھ حد تک عبور حاصل کرنا ضروری ہے کیونکہ اس سے گفتگو اور باہمی رابطے میں ہمیں مدد

ملتی ہے۔ ان کی مدد سے ہم نہ صرف اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں بلکہ دوسروں کے خیالات کو بھی بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ اس اکائی میں آپ ان مقامات کے مقصد، اہمیت اور وہاں دستیاب سہولیات سے روشناس ہوں گے تاکہ گھر سے باہر کی زندگی کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔

## 16.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- گھر سے باہر انسانی زندگی میں مددگار وسائل اور اداروں سے واقف ہو سکیں۔
- بازار میں ملنے والی اشیا اور ان سے متعلق الفاظ کے ذخیرے سے آشنا ہو سکیں۔
- ڈاک گھر کی کارکردگی اور اس ہماری زندگی میں اس کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- اس بات کو سمجھ سکیں کہ ریلوے اسٹیشن اور ہوائی اڈہ کی سہولیات نے ہماری زندگی کو کس قدر آسان بنا دیا ہے۔
- بینک کی کارکردگی اور اس سے ہونے والے فوائد کو سمجھ سکیں۔
- دواخانہ (کلینک) میں استعمال ہونے والے الفاظ سے واقف ہو سکیں۔

## 16.2 گھر سے باہر (Outdoor)

### 16.2.1 بازار (Marketplace)

بازار ایک مصروف اور رنگارنگ جگہ ہوتی ہے جہاں لوگ اپنی روزمرہ کی ضرورت کی چیزیں خریدنے آتے ہیں۔ یہاں کئی دکانیں اور اسٹال ہوتے ہیں، ہر ایک پر مختلف اشیاء فروخت ہوتی ہیں۔ پھلوں کے اسٹال (Stall) پر تازہ سیب، کیلے، سنترے، انار، امرود، موسمی، چیکو، تربوز، خربوزہ، انگور اور آم دستیاب ہوتے ہیں۔ سبزیوں کے اسٹال پر ٹماٹر، پیاز، آلو، پالک، ہری مرچ، گاجر، کھیرا، چقندر وغیرہ ملتے ہیں۔ گاہک (Customer) عموماً ایک یا دو کلو پھل یا سبزیاں خریدتے ہیں۔

کرانہ کی دکان میں لوگ چاول، آٹا، چینی، چائے اور تیل جیسی چیزیں خریدتے ہیں۔ یہ سامان ترازو پر تولا جاتا ہے اور تھیلیوں میں بند کیا جاتا ہے۔ قصائی کی دکان پر بکرے اور مرغی کا گوشت دستیاب ہوتی ہے، جسے گاہک کی مرضی کے مطابق کاٹ کر پیک کیا جاتا ہے۔ بیکری (Bakery) میں تازہ ڈبل روٹی، بسکٹ، بن اور کیک (Cake) ملتے ہیں۔ بیکری کی خوشبو بہت خوشگوار ہوتی ہے۔

تمام اشیا جمع کرنے کے بعد، گاہک کیش کاؤنٹر (Cash Counter) پر جا کر بل ادا کرتا ہے۔ دکاندار کل رقم بتاتا ہے، جس کی ادائیگی کے بعد اگر ضرورت ہو تو بقایا رقم واپس کرتا ہے۔ لوگ دکاندار کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور خریدی ہوئی چیزیں لے کر واپس چلے جاتے ہیں۔ مارکیٹ کے عام الفاظ جاننا خرید و فروخت میں آسانی پیدا کرتا ہے اور روزمرہ زندگی میں اعتماد سے بات کرنے میں مدد دیتا ہے۔

## بازار سے متعلق الفاظ(Bazaar se mutalliq Alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| Market | Bazaar | بازار |
| Sale | Farokht | فروخت |
| Buy | Khareed | خرید |
| Customer | Gaahak | گاہک |
| small change | Rezgaari(chillar) | ریزگاری(چلر) |
| Article | Cheez | چیز |
| shopkeeper | Dukandaar | دکاندار |
| Rate | Bhaav/Qeemat | بھاو/قیمت |
| Rupees | Rupay | روپے |
| Defective | Kharaab | خراب |
| Costly | Mahangi | مہنگی |
| Cheap | Sasti | سستی |
| Advance | Peshgi | پیشگی |
| Account | Hisaab | حساب |
| less/short | Kam | کم |
| standard | Meayaari | معیاری |
| Weight | Wazan | وزن |
| Trust | Bharosa | بھروسہ |
| Balance | Tarazu | ترازو |
| Discount | Jhut | چھوٹ |
| Correct | Saheeh | صحیح |
| Measure | Naap | ناپ/ناپنا |
| Reasonable | Waajbi/Munasib | مناسب/واجبی |
| Wrong | Ghalat | غلط |
| Paisa | Paisa | پیسہ |
| Receive | Hasil Krna | حاصل کرنا |

| | | |
|---|---|---|
| Bargain | Mol Bhaav karna | مول بھاؤ کرنا |
| Payment | Adaaigi | ادائگی |
| too much | Bahut zyada | بہت زیادہ |
| Pure | Khaalis | خالص |
| Shopping | Khareedari | خریداری |
| Hawker | Pheri waala | پھیری والا |
| Dozen | Darjan | درجن |
| Pair | Joda | جوڑا |
| Retailer | Khurda farosh | خردہ فروش |
| Wholeseller | Thok farosh | تھوک فروش |
| Cash | Naqd | نقد |
| Credit | Udhaar | ادھار |
| Spend | Kharch karna | خرچ کرنا |
| Adulterated | Milawati | ملاوٹی |
| Price | Qeemat | قیمت |
| Wage | Ujrat | اجرت |
| Earn | Kamaana | کمانا |
| Imported | Dar aamad ki hui | درآمد کی ہوئی |
| Deal | Muaamla | معاملہ |
| Reduction | Katauti/Kami | کٹوتی / کمی |
| Business | Karobaar | کاروبار |

مشقیں:

مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

i. بازار .........................................

ii. گاہک .........................................

iii. وزن ..........................................

iv. ادھار ..........................................

v. درجن ..........................................

مشق 2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

i. پھلوں کے اسٹال پر پالک اور آلو ملتے ہیں۔ ( )

ii. کرانہ کی دکان پر آٹا اور چاول ملتا ہے۔ ( )

iii. بازار ایک مصروف اور رنگارنگ جگہ ہوتی ہے۔ ( )

iv. سامان کو ترازو پر تولا جاتا ہے۔ ( )

v. بیکری میں تازہ ڈبل روٹی اور کیک ملتے ہیں۔ ( )

مشق 3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

1۔ بازار میں لوگ اپنی..................... کی ضرورت کی چیزیں خریدنے آتے ہیں۔

2۔ ................. کے اسٹال پر تازہ سیب، کیلے، سنترے اور آم دستیاب ہوتے ہیں۔

3۔ یہ سامان............................. پر تولا جاتا ہے اور تھیلیوں میں بند کیا جاتا ہے۔

4۔ گاہک کیش کاؤنٹر پر جا کر............................................. ادا کرتا ہے۔

5۔ ............................ کی دکان پر بکرے اور مرغی کا گوشت دستیاب ہوتا ہے۔

### 16.2.2 ڈاک خانہ (Daak khana/Post Office)

ڈاک خانہ وہ جگہ ہے جہاں ہم خطوط، پارسل اور دستاویزات بھیجنے اور وصول کرنے کے لیے جاتے ہیں۔ لوگ وہاں ٹکٹیں خریدنے، لفافے (Envelope) بھیجنے یا پارسل (Parcell) وصول کرنے کے لیے آتے ہیں۔ ڈاک خانے کے باہر ایک لیٹر بکس (Letter Box) ہوتا ہے جہاں خطوط ڈالے جاتے ہیں۔ ڈاکیہ (Postman) یہ خطوط جمع کرتا ہے اور گھروں تک پہنچاتا ہے۔

ڈاک خانے کے اندر، کاؤنٹر پر ایک کلرک (Clerk) موجود ہوتا ہے جو صارفین کی رہنمائی کرتا ہے۔ ڈاک کی مختلف اقسام ہوتی ہیں، جو رفتار، حفاظت اور لاگت کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ عام ڈاک (Ordinary Post) سادہ خطوط بھیجنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ رجسٹرڈ ڈاک (Registered Post) زیادہ محفوظ ہوتی ہے اور اس کی رسید اور ٹریکنگ نمبر دیا جاتا ہے۔ تیز تر ترسیل کے لیے اسپیڈ پوسٹ (Speed Post) استعمال کی جاتی ہے، جو تیز رفتاری دوسرے شہروں یا ممالک میں پہنچتی ہے۔ اگر آپ کوئی بھاری چیز بھیجنا چاہتے ہیں تو پارسل پوسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ قیمتی اشیاء بھیجنے کے لیے انشورڈ پوسٹ (Insured Post) زیادہ محفوظ رہتی ہے۔

ڈاک خانے کی دیگر خدمات میں منی آرڈر(Money Order)، بچت کھاتے(Saving Account)، اور ڈاک خانے کی بچت اسکیمیں آتی ہیں۔ آپ یہاں سے پوسٹ کارڈ(Post Card) ، رسیدی ٹکٹ(Revenue Stamp)، ان لینڈ لیٹرز (Inland Letter) اور ایروگرامز (Aerograms) بھی خرید سکتے ہیں۔ ڈاک خانے سے متعلق الفاظ سیکھنے سے ڈاک خانہ میں درست طریقے سے بات کرنے، مناسب خدمت طلب کرنے اور ڈاک کے عمل کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

ڈاک خانہ سے متعلق الفاظ(Daak khana se mutalliq alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| Post office | Daak khana/Daak Ghar | ڈاک خانہ / ڈاک گھر |
| Post | Daak/Tappa | ڈاک /ٹپہ |
| Telegram | Taar | تار |
| Postman | Daakiya | ڈاکیہ |
| Quick | Jald | جلد |
| Delivery | Taqseem | تقسیم |
| Reach | Pahuchna | پہنچنا |
| Delay | Takheer/Der | تاخیر / دیر |
| Letter | Chitthi/Khat | چٹھی /خط |
| Postal Charges | Daak Kharch | ڈاک خرچ |
| Envelope | Lifafa | لفافہ |
| Registration | Rajistary | رجسٹری |
| Postal Stamp | Daak Tikat | ڈاک ٹکٹ |
| Receipt | Raseed | رسید |
| Revenue stamp | Raseedi Tikat | رسیدی ٹکٹ |
| Safe | Mahfooz | محفوظ |
| money order | Mani Ardar | منی آرڈر |
| post box | Daak ka sandooq | ڈاک کا صندوق |
| Address | Pata | پتہ |
| Sorting | Chhatna | چھانٹنا |

| | | |
|---|---|---|
| کھولنا/کھلا ہوا/کھلا | Kholna/khula hua/Khula | Open |
| چسپاں کرنا | Chaspan karna | Affix |
| ہوائی ڈاک | Hawai Daak | Air Mail |

## مشقیں:

**مشق 1: ذیل میں دی گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے:**

1۔ چٹھی ..........................................

2۔ ڈاکیہ ..........................................

3۔ لفافہ ..........................................

4۔ رسید ..........................................

5۔ ڈاک خرچ ..........................................

**مشق 2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے:**

1۔ ڈاک خانہ ایک خصوصی جگہ ہے۔ (    )

2۔ تیز ترسیل کے لیے عام ڈاک کا استعمال کیا جاتا ہے۔ (    )

3۔ رجسٹرڈ ڈاک عام ڈاک کے مقابلے زیادہ محفوظ ہوتی ہے۔ (    )

4۔ پوسٹ آفس میں بچت کی اسکیمیں بھی چلائی جاتی ہیں۔ (    )

5۔ قیمتی چیزوں کو بھیجنے کے لیے اسپیڈ پوسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ (    )

**مشق 3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے:**

1۔ ڈاک خانہ وہ جگہ ہے جہاں ہم.......................... بھیجنے کے لیے جاتے ہیں۔

2۔ ڈاک خانے کے باہر ایک.................. ہوتا ہے جہاں خطوط ڈالے جاتے ہیں۔

3۔ رجسٹرڈ ڈاک زیادہ محفوظ ہوتی ہے اور اس کی رسید اور............. نمبر دیا جاتا ہے۔

4۔ اگر آپ کوئی بھاری چیز بھیجنا چاہتے ہیں تو.................. کا استعمال کریں۔

5۔ قیمتی اشیاء بھیجنے کے لیے.................................. زیادہ محفوظ رہتی ہے۔

## 16.2.3 ریلوے اسٹیشن (Railway Station)

ہم سب کو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے بس یا ٹرین کی ضرورت ضرور پڑتی ہے۔ بسوں کے مقابلے میں ریل گاڑی زیادہ

کار آمد ہوتی ہے کیونکہ اس میں آرام سے طویل مسافت طے کی جا سکتی ہے اور بس کے مقابلے اس میں کرایہ کم اور سہولیات زیادہ ہوتی ہیں۔

ریلوے اسٹیشن وہ جگہ ہے جہاں ریل گاڑیاں آتی اور روانہ ہوتی ہیں۔ یہاں ہمیشہ چہل پہل اور بھیڑ رہتی ہے۔ جب ہم اسٹیشن میں داخل ہوتے ہیں تو ہمیں کئی **پلیٹ فارم(Platform)** نظر آتے ہیں جہاں مسافر اپنی ٹرین کا انتظار کرتے ہیں۔ **قلی(Coolie)** سامان اٹھانے میں مدد کرتا ہے۔ لوگ **ریزرویشن کاؤنٹر** (Reservation Counter) پر جا کر پہلے سے **ٹکٹ بک** کرواتے ہیں۔ پلیٹ فارم پر ایک **بک اسٹال(Book stall)** ہوتا ہے جہاں اخبارات، کتابیں اور رسائل ملتے ہیں۔ اسٹیشن پر **چائے کا اسٹال (Tea Stall)** بھی ہوتا ہے جہاں لوگ چائے اور ہلکی پھلکی چیزیں لیتے ہیں۔ ٹرین کے مقررہ وقت سے پہلے پہنچ جانے پر انتظار کرنے کے لیے الگ الگ قسم کے ویٹنگ روم (Waiting room) میں بیٹھ کے مسافر اپنی ٹرین کے آنے کا انتظار کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ آرام کرنے کے لیے ایک ریٹائرنگ روم(Retiring room) بھی بنا ہوتا ہے۔ ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے فُٹ اوور برج (Foot over bridge) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ بڑے اسٹیشنوں پر اس کام کے لیے لفٹ(Lift) اور اسکیلیٹر(Escalator) لگے ہوتے ہیں۔

ہر ٹرین کا مقررہ **آمد (Arrival)** اور **روانگی (Departure)** کا وقت مقرر ہوتا ہے۔ **مسافر ٹرینیں (Passenger Trains)** لوگوں کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جاتی ہیں، جبکہ مال گاڑیاں **(Goods Train)** ہر طرح کا سامان جیسے مشینری یا کوئلہ لے جاتی ہیں۔ مسافر ٹرینوں میں سلیپر(Sleeper) اور اے سی کلاس(A/C Class) کے الگ الگ درجے ہوتے ہیں۔ جب ٹرین روانہ ہونے والی ہوتی ہے تو **گارڈ(Guard)** یا **ٹرین منیجر** ایک **سیٹی (Whistle)** بجاتا ہے اور ہری جھنڈی دکھاتا ہے، تو ٹرین چلنے لگتی ہے۔ لوگ اپنی **بوگی** (Boggie) اور **سیٹ نمبر** چیک کرکے ٹرین میں **سوار (Boarding)** ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار لوگ ٹرین میں موجود **ایمرجنسی چین(Emergency Chain)** کھینچتے ہیں تاکہ وہ اچانک رک جائے۔ پلیٹ فارم سے **متعلق** الفاظ سیکھنے سے سفر کو سمجھنے اور آسانی سے بات چیت کرنے میں مدد ملتی ہے۔

ریلوے اسٹیشن سے **متعلق** الفاظ(Railway station se mutalliq Alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| ریل گاڑی | Rail gaadi | Train |
| آمد | Aamad | Arrival |
| نشست | Nashisht | Seat |
| سفر | Safar | Journey |
| سامان | Samaan | Luggage |
| منزل | Manzil | Destination |
| مسافر | Musafir | Traveller |
| کرایہ | Kiraya | Fare |

| | | |
|---|---|---|
| path/way | Raasta | راستہ |
| Security | Hifazat | حفاظت |
| Tea | Chaye | چائے |
| book seller | Kitab farosh | کتب فروش |
| Magazine | Risaala | رسالہ |
| book stall | Kitabon ki dukaan | کتابوں کی دکان |
| Information/Inquiry | Maloomaat | معلومات |
| newspaper | Akhbaar | اخبار |
| goods train | Maal gaadi | مال گاڑی |
| lodge | Qiyam gaah | قیام گاہ |
| Boarder | Sawaar hone wala | سوار ہونے والا |
| Whistle | Seeti | سیٹی |
| Announcement | Elaan | اعلان |
| Foot over bridge | Paidal Paar Pul | پیدل پارپُل |

**مشقیں:**

**مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔**

1۔ منزل ..........................................
2۔ کرایہ ..........................................
3۔ سفر ..........................................
4۔ معلومات ..........................................
5۔ مسافر ..........................................

**مشق 2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔**

1۔ بس کے مقابلے ٹرین میں کرایہ کم اور سہولیات زیادہ ہوتی ہیں۔ (   )
2۔ قلی ٹکٹ بنانے میں مدد کرتا ہے۔ (   )
3۔ ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے فُٹ اوور برج کا استعمال کیا جاتا ہے۔ (   )

4۔ پلیٹ فارم پر صرف مسافر ٹرینیں ہی آتی ہیں۔ (    )

5۔ ایمرجنسی کے دوران ٹرین روکنے کے لیے چین کھینچی کی جاتی ہے۔ (    )

مشق 3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ ہر ٹرین کی آمد (Arrival) اور روانگی (Departure) کا.............. مقرر ہوتا ہے۔

2۔ جب ٹرین روانہ ہونے والی ہوتی ہے تو گارڈ ایک..................بجاتا ہے

3۔ لوگ اپنی بوگی اور سیٹ نمبر چیک کر کے................میں سوار ہوتے ہیں۔

4۔ ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے............... کا استعمال کیا جاتا ہے۔

5۔ لوگ ریزرویشن کاؤنٹر پر جا کر پہلے سے...............بک کرواتے ہیں۔

### 16.2.4 ہوائی اڈہ (Hawai Adda/Airport):

عام انسانوں کے لیے ہوائی جہاز کا سفر انسانی تاریخ میں سب سے تیز رفتار رہا ہے۔ اس کے ذریعے ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک تک جانے کے لیے نقل و حمل کے دوسرے ذرائع کے مقابلے بہت کم وقت لگتا ہے۔ ہوائی اڈہ وہ جگہ ہے جہاں سے ہوائی جہاز (Aeroplane) پرواز کرتے اور اُترتے ہیں۔ ہوائی سفر دو طرح کا ہوتا ہے۔ پہلا اپنے ملک کے کسی ایک شہر سے دوسرے شہر تک ہے جسے ڈومسٹک سفر کہتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کو ٹکٹ کے ساتھ صرف ایک شناختی کارڈ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہوائی سفر کی دوسری قسم بین الاقوامی ہوتی ہے جو ایک ملک سے دوسرے ملک تک کا ہوتا ہے اس میں ٹکٹ کے ساتھ پاسپورٹ کا ہونا لازمی ہے۔

ہوائی اڈہ پہنچنے پر آپ بابِ داخلہ (Entry Gate) پر اپنا شناختی کارڈ (ID Card) اور ٹکٹ دکھاتے ہیں۔ اس کے بعد آپ چیک اِن کاؤنٹر (Check-in Counter) پر جاتے ہیں۔ یہاں آپ اپنا سامان (بیگ اور سوٹ کیس) ہوئی جہاز کے عملے کو دیتے ہیں۔ وہ اسے تولتے ہیں اور آپ کو بورڈنگ پاس (Boarding Pass) دیتے ہیں۔ بورڈنگ پاس پر آپ کی فلائٹ نمبر، سیٹ نمبر اور بورڈنگ گیٹ (Boarding Gate) کا نمبر ہوتا ہے۔ چیک اِن کے بعد آپ حفاظتی جانچ (Security Check) سے گزرتے ہیں۔ آپ کے بیگ اسکیان (Scan) کیے جاتے ہیں اور آپ خود سکینر سے گزرتے ہیں۔ پھر آپ انتظار گاہ (Waiting Lounge) میں انتظار کرتے ہیں۔ جب آپ کی فلائٹ کا وقت ہو آتا ہے تو آپ بورڈنگ گیٹ پر جاتے ہیں، اپنا بورڈنگ پاس دکھاتے ہیں اور جہاز کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔ آپ جہاز میں داخل ہو کر اپنی سیٹ تلاش کرتے ہیں۔ ایئر ہوسٹس (Airhostess) آپ کی مدد کرتی ہے اور سیفٹی بیلٹ (Safety belt) اور دیگر حفاظتی ہدایات بتاتی ہے۔ ہوائی جہاز میں پائلٹ (Pilot) کے علاوہ ہوائی عملے کے لوگ (Crew Members) بھی ہوتے ہیں۔ ہوائی اڈے پر لگے ہوئے سائن بورڈز (Sign Boards) اور اعلانات (Announcements) مسافروں کو ان کے جہاز تک پہنچنے میں مدد کرتے ہیں۔

ہوائی اڈہ سے متعلق الفاظ(Hawai adda se mutalliq alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| Airport | Hawai Adda | ہوائی اڈا |
| Flight | Parwaaz | پرواز |
| Passport | Passport | پاسپورٹ |
| Boarding Pass | Boarding Pass | بورڈنگ پاس |
| Check-in Counter | Check-in Counter | چیک اِن کاؤنٹر |
| Luggage | Samaan | سامان |
| Transportation | Naql-o-Haml | نقل وحمل |
| Security Check | Hifazati Jaanch | حفاظتی جانچ |
| Scanner | Scanner | اسکینر |
| Boarding Gate | Boarding Gate | بورڈنگ گیٹ |
| Seat | Seat | نشست / سیٹ |
| Air Hostess | Fizai Mezbaan | فضائی میزبان |
| Waiting Lounge | Inatazaar gaah | انتظار گاہ |
| Departure | Rawaangi | روانگی |
| Arrival | Aamad | آمد |
| ID Card | Shinakhti Card | شناختی کارڈ |
| Baggage Tag | Samaan ka Tag | سامان کی پرچی |
| Travel | Safar | سفر |
| Customs | Samaan ki jaanch | سامان کی جانچ |
| Immigration | Dakhili Ijaazat | داخلی اجازت |

مشقیں:

مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

1۔ پرواز ........................................

2۔ پاس پورٹ ..........................................

3۔ بورڈنگ ..........................................

4۔ روانگی ..........................................

5۔ سامان ..........................................

مشق2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ ہوائی اڈہ سے ہوائی جہاز (Aeroplane) پرواز کرتے اور اُترتے ہیں۔ (   )

2۔ اپنے ہی ملک میں ایک شہر سے دوسرے شہر تک ہوائی سفر کو بین الاقوامی سفر کہتے ہیں۔ (   )

3۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانے کے لیے پاسپورٹ کا ہونا لازمی ہے۔ (   )

4۔ چیک ان کے بعد مسافر سیکیورٹی چیک سے گزرتے ہیں۔ (   )

5۔ سامان کو اسکین (Scain) کیے بغیر ہوائی جہاز میں رکھ دیا جاتا ہے۔ (   )

مشق3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ ایک شہر سے دوسرے شہر تک کا ہوائی سفر............ کہلاتا ہے۔

2۔ ہوائی جہاز میں سفر کرنے کے لیے ٹکٹ کے ساتھ ساتھ.................. کی ضرورت ہوتی ہے۔

3۔ چیکنگ کاؤنٹر پر سامان جمع کرنے کے بعد.................. پاس ملتا ہے۔

4۔ انتظار کرنے کے لیے مسافر.................. میں بیٹھتے ہیں۔

5۔ جہاز میں سوار ہونے کے بعد................ حفاظتی ہدایات دیتی ہیں۔

### 16.2.5 بینک (Bank):

بینک ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم اپنے پیسے کو محفوظ رکھتے ہیں۔ لوگ مختلف کاموں کے لیے بینک جاتے ہیں، جیسے کہ اکاؤنٹ کھلوانا، رقم جمع (Deposit) کروانا یا نقد رقم نکالنا (Withdraw)۔ بینک کے اکاؤنٹس کی دو اہم اقسام ہوتی ہیں – بچت کھاتہ (Saving Account) اور کرنٹ اکاؤنٹ (Current Account) یا چالو کھاتہ۔ سیونگ اکاؤنٹ عام لوگوں کے لیے ہوتا ہے تاکہ وہ اپنی بچت رکھ سکیں، جبکہ کرنٹ اکاؤنٹ زیادہ تر کاروباری (Business) لوگوں کے لیے ہوتا ہے۔

بینک کے اندر، ایک کلرک یا بینک افسر صارفین (Customers) کی مدد کرتا ہے۔ ہم ڈپازٹ سلپ بھر کر رقم اپنے اکاؤنٹ میں جمع کرواتے ہیں، اور وڈرال سلپ بھر کر رقم نکلواتے ہیں۔ ہم اے ٹی ایم کارڈ استعمال کر کے اے ٹی ایم مشین سے بغیر بینک گئے رقم نکال سکتے ہیں۔

بینک ہمیں چیک بُک(Cheque Book)، پاس بُک(Passbook) اور آن لائن بینکنگ(Online Banking) کی سہولیات بھی فراہم کرتے ہیں۔ نیٹ بینکنگ(Net Banking) کے ذریعے ہم رقم منتقل(Money Transfer) کر سکتے ہیں یا اپنے کھاتے میں موجود رقم کو موبائل یا کمپیوٹر سے چیک کر سکتے ہیں۔ بینک مکان کے لیےHome loan، تعلیم کے لیے Educational loan، کار کے لیےCar loanاور کاروبار کے لیےBusiness loan بھی دیتے ہیں۔

بینک سے متعلق الفاظ(Bank se mutalliq alfaaz):

| | | |
|---|---|---|
| Money | Paise/Raqam | پیسے، رقم |
| Disbursement | Taqseem | تقسیم |
| Bankrupt | Deewaliya | دیوالیہ |
| Coin | Sikke | سکے |
| To Count | Gin-na | گننا |
| Torn | Phate | پھٹے |
| Counting | Ginti | گنتی |
| Manager | Manager | منیجر |
| Exchange | Tabaadla | تبادلہ/مبادلہ |
| Cashier | Khazanchi | خزانچی |
| Cheque Book | Cheque Book | چیک بک |
| Settle | Chukta karna | چکتا کرنا |
| Expenditure | Kharch | خرچ |
| Saving | Bachat | بچت |
| Identification | Shinakht | شناخت |
| Accountant | Muhasib | محاسب |
| Pass book | Passbook | پاس بک |
| Receipt | Raseed | رسید |
| Signature | Dastkhat | دستخط |
| Account | Khaata | کھاتہ |

| | | |
|---|---|---|
| Withdraw | Nikalna | نکالنا |
| Deposit | Jama karna | جمع کرنا |
| Security | Hifazat | حفاظت |
| Closed | Band | بند |
| Holiday | Chutti | چھٹی |
| Holiday | Tateel | تعطیل |
| Debit | Minhaai | منہائی |
| Loan | Qarz | قرض |
| Joint Account | Mushtarka Khata | مشترک کھاتہ |
| Interest | Sood | سود |
| Surety | Zamanat | ضمانت |

مشقیں:

مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

1۔ قرض .........................................

2۔ کھاتہ .........................................

3۔ سود .........................................

4۔ ضمانت .........................................

5۔ رقم .........................................

مشق 2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ بینک میں ہم اپنے پیسے کو محفوظ رکھتے ہیں۔ (    )

2۔ سیونگ اکاؤنٹ عام لوگوں کے لیے ہوتا ہے۔ (    )

3۔ ڈپازٹ سلپ بھر کر ہم اپنے اکاؤنٹ سے پیسہ نکالتے ہیں۔ (    )

4۔ نیٹ بینکنگ کے ذریعے ہم صرف اپنے کھاتے میں جمع رقم دیکھ پاتے ہیں۔ (    )

5۔ بینک تعلیم اور مکان کے لیے قرض دیتا ہے۔ (    )

مشق 3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ .................ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم اپنے پیسے کو محفوظ رکھتے ہیں۔

2۔ کرنٹ اکاؤنٹ زیادہ تر........................لوگوں کے لیے ہوتا ہے۔

3۔ ہم................سلپ بھر کر بینک سے رقم نکلواتے ہیں۔

4۔ ہم................کارڈ استعمال کر کے.............مشین سے بغیر بینک میں جائے رقم نکال سکتے ہیں۔

5۔ ہم اپنے کھاتے میں موجود................کو موبائل یا کمپیوٹر سے چیک کر سکتے ہیں۔

### 16.2.6 دواخانہ(Dawakhana):

ہم لوگوں کو کبھی نہ کبھی اپنی صحت کی خرابی کی وجہ سے ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا ہے۔ ڈاکٹر عام طور پر اسپتالوں میں ہوتے ہیں یا کلینک میں۔ کلینک اسپتال سے چھوٹا ہوتا ہے اور چھوٹی موٹی بیماریوں کے لیے ہم یہاں ڈاکٹر سے ملتے ہیں۔ کلینک ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم اس وقت جاتے ہیں جب ہم بیمار ہوں یا طبیعت ٹھیک نہ ہو۔ ہم کلینک میں ڈاکٹر سے ملتے ہیں جو ہماری صحت کی جانچ کرتے ہیں اور ہمیں دوا دیتے ہیں تاکہ ہم بہتر محسوس کریں۔ کلینک میں داخل ہوتے ہی ہم سب سے پہلے ریسپشن پر جاتے ہیں۔ وہاں موجود ریسپشنسٹ ہمارا نام پوچھتا ہے اور ہمیں ایک ٹوکن یا نمبر دیتا ہے۔ اس کے بعد ہم انتظار گاہ میں بیٹھ کر اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں۔

جب ہماری باری آتی ہے تو ہم معائنے کے کمرے میں جاتے ہیں۔ ڈاکٹر ایک اسٹیتھسکوپ کے ذریعے دل کی دھڑکن سنتے ہیں، یا تھرمامیٹر سے ہمارا درجہ حرارت چیک کرتے ہیں۔ وہ ہماری تکلیف یا بیماری کے بارے میں سوالات کرتے ہیں اور ہمیں دوا کا پرچہ لکھ کر دیتے ہیں۔ کبھی کبھار، ڈاکٹر ہمیں کچھ ٹیسٹ جیسے بلڈ ٹیسٹ یا ایکس رے کروانے کا مشورہ دیتے ہیں، جو کلینک کی لیبارٹری میں ہوتے ہیں۔ پرچہ لے کر ہم فارمیسی یا میڈیکل اسٹور سے دوا خریدتے ہیں۔ بیماری سے نجات پانے کے لیے کلینک جانا ضروری ہوتا ہے۔

**کلینک سے متعلق الفاظ(Clinic se mutalliq alfaaz):**

| | | |
|---|---|---|
| دواخانہ / کلینک | Dawakhana / Clinic | Clinic |
| ڈاکٹر | Doctor | Doctor |
| ریسپشنسٹ | Receptionist | Receptionist |
| ٹوکن / نمبر | Token | Token |
| انتظار گاہ | Intazaargaah | Waiting Area |
| معائنے کا کمرہ | Muayne ka kamra | Check-up Room |
| تھرمامیٹر | Thermometer | Thermometer |

| | | |
|---|---|---|
| درجہ حرارت | Darja e Hararat | Temperature |
| تکلیف/درد | Takleef/Dard | Pain |
| دوا | Dawa | Medicine |
| نسخہ/پرچہ | Nuskha/Parcha | Prescription |
| ادویات کی دکان | Adwiyaat ki dukaan | Pharmacy |
| تجربہ گاہ | Tajurbagaah | Laboratory (Lab) |
| بلڈ ٹیسٹ | Lab test | Lab test |
| ایکس رے | X-ray | X-ray |

## مشقیں:

### مشق 1: ذیل میں دیے گئے اردو الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

1۔ ڈاکٹر ..........................................
2۔ دوا ..........................................
3۔ تھرمامیٹر ..........................................
4۔ نسخہ ..........................................
5۔ ایکس رے ..........................................

### مشق 2: جملوں کو پڑھ کر صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ ہم کلینک میں اس وقت جاتے ہیں جب ہم بالکل ٹھیک ہوتے ہیں۔ (    )
2۔ کلینک میں داخل ہونے پر ہم سب سے پہلے ریسپشن پر جاتے ہیں۔ (    )
3۔ ڈاکٹر ایک اسٹیتھسکوپ کے ذریعے بخار چیک کرتے ہیں۔ (    )
4۔ پرچہ لے کر ہم فارمیسی یا میڈیکل اسٹور سے دوائی خریدتے ہیں۔ (    )
5۔ انتظار گاہ میں بیٹھنے سے قبل ہم ٹوکن لیتے ہیں۔ (    )

### مشق 3: خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

1۔ ہمیں اپنی صحت کی خرابی کی وجہ سے ..................کے پاس جانا پڑتا ہے۔
2۔ ڈاکٹر ہمیں........................ دیتے ہیں تاکہ ہم بہتر محسوس کریں۔

3۔ کلینک کی...............میں بیٹھ کر اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں۔

4۔ ڈاکٹر.................سے ہمارا درجہ حرارت چیک کرتے ہیں۔

5۔ بلڈ ٹیسٹ...................میں کیا جاتا ہے۔

## 16.3 اکتسابی نتائج

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ نے درج ذیل باتیں سیکھیں:

- بازار میں مختلف طرح کی دکانیں ہوتی ہیں جن سے ہم اپنی ضروریات کے بہت سے سامان خرید سکتے ہیں۔ مثلاً پھلوں کی دکان سے موسمی پھل اور سبزیوں کی دکان پر مختلف قسم کی سبزیاں ملتی ہیں۔ کرانہ کی دکان سے رسوئی کے استعمال کا سامان چاول، تیل، چینی وغیرہ ملتا ہے۔
- ڈاک خانہ سے ہم اپنے خطوط اور پارسل کو بھیج سکتے ہیں۔ڈاک خانے کا ڈاکیہ دوسرے مقامات سے آنے والی ڈاک کو لوگوں کے گھروں تک پہنچاتا ہے۔ڈاک خانے میں خطوط اور پارسل کے علاوہ بچت خاتہ بھی کھولا جاتا ہے۔اس کے علاوہ پوسٹ کارڈز اور رسیدی ٹکٹ بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔
- ریلوے اسٹیشن وہ جگہ ہے جہاں ریل گاڑیاں آتی اور روانہ ہوتی ہیں۔پلیٹ فارم پر ٹکٹ بکنگ کی سہولت بھی ہوتی ہے۔اس کے علاوہ کتب فروش اور چائے فروش بھی ہوتے ہیں۔ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے پُل اور لفٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔بڑے اسٹیشنوں پر اس کام کے لیے لفٹ اور اسکیلیٹر لگے ہوتے ہیں۔
- ایک مقام سے دوسرے مقام تک کی مسافت کو کم سے کم وقت میں طے کرنے کے لیے ہم ہوائی جہاز کا سفر کرتے ہیں۔ جس طرح ریل گاڑی کے لیے پلیٹ فارم بنے ہوتے ہیں اسی طرح ہوائی جہاز کے لیے ہوائی اڈے بنائے جاتے ہیں۔ ان میں ہر طرح کی سہولت ہوتی ہے۔ انتظار گاہ، ریستوراں، کیفے، ہوٹل اور تمام وہ سہولیات جو انسان کی ضروریات میں شامل ہیں۔ ہوائی جہاز میں خدمت کرنے والی خواتین کو ایئر ہوسٹس کہتے ہیں اور ہوائی جہاز اڑانے والے کو پائلٹ کہا جاتا ہے۔
- بینک ہماری زندگی جزو لازم ہے۔ اس میں اپنی جمع کی ہوئی رقم کو حفاظت کے لیے رکھتے ہیں۔بینک میں دو طرح کے اکاؤنٹ کھلے جاتے ہیں۔بچت کھاتا اور کرنٹ کھاتا۔ بچت کھاتا عام لوگوں کے لیے ہوتا ہے جبکہ کرنٹ کھاتا کاربار کی غرض سے کھلوایا جاتا ہے۔بینک ہماری ضرورت کے مطابق کار، گھر اور کاروبار کے لیے قرض بھی دیتا ہے جسے لون(Loan) کہتے ہیں۔
- جب ہم بیمار ہوتے ہیں ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں۔ ڈاکٹر کلینک یا اسپتال میں ملتے ہیں۔ اسپتال کلینک کے مقابلے بڑے ہوتے ہیں۔ کلینک میں ڈاکٹر کے پاس جانچ کرنے کے بنیادی آلات ہوتے ہیں۔ کلینک میں ڈاکٹر پرچہ پر دوا کا نام لکھ کر دیتا ہے جس کو فارمیسی (دواخانہ) سے حاصل کیا جاتا ہے۔

## 16.4 نمونہ امتحانی سوالات

### 16.4.1 معروضی سوالات:

1۔ ان میں سے کس جگہ پر سب سے زیادہ بھیڑ ہوتی ہے؟

(a) کلینک (b) کلاس روم (c) بازار (d) بینک

2۔ ان میں سے کون سی چیز پھلوں کی دکان پر نہیں ملتی؟

(a) آلو (b) سیب (c) کیلا (d) انار

3۔ بسکٹ، کیک اور ڈبل روٹی کہاں بنتے ہیں؟

(a) بینک میں (b) بیکری میں (c) کلینک میں (d) ڈاک گھر میں

4۔ تیز تر سیل کے لیے کس پوسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) آرڈنری پوسٹ (b) رجسٹرڈ پوسٹ (c) نشورڈ پوسٹ (d) اسپیڈ پوسٹ

5۔ ذیل میں کس کا تعلق پوسٹ آفس سے ہے؟

(a) پاس بُک (b) ڈاک ٹکٹ (c) جھنڈی (d) چاول

6۔ ریلوے اسٹیشن پر سامان اٹھانے میں کون مدد کرتا ہے؟

(a) ٹی ٹی ای (b) قلی (c) گارڈ (d) دکان دار

7۔ ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے کس کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) لفٹ (b) اسکیلیٹر (c) فٹ اوور برج (d) ان سبھی کا

8۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ میں کس کا تعلق ہوائی اڈہ سے نہیں ہے؟

(a) پاسپورٹ (b) سیٹی (c) بورڈنگ پاس (d) ایئر ہوسٹس

9۔ کاروباری لوگوں کے لیے بینک میں کون سا اکاؤنٹ کھولا جاتا ہے؟

(a) سیونگ اکاؤنٹ (b) سیلری اکاؤنٹ (c) کرنٹ اکاؤنٹ (d) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ اسٹیتھسکوپ کا کام ہے۔

(a) بخار چیک کرنا (b) ایکسرے نکالنا (c) خون کی جانچ کرنا (d) دل کی دھڑکن سننا

### 16.4.2 مختصر جوابات کے حامل سوالات:

1۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو انگریزی میں لکھیے۔

لون، اسکینر، ٹکٹ، مارکیٹ، کلینک

2۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو اردو میں لکھیے:

Customer, Postman, Journey, Saving, Account

3۔ ذیل میں دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

گاہک، ڈاک، وٹینگ روم، کرومبرس، پاس بُک

4۔ ڈاک خانہ کے استعمال پر پانچ جملے لکھیے۔

5۔ ہم کلینک میں کیوں جاتے ہیں؟

### 16.4.3 طویل جوابات کے حامل سوالات:

1۔ ہوئی اڈہ کے بارے میں آپ کیا جاتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

2۔ بازار کے بارے میں بتاتے ہوئے اس مختلف دکانوں پر ملنے والے اشیا کی اقسام بھی بیان کیجیے۔

3۔ ہماری زندگی میں بینک کی اہمیت بیان کرتے ہوئے بینک سے متعلق کم سے کم دس الفاظ لکھیے۔

16.4.1 کے جوابات: 1-c 2-a 3-b 4-d 5-b

6-b 7-d 8-b 9-c 10-d

# نمونۂ امتحانی پرچہ

نشانات : ۷۰ Marks: 70　　　　وقت: 3 گھنٹے Time :3hours

ہدایات :

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہیں۔

1۔ حصہ اول میں 10لازمی سوالات ہیں، جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ہر سوال کے لیے 1نمبر مختص ہے۔ **(1x10= 10Marks)**

2۔ حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں، ان میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہر سوال کے لیے 6نمبرات مختص ہیں۔ **(5x6=30 Marks)**

3۔ حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں، ان میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہر سوال کے لیے 10نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10=30 Marks)**

## حصہ اول

سوال 1۔

(i) دیے گئے حروف سے بنایا گیا کون سا لفظ صحیح ہے؟

خ + ر + گ + و + ش

(a) گوش رخ　(b) شوخ رگ　(c) خرگوش　(d) ورگ خش

(ii) ذیل میں سے کون ہکاری آواز نہیں ہے؟

(a) بھ　(b) دھ　(c) نہ　(d) چھ

(iii) لفظ "اُس" میں لگے اعراب کا نام کیا ہے؟

(a) زبر　(b) زیر　(c) الٹا پیش　(d) پیش

(iv) الگ الگ حروف والے لفظ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مرکب　(b) مفرد　(c) دونوں　(d) ان میں سے کوئی نہیں

(v) ذیل میں سے مرکب الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔

(a) آزادی (b) لباس (c) اداس (d) دوات

(vi) ذیل کا کون سا جملہ تین الفاظ پر مشتمل ہے؟

(a) اردو میٹھی زبان ہے۔ (b) موہن اچھا لڑکا ہے۔ (c) ہم ایک ہیں۔ (d) تم آئے۔

(vii) دل کی انگریزی کیا ہے؟

(a) Brain (b) Skin (c) Liver (d) Heart

(viii) ایک لاکھ میں کتنے صفر ہوتے ہیں؟

(a) پانچ (b) سات (c) تین (d) چھے

(ix) ذیل میں سے کون سی سبزی بیل پر لگتی ہے؟

(a) کریلا (b) گوبھی (c) آلو (d) بھنڈی

(x) کس موسم میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں؟

(a) بہار (b) خزاں (c) بارش (d) گرمی

## حصہ دوم

2۔ اضافت کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

3۔ مفرد اور مرکب الفاظ کے فرق کو واضح کیجیے۔

4۔ تین الفاظ پر مشتمل دس جملے لکھیے۔

5۔ اپنی پسند کا ایک لطیفہ لکھیے۔

6۔ ہجری مہینوں کے نام اردو اور انگریزی دونوں زبان میں لکھیے۔

7۔ سبزیوں کے فائدے کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

8۔ موسم اور آب ہوا کے فرق کو واضح کیجیے۔

9۔ باورچی خانہ میں استعمال ہونے والی چیزوں کے نام لکھیے۔

## حصہ سوم

10۔ طویل اور مرکب جملوں کی مدد سے ایک حکایت لکھیے۔

11۔ خاص موقعوں کے جملے سے کیا مراد ہے؟ لکھیے۔

12۔ ایک سے سو تک کی گنتی اردو اور انگریزی میں لکھیے۔

13۔ غذائی اجناس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

14۔ "گھر ہماری بنیادی ضرورت ہے۔" اس موضوع پر ایک مضمون لکھیے۔

## اہم نکات

## اہم نکات